# THE
# SENATE OF PAKISTAN
# DEBATES

***OFFICIAL REPORT***

Monday, the June 15, 2026
(362nd Session)
Volume XI, No. 03
(Nos.)

*Printed and Published by the Senate Secretariat, Islamabad*

Volume XI SP.XI(01)/2025
No. 03 15

# Contents

1. Recitation from the Holy Quran ........ 1
2. Recitation of Naat ........ 1
3. Leave of Absence ........ 2
4. Motion under Rule 263 moved for dispensation of rules ........ 3
5. Consideration of [The Pakistan Telecommunication (Re-organization) (Amendment) Bill, 2026] ........ 5
6. General Discussion on the Finance Bill 2026-27 ........ 6
   - Senator Raja Nasir Abbas (Leader of the Opposition) ........ 6
   - Senator Sherry Rehman ........ 17
   - Senator Mohisn Aziz ........ 24
   - Senator Shahadat Awan ........ 29
   - Senator Jan Muhammad ........ 32
   - Senator Dilawar Khan ........ 36
   - Senator Dilawar Khan ........ 36
   - Senator Sarmad Ali ........ 39
   - Senator Faisal Javed ........ 44
   - Senator Dr. Afnan Ullah Khan ........ 51
   - Senator Aon Abbas ........ 56
   - Senator Nasir Mehmood ........ 62
   - Senator Aimal Wali khan ........ 65
   - Senator Kamran Murtaza ........ 73

**SENATE OF PAKISTAN**

**SENATE DEBATES**

Monday, the June 15, 2026

The Senate of Pakistan met in the Senate Hall (Parliament House) Islamabad at forty minutes past twelve in the afternoon with Mr. Chairman (Senator Syed Yousaf Raza Gilani) in the Chair.

----------------

## Recitation from the Holy Quran

اَعُوْذُبِاللّٰهِ مِنَ الشَّيْطٰنِ الرَّجِيْمِ۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ۔

اِنَّ هٰذَا الْقُرْاٰنَ يَهْدِيْ لِلَّتِيْ هِيَ اَقْوَمُ وَيُبَشِّرُ الْمُؤْمِنِيْنَ الَّذِيْنَ يَعْمَلُوْنَ الصّٰلِحٰتِ اَنَّ لَهُمْ اَجْرًا كَبِيْرًا ﴿۹﴾

ترجمہ: یہ قرآن عظیم الشان وہ رستہ دکھاتا ہے جو سب سے زیادہ سیدھا ہے اور اچھے اعمال کرنے والے مومنوں کو خوشخبری دیتا ہے کہ ان کے لیے اللہ کے ہاں اجر عظیم تیار ہے۔ سورۃ بنی اسرائیل (آیت نمبر ۹)

## Recitation of Naat

میرے ورد لب ہے بنی نبی ﷺ میرا دل مقام حبیب ہے
میں مریض حب رسول ہوں وہ حبیب میرا طبیب ہے
میرے ورد لب ہے بنی نبی ﷺ
میرا اس ولا سے ہے رابطہ جہاں سائیہ شہہ انبیا
جہاں رحمتوں کا نزول ہے وہ جو عرش حق کے قریب ہے
میرے ورد لب ہے بنی نبی ﷺ
میں ہوں طالب دوائے دا کوئی کیا کرے گا مری دوا
میرا تو جہاں میں تیرے سوا شہا اور کون طبیب ہے
میرے ورد لب ہے بنی نبی ﷺ
میں بڑا امیر و کبیر ہوں شہہ دوسرا کا اسیر ہوں
در مصطفیٰؐ کا فقیر ہوں میرا رفعتوں میں نصیب ہے
میرے ورد لب ہے بنی نبی ﷺ

جناب چیئرمین: جزاک اللہ۔ بسم اللہ الرحمٰن الرحیم۔

## **Leave of Absence**

Mr. Chairman: Senator Abdul Wasay has requested for the grant of leave for 18th, 20th and 21st May, 2026 during the 361st Session due to personal engagements. Is leave granted?

*(The leave was granted)*

Mr. Chairman: Senator Khalida Ateeb has requested for the grant of leave for 18th, 20th and 21st May, 2026 during the 361st Session due to personal engagements. Is leave granted?

*(The leave was granted)*

Mr. Chairman: Senator Asad Qasim has requested for the grant of leave for 12th June, 2026 during the current Session due to personal engagements. Is leave granted?

*(The leave was granted)*

Mr. Chairman: Senator Qurat-Ul-Ain Marri has requested for the grant of leave for 10th and 12th of June, 2026 during the current Session due to personal engagements. Is leave granted?

*(The leave was granted)*

Mr. Chairman: Senator Sarmad Ali has requested for the grant of leave for 10th June, 2026 during the current Session due to personal engagements. Is leave granted?

*(The leave was granted)*

Mr. Chairman: Senator Saadia Abbasi has requested for the grant of leave for 12th June, 2026 during the current Session due to personal engagements. Is leave granted?

*(The leave was granted)*

Mr. Chairman: Senator Muhammad Talha Mehmood has requested for the grant of leave for the 10th and 12th June, 2026 during the current Session due to personal engagements. Is leave granted?

*(The leave was granted)*

Mr. Chairman: Senator Mohammad Ishaq Dar has requested for the grant of leave for the 12th June, 2026 during the current Session due to official engagements. Is leave granted?

*(The leave was granted)*

Mr. Chairman: Senator Pervaiz Rashid has requested for the grant of leave for the 15th to 17th June, 2026 during the current Session due to personal engagements. Is leave granted?

*(The leave was granted)*

Mr. Chairman: Order No.2. Ms. Shaza Fatima Khawaja, Minister for Information Technology and Telecommunication may move Order No.2.

**Motion under Rule 263 moved for dispensation of rules**

Ms. Shaza Fatima Khawaja: I, beg to move that under Rule 263 of the Rules of Procedure and Conduct of Business in the Senate, 2012, that the requirement of Rule 120 of the said Rules regarding notice period be dispensed with in order to take into consideration at once the Bill at Order No. 3, as passed by the National Assembly.

Mr. Chairman: I now put the motion before the House.

*(The motion was carried)*

Mr. Chairman: Ms. Shaza Fatima Khawaja, please move Order No.3.

(اس موقع پر ایوان میں ظہر کی اذان سنائی دی)

جناب چیئرمین: محسن عزیز صاحب کا مائیک کھولیں۔

سینیٹر محسن عزیز: جناب چیئرمین ! اس بابت میں request کرنا چاہ رہا تھا کہ یہ بجٹ کا اجلاس ہے اور Budget Session میں primarily and even otherwise House Business should be restricted to the budget جو بجٹ دیا گیا ہے اس پر کھل کر discussion ہو اور کھل کر بات چیت کی جائے۔ میں یہ الفاظ کہنا نہیں چاہتا لیکن دراصل یہ حکومت کی نا اہلی ہے کہ بجٹ سیشن میں آپ اس طرح کے Bills introduce کر رہے ہیں اور ساتھ ہی آپ passage کی درخواست بھی کر رہے ہیں۔ میں یہ پوچھنا چاہتا ہوں کہ سارا سال، باقی جو مہینے گزرے ہیں اس میں انہیں کوئی ممانعت تھی، کوئی روک ٹوک تھی کہ یہ Bills نہ لے کر آئیں۔ کس بات کی ایمرجنسی ہے۔ بجٹ سیشن میں یہ کیوں لایا جا رہا ہے اور تیسری بات یہ ہے کہ اگر آپ اسے آج passage کے لیے بھجوائیں گے تو بہت بڑی زیادتی ہو گی کیونکہ ایک تو یہ بجٹ اجلاس میں لایا جا رہا ہے، دوسرا یہ direct passage کے لیے جا رہا ہے، اسے نہ کمیٹی میں بھجوایا جا رہا ہے اور نہ ہمارے سامنے یہ Bill ہے، ہم کس طریقے سے اسے pass کریں، آیا اس طریقے سے پاکستان میں Bills pass ہوں گے اور اگر یہ اتنا ہی important Bill ہے اور آپ نے اسے آج ہی کرنا بھی ہے تو اسے آپ کمیٹی کو بھجوائیں کیونکہ یہ ایک unprecedented چیز ہو رہی ہے، ہم آج leave مانگ رہے ہیں کہ Bill introduce ہو گا اور اس کے بعد اس کے passage کے لیے بھی request کر رہے ہیں۔ So this is totally against the spirit of the Senate.

جناب چیئرمین: جی پارلیمانی لیڈر صاحب۔

سینیٹر سید علی ظفر: جناب چیئرمین! آپ کو یاد ہے کہ Business Advisory Committee کی meeting میں discuss ہوا تھا۔

آگے جاری۔۔۔(T-02)

T02-15Jun2026 Mariam Arshad/Ed:Waqas 12:50 p.m.

سینیٹر سید علی ظفر: (جاری۔۔۔۔) جناب چیئرمین! آپ کو یاد ہے business meeting میں ہماری جو Advisory meeting تھی اس میں بات ہوئی تھی کہ .we will only discuss the budget اب جب یہ bill آ گیا ہے تو Senate میں تو یہی tradition رہی ہے ,and I think that is to be appreciated بہت اچھی tradition ہے کہ جب بھی bill آیا اس کو committee میں refer کر دیا۔ چاہے دو دن یا تین دن کے لیے ہو لیکن ہم Senators اس پر اپنا point of view دینے کا حق

This should be رکھتے ہیںin the committee and I thinkمیں یہ صرف اپنی طرف سے بات نہیں کر رہا۔ something that every Senator will want.

Mr. Chairman: Shaza Fatima Khawaja.

Ms. Shaza Fatima Khawaja (Minister for Information Technology and Telecommunication): Mr. Chairman! No issues. I agree we will just table it today and we will send it to the Senate Committee.

Mr. Chairman: First, move it then we will refer it to the committee. Order No.3. Shaza Fatima Khawaja, Minister for Information Technology and Telecommunication, please move Order No.3.

**Consideration of [The Pakistan Telecommunication (Re-organization) (Amendment) Bill, 2026]**

Ms. Shaza Shaza Fatima Khawaja: I, Minister for Information Technology and Telecommunication, move that the Bill further to amend the Pakistan Telecommunication (Re-organization) Act, 1996 [The Pakistan Telecommunication (Re-organization) (Amendment) Bill, 2026, as passed by the National Assembly, be taken into consideration at once.

Mr. Chairman: The bill stands referred to the concerned Standing Committee. I will request Senator Sherry Rehman, they are requesting that it should be reported back in two days.

It is for the information of the members ‘that under Rule 227 of the Rules of Procedure and Conduct of Business in the Senate, 2012’ a member shall rise when he speaks but the honourable Leader of the Opposition has informed that owing to health reasons he is unable to deliver his speech while standing. Keeping in view of the circumstances as a special case I permit honourable Leader of the

Opposition to make the speech while remaining seated. The honourable Leader of the Opposition may now proceed.

## General Discussion on the Finance Bill 2026-27

### Senator Raja Nasir Abbas (Leader of the Opposition)

سینیٹر راجہ ناصر عباس: جناب چیئرمین! بہت شکریہ۔ آپ نے مجھے اجازت دی کہ میں بیٹھ کر گفتگو کروں کیونکہ بیماری کی وجہ سے کھڑے ہو کر میرے لیے گفتگو کرنا بہت مشکل تھا۔ آج میں صرف اس لیے یہاں آیا ہوں کہ Budget session میں اپنا point of view as an Opposition Leader بیان کر سکوں۔ ہمارا آئین یہ کہتا ہے کہ پاکستان ایک اسلامی جمہوری ملک ہے جس میں اسلام بھی بہت اہم ہے اور جمہوریت بھی بہت اہم ہے۔ پاکستان کے آئین میں لکھا ہوا ہے کہ اقتدار اعلیٰ اللہ کا ہے، وہی مالک ہے اقتدار کا اور قرآن اور سنت supreme ہیں۔ کوئی بھی ایسا قانون، کوئی بھی ایسا فیصلہ، کوئی بھی ایسا معاہدہ، کوئی بھی ایسا عمل نہیں ہو گا جس سے معلوم ہو کہ اللہ کی حاکمیت کو under question لایا جارہا ہے اور اللہ کی حاکمیت کے خلاف ہے اور قرآن و سنت میں دیے گیے اصولوں کے خلاف ہے۔ قرآن مجید میں یہ آیت بہت اہمیت کی حامل ہے (عربی)۔۔۔

جناب چیئرمین! تمام فقہائے اسلام نے اس آیت سے، اور پڑھے لکھے لوگوں کی اصطلاع میں ایک doctrine استنباط اور استخراج کی ہے۔ ہم اپنے فقہ کی زبان میں اسے قاعدہ کہتے ہیں، قاعدہ نفی سبیل۔ سادہ الفاظ میں اس doctrine کا مطلب یہ ہے کہ آپ نے اپنے اوپر کفار کو مسلط نہیں ہونے دینا، ان کو اپنے اوپر غالب نہیں آنے دینا۔ اب چاہے وہ ان کا سیاسی تسلط ہے اس کا راستہ روکنا ہے، معاشی تسلط اور غلبہ کا راستہ روکنا ہے، سماجی تسلط اور غلبہ کا راستہ روکنا ہے، cultural اور ثقافتی غلبہ کا راستہ روکنا ہے اور اسی طرح سے عسکری تسلط اور غلبہ کا راستہ روکنا ہے۔ تعلیم وتربیت کے میدان میں بھی ان کے تسلط اور غلبہ کا راستہ روکنا ہے۔ اپنی cultural identity کی حفاظت کرنی ہے۔

جناب چیئرمین! آپ جانتے ہیں کہ ایک حکومت پورے ایک سال کے لیے اپنے vision کے مطابق، اپنی سوچ اور فکر کے مطابق، اپنی سیاسی حیثیت کو سامنے رکھتے ہوئے اور اسی طرح سے ملک کے مفادات، عوام کے مفادات کو سامنے رکھتے ہوئے budget بناتی ہے۔ Budget کبھی بھی سیاسی معاملات سے، سماجی معاملات سے، cultural معاملات سے، تعلیم وتربیت کے معاملات سے، عوام کے حقوق اور ان کی services کے حوالے سے detached نہیں ہوتا۔ سوال یہ ہے کہ کیا یہ budget ہمارے عوام کے، پاکستان کے سیاسی استقلال کی حفاظت کرتا ہے۔ ہم کہہ سکتے ہیں کہ یہ budget جو ہے، اغیار کے، عالمی استکباری قوتوں کے، کفار کے، معاشی غلبہ کے مقابلے میں، ہمیں ان کے

غلبہ سے نکال سکتا ہے، یا نہیں بلکہ انہی کے غلبے کی دلدل میں ہمیں مزید پھینک رہا ہے۔ قرآن مجید کی واضح ہدایات ہیں کہ (عربی) اے ایمان والو یہود اور نصارٰ کو اپنا ولی مت بناؤ، سرپرست مت بناؤ، بڑا مت بناؤ، ساتھی اور دوست مت بناؤ۔ یہ تمہارے لیے حرام ہے۔ یہ جو ہمارا budget بنا ہے کیا اس میں اصل میں یہ صلاحیت ہے کہ ہم کہہ سکیں کہ یہ آزادی کا document ہے، یہ ہمارے وطن کے لیے معاشی آزادی لے کر آئے گا۔ یہ ہمیں مزید غلام بنا رہا ہے۔ یہ بات بہت ضروری ہے اگر ایسا budget ہے تو یہ پاکستان کے آئین کے خلاف ہے، قانون کے خلاف ہے۔ اللہ اور اس کے رسول کی طرف سے دیے گئے اصولوں اور ضوابط کے خلاف ہے اور شرائط کے خلاف ہے۔ آئیں دیکھتے ہیں کہ یہ budget کیسا ہے۔ اس budget کی طرف ہم نگاہ ڈالیں تو میں پہلے کہتا ہوں کہ budget ہے کیا۔ آپ کے ذریعے میں پاکستان کے عوام سے بھی مخاطب ہوں کہ وہ اس کو سادہ لفظوں میں سمجھیں۔ آپ اپنے گھر میں اپنی آمدن کو سامنے رکھتے ہوئے، اپنی آمدن، اخراجات اس کے مطابق manage کرتے ہیں اور اس کے بعد آپ دیکھتے ہیں کہ کوئی بچت بھی ہے یا نہیں ہے۔ اگر بچت نہ ہو اور آمدن سے اخراجات زیادہ ہو جائیں تو پھر آپ قرض لیتے ہیں۔ ہمارے ملک کا حساب بھی ایسے ہی ہے۔ ہماری آمدن کتنی ہے، اخراجات کتنے ہیں اور اس کے بعد surplus کتنا ہے، بچت کتنی ہے۔

جناب چیئرمین! اگر دیکھا جائے تو یہ budget ایسا document ہے جس نے پاکستان کے عوام کو سامنے نہیں رکھا۔ یہاں غریب اور فقیر irrelevant ہے، پاکستان کے عوام irrelevant ہیں۔ یہ حکومت جو میرے ذہن میں آرہا ہے یہ پانچواں budget دے رہی ہے اور ایسی شاید پہلی حکومت ہے جس نے 5th budget دیا ہے۔ بعض لوگ کہتے ہیں کہ شاید بھٹو صاحب نے بھی پانچ budget دیے تھے۔ اس حکومت کا پانچواں بجٹ ہے، دو سال آپ کے پہلے بھی ہیں۔ PDM کی حکومت تھی لیکن وہ بھی آپ کی ہی حکومت تھی، PDM میں کون وزیر اعظم تھا؟ چلیں میں یہ کہہ دیتا ہوں کہ شہباز شریف صاحب یہ پانچواں بجٹ دے رہے ہیں۔

(مداخلت)

سینیٹر راجہ ناصر عباس: ناصر بٹ صاحب آپ میرے چھوٹے بھائی ہو، آپ کی باری بھی آجائے گی اور مجھے معلوم ہے کہ آپ خیال کرتے ہیں۔ میں بہت ہی مودب بولتا ہوں اور کوشش کرتا ہوں کہ سچ بولوں اگر غلطی بھی ہو تو اس کا اعتراف کرلوں۔ شہباز شریف صاحب نے یہ پانچواں بجٹ دیا ہے۔

(جاری-----T03)

سینیٹر راجہ ناصر عباس: (جاری ہے۔۔۔) شہباز شریف صاحب نے یہ پانچواں بجٹ دیا ہے۔ ہر سال قرض میں اضافہ ہوا ہے۔ اتنا اضافہ ہوا ہے کہ جتنا جب حکومت سنبھالی تھی جو قرض تھا، اس سے سوگنا زیادہ قرض بڑھ گیا۔ قرض بڑھتا چلا جا رہا ہے۔ آپ سارے ماشاء اللہ گھر رکھتے ہیں، آپ کے بچے ہیں، family ہے۔ کیا وہ سربراہ خاندان کا جب گھر کا بجٹ بنائے، آمدنی سے زیادہ خرچ ہو اور ہر بار قرضہ بڑھتا چلا جائے، ہر سال قرضہ بڑھتا چلا جائے، تو آپ کہیں گے کہ یہ گھر کا سربراہ ایک اہل سربراہ ہے؟ یہ اہلیت رکھتا ہے گھر کو چلانے کی؟ میرے خیال میں آپ کہیں گے، نہیں، change کرو اس کو۔ تبدیلی لے کر آؤ تاکہ آمدن اور خرچ میں توازن پیدا ہو سکے۔ ملک جب اپنے اخراجات اور آمدن میں توازن پیدا نہیں کر سکتے، قرض لیتے ہیں، جب قرض لیتے ہیں تو جن سے قرض لیتے ہیں، عام زندگی میں بھی جب آپ مقروض ہوتے چلے جاتے ہیں اور آپ کا بال بال قرضوں میں دب جاتا ہے، تو پھر آپ مجبور ہوتے ہیں کہ جس کا قرض دینا ہے اس کی بات سنیں۔ جب اتنا قرض بڑھتا چلا جائے گا، ابھی تھوڑی دیر پہلے محسن عزیز صاحب بات کر رہے تھے بعد میں مجھے بتلا رہے تھے، کہ قرض اتنا بڑا بڑھتا چلا جا رہا ہے کہ ہم end کی طرف جا رہے ہیں۔ یہ ملک ایک fail state کی طرف جا رہا ہے، فیل ریاست کی طرف جا رہا ہے۔ اتنا قرض کس طرح سے اس ملک کو سنبھالو گے؟ Opposition تو irrelevant ہے۔ اس کو تو بات کرنے کا حق نہیں ہے۔ جب وہ بات کرتی ہے، آپ کہتے ہیں یہ اداروں کے خلاف ہے، establishment کے خلاف ہے۔ ہم اعتراض کرتے ہیں، ہم کوئی establishment کے خلاف نہیں ہیں، ہم کوئی اداروں کے خلاف نہیں ہیں، ہاں ہم اعتراض رکھتے ہیں، اس پاکستان کے، اس وطن کے باوفا بیٹے ہونے کے ناطے سے، یہاں اس وطن کے ساتھ تباہی مچائی گئی ہے۔ یہ ملک اتنا مقروض کیوں ہوا؟ کوئی جواب دہ ہے؟

جناب چیئرمین! ابھی میرا بھائی کہہ رہا تھا کہ ماضی میں عمران خان نے 40 مہینے حکومت کی ہے۔ 40 مہینے کے الزامات اس پر لگا دو، باقی 40 سال یہاں پر کس نے حکومت کی ہے؟ کیا وہ جواب دہ ہیں؟ ایسے ملک چلتا ہے؟ آپ دیکھ لیں کہ قرضہ ہی قرضہ، آپ کا ساڑھے سترہ ہزار کا بجٹ ہے، آٹھ ہزار ارب روپے کے قریب آپ قرض کا سود دیں گے۔ پاکستان کے عوام سنیں، آٹھ ہزار ارب روپے کے قریب، یعنی آدھے بجٹ کے قریب آپ سود ادا کریں گے۔ آپ قرض نہیں، مزید قرض بھی لیں گے اور سود بھی دیں گے۔ ایسے ملک چلے گا۔ جناب چیئرمین! اس طرح سے ملک چلایا جاتا ہے۔ ایسے تو ایک پانچ افراد کا گھر نہیں چلتا ہے۔ 26 کروڑ عوام کا ملک کیسے آپ چلائیں گے؟ اس بجٹ سے غربت بڑھتی چلی جا رہی ہے۔ فقر بڑھتا چلا جا رہا ہے۔ آپ نے جناب والا! کسی ارسطو نے میں سمجھتا ہوں، ناراض نہیں ہونا مجھ سے، آپ مجھے بتلائیں کہ جو آدمی روزانہ

280 روپے کمائی کرتا ہے، وہ غریب نہیں ہے، وہ فقیر نہیں ہے، یعنی 8432 روپے ماہانہ کی آمدنی رکھنے والا آدمی فقیر اور غریب نہیں ہے۔ اس معیار کے مطابق بھی، جہاں تک مجھے یاد پڑتا ہے پاکستان میں سات کروڑ عوام غریب ہے۔ اس سال کے اندر بھی میں نے جو پڑھا ہے تھوڑا بہت جو ذہن میں آ رہا ہے، میں نہیں چاہتا کہ میں دیکھ کر پڑھوں، میں notes بنا کر لایا تھا آپ نے کہا کہ سینیٹ کے اندر دیکھ کر نہیں پڑھنا ہوتا ہے یا اسمبلی میں، مسئلہ نہیں ہے۔ سات کروڑ عوام کے، اس سال دو کروڑ سے زیادہ عوام غربت کی لکیر سے نیچے گئے ہیں۔ آپ کی اس definition کے مطابق یہ کس ارسطو نے غربت اور فقر کی تعریف کی ہے کہ 280 روپے روزانہ کمانے والا 8432 روپے ماہانہ کمانے والا یہ غریب نہیں ہے بلکہ وہ امیر ہے۔ پھر تو اس ملک میں 16 ہزار اور 864 روپے کمانے والا بہت بڑا شہنشاہ ہے۔ بجلی کا بل کتنا آ رہا ہے؟ گیس کا بل کتنا آ رہا ہے؟ غربت دروازوں پر دستک دے رہی ہے، ایک اژدہا کی طرح عوام اور غریبوں کو چیر پھاڑ کے کھا رہی ہے۔ یہ بجٹ بجٹ نہیں ہے بلکہ عوام اور غریبوں کے لیے ایک اژدہا ہے۔ ایک خوف کی علامت ہے۔

جناب چیئرمین! حکومت کو چاہیے، system جب چلتا ہے تو لوگوں میں امید کو زندہ کرتے ہیں۔ امید خوشحالی سے آتی ہے۔ System کے اوپر عوام کا اعتماد بڑھتا ہے۔ آپ کے ہر بجٹ نے عوام کو مایوس اور ناامید کیا ہے۔ عوام میں غربت بڑھی ہے، آپ بتائیں۔ کیا یہ بجٹ غریب کا چولہا جلا رہا ہے یا اسے بجھا رہا ہے۔ کیا یہ بجٹ آپ کا ایک بے روزگار کو روزگار دے رہا ہے یا روزگار چھین رہا ہے۔ کیا آپ کا یہ بجٹ ہمیں پرامید کر رہا ہے بلکہ ہمارا system تو جوانوں سے لڑ رہا ہے۔ جوانوں سے جنگ لڑ رہا ہے۔ جوانوں کو دشمن سمجھ رہا ہے۔ عملاً پاکستان کی آبادی کی اکثریت جوان ہے۔ more than 60% جوان ہیں، دنیا کا جوان ترین ملک ہے۔ یہ تو ہماری strength ہونی چاہیے تھی۔ یہ تو ہماری طاقت بننے چاہیے تھی، یہ ملک کو آگے لے جانے میں استعمال ہونے چاہیے تھے۔ جوانوں کو تو آپ دیکھ رہے ہیں۔ پچھلے دنوں ہم سن رہے تھے ایک ترمیم آنے والی ہے جس میں ان کو 18 سال کے لڑکے کو جو حقِ ووٹ دیا گیا ہے وہ واپس لیا جائے گا۔ اور ایک وزیر صاحب نے ٹی وی پر کہا کہ جب ذمہ داری دینے کے لیے، پارلیمنٹ کا نمائندہ بننے کے لیے 25 سال عمر ہے تو ووٹ کی عمر بھی 25 سال ہونی چاہیے۔ تو 18 سال والے سے آپ کہیں کہ اگر وہ کاروبار کرے گا تو اس سے اب ٹیکس نہیں لیں گے۔ وہ ذمہ دار نہیں ہے۔ 18 سال والا بندہ فوج میں بھرتی نہیں ہو سکتا؟ پولیس میں نہیں جا سکتا؟ یعنی آپ youth سے کیوں ڈرتے ہیں؟ ان کو اپنا بنائیں۔ یہ وطن کے بیٹے ہیں اور آپ کی طاقت ہے۔ ان کے لیے ہمارے پاس کیا پروگرام ہیں؟ جناب چیئرمین! دنیا کے بڑے بڑے ملک reforms لے کر آتے ہیں اور اصلاحات لے کر آتے ہیں۔ چین آپ کے ساتھ ہے۔ انہوں نے ایک ارب سے زیادہ آبادی کو گزشتہ چند دہائیوں میں 30، 40 سال کے اندر غربت سے نکالا ہے۔ چین first world میں

چلا گیا۔ ہم کہاں کھڑے ہیں؟ Third world میں نہیں، پتا نہیں ہم لوگ کسی fourth یا fifth world میں چلے گئے ہیں۔ ہمارا بال بال قرضوں سے جکڑا ہوا ہے۔ ہماری آئندہ نسلیں جو پیدا ہو رہی ہیں وہ بھی مقروض جنم لے رہے ہیں، وہ مقروض ہوں گے اور ہمارے کیے کی سزا وہ بھگتیں گے۔ اس لیے کہا جاتا ہے کہ ہمارے ملک میں stability ہے۔ کہاں stability آئی ہے؟ آپ جا کر اپنے اطراف میں دیکھیں، خدا کے لیے بازاروں میں جائیں، گلی کوچوں میں جائیں اور لوگوں سے پوچھیں کہ stability آ رہی ہے۔ کیا ہمارے گھروں میں stability آئی ہے؟ غریب کے گھر میں stability آئی ہے؟ یہ کیسا بجٹ ہے۔

جناب والا! حدیث ہے۔ کاد الفقر ایکون کفرًا۔ غربت انسانوں کو کفر کے دہانے پر لے جاتی ہے۔ دین چھین لیتی ہے۔ معاشرے کے اندر ایک عجیب قسم کی صورت حال پیدا ہوتی ہے۔ لوگ خدا پر سوال کرنا شروع کر جاتے ہیں کہ ناانصافی ہے۔ ایک طبقہ فائدے اٹھا رہا ہے۔ عوام کو کیا ملا ہے؟ غریب کو کچھ نہیں ملا اور مالدار جب امریکہ جائے گا پتا نہیں تین لاکھ یا پانچ لاکھ روپے کا اس کو وہاں پر ریلیف مل گیا ہے۔ جناب چیئرمین! مالداروں کو ریلیف مل رہا ہے۔ پیسے والوں کو ریلیف مل رہا ہے، غریب کو کیا ملے گا؟ غریب اگر دو روٹی کھا سکتا ہے تو ایک روٹی کھاتا ہے کہ ابھی آٹا مہنگا ہو جائے گا۔ ابھی دیکھ لینا، جناب چیئرمین! آٹا مہنگا ہو جائے گا۔ غربت آئے گی۔ آپ نے کسانوں کے ساتھ کیا کیا ہے؟ Food Security, جس دنیا میں ہم رہ رہے ہیں اور جس جگہ ہم رہ رہے ہیں، بہت اہمیت کی حامل ہے۔ ہمارے چاروں طرف دنیا کے حالات عجیب و غریب قسم کے ہیں۔ ہمارا دشمن ہمارے دروازے پر ہے جس کو ہم نے دشمن بنایا ہوا ہے۔ Food Security بہت اہم ہے۔ جناب چیئرمین! اس دفعہ حکومت پنجاب نے ڈیڑھ کروڑ یا ایک کروڑ 80 لاکھ بوری گندم خریدنے کا پروگرام بنایا، نہیں خرید سکے۔ پھر کہا 10 لاکھ خریدتے ہیں، جو دوستوں نے مجھے بتایا، جو میں نے لکھا ہے، ان کو 10 لاکھ بھی لوگوں نے نہیں دی۔ اس وقت PASSCO کے پاس ایک کروڑ 30 لاکھ بوری کے strategic assets ہیں۔ جن میں سے ایک کروڑ میں نے سنا ہے پنجاب نے مانگا ہے۔ اور 30 لاکھ بوری GB اور آزاد جموں کشمیر کے لیے ہے۔ strategic assets صفر ہونے جا رہے ہیں اور کسی بھی صوبے کے پاس اسٹاک میں گندم نہیں ہے۔ خدانخواستہ کوئی بحران آ جاتا ہے، کوئی خدانخواستہ سیلاب آ جاتا ہے، کوئی آسمانی آفت آ جاتی ہے، کوئی جنگ ہو جاتی ہے، کچھ ہو جاتا ہے۔ آپ کے strategic assets جو food security ہے، وہ ختم ہو رہی ہے۔ کوئی توجہ نہیں دے رہا ہے۔ کسان رل رہا ہے۔ کسان چیخ رہا ہے۔ آپ کی صنعتیں تباہ ہو رہی ہیں۔ ملٹی نیشنل کمپنی پاکستان چھوڑ رہی ہے، یہ ہمارا بجٹ ہے۔ آپ مجھے بتلائیں، کتنی پاکستان کے اندر foreign investment آئی ہے؟ کتنی آئی ہے؟ کتنی انڈسٹریز لگی ہیں؟ آپ جو بھی لے رہے ہیں، قرضے لے رہے ہیں؟ کتنا پاکستان سے لوگ بھاگے ہیں، ہمارے جوان بھاگ رہے ہیں۔

ہمارے سرمایہ کار بھاگ رہے ہیں۔ پاکستان کے اندر investment زیرو کی طرف نیچے کم سے کم ہوتی جا رہی ہے۔ جناب چیئرمین! لہٰذا، ہوا کیا؟ آپ جانتے ہیں خداوند متعال خود تو یہاں پر نہیں آئے گا۔ ہمارے آئین کے مطابق حکومت اللہ کی ہونی ہے۔ (جاری ہے۔۔۔۔T04)

T04-15Jun2026 Rafaqat Waheed/Ed: Mubashir

سینیٹر راجہ ناصر عباس: (جاری) ہمارے آئین کے مطابق حکومت اللہ کی ہونی ہے۔ کس کے ذریعے؟ منتخب نمائندوں کے ذریعے۔ منتخب نمائندے ہیں جو حکومت کریں گے۔ منتخب نمائندے کون ہونے چاہییں، آپ مجھے بتائیں۔ بیت المال ان کے پاس جائے گا، پیسا ان کے پاس جائے، power ان کے پاس جائے گی، اختیارات ان کے پاس جائیں گے۔ کون ہونے چاہییں؟ قرآن نے کہا ہے (عربی) امانت اس کے اہل کے حوالے کرو۔ اقتدار اور power امانت ہے۔ جو بھی اس امانت میں خیانت کرے گا، وہ اللہ کی طرف سے ذمہ دار نہیں ہے، وہ قابض ہے فرعون کی طرح، نمرود کی طرح۔ خدا قاتلوں کو امانت نہیں دیتا۔ وہ چھینتے ہیں، غصب کرتے ہیں عوام سے۔ یہی امتحان ہے ہمارا۔ آپ مجھے بتلائیں بیت المال کا کس طرح استعمال ہو رہا ہے۔

(مداخلت)

سینیٹر راجہ ناصر عباس: مہربانی کرکے مجھے بولنے دیں۔ اعتراض نہ کریں، مجھے روکیں نہیں۔ جب تک میں بول رہا ہوں، ناصر بٹ نہیں بولے گا، ان شاء اللہ۔ میں فی البدیہہ بول رہا ہوں، اس لیے مجھے بولنے دیں۔ لہٰذا، امانت میں خیانت کرنے والا اللہ کی نگاہ میں، آئین کی نگاہ میں اس امانت کا اہل نہیں رہتا اور اس سیٹ پر بیٹھنے کا حقدار نہیں رہتا۔ اگر بیٹھا ہے تو غاصب ہے۔ یہ بات حدیثوں میں بھی ہے، قرآن میں بھی ہے۔ لہٰذا، آپ مجھے بتائیں، جب آپ بیت المال سے، یعنی حکومت کے پاس جو income ہوتی ہے، یہ حکومت کا پیسا نہیں ہے، یہ عوام کا پیسا ہے۔ یہ آمدنی عوام کا پیسا ہے۔ یہ غریبوں کے خون پسینے کی کمائی کا نتیجہ ہے۔ ہم کس کس سے ٹیکس لے رہے ہیں، آپ مجھے بتائیں۔ ایک موٹر سائیکل والا جو دو لیٹر پیٹرول ڈالتا ہے، اس سے کتنی پیٹرول لیوی لی جا رہی ہے، اس غریب سے کتنا ٹیکس لیا جا رہا ہے؟ وہ مشکل سے موٹر سائیکل کے اندر ایک دو لیٹر پیٹرول ڈالتا ہے۔ Indirect taxes اتنے زیادہ ہیں کہ خدا کی پناہ۔ آپ اس طرح سے پیسے لے رہے ہیں عوام کی مرضی کے خلاف، لوگوں کو چکر مکر دے کر ان سے پیسے لے رہے ہیں۔ وہ راضی نہیں ہیں کہ اس طرح سے آپ کو پیسے دیں، مجبور ہیں۔ انہوں نے ایک لیٹر پیٹرول ڈالنا ہے اس لیے levy دینے پر مجبور ہیں۔ آپ باقاعدہ ہر گھر سے ٹیکس لے رہے ہیں۔ کوئی ٹی۔وی رکھے یا نہ رکھے لیکن PTV کو ٹیکس دیتے ہیں۔ بجلی کے بل کے ساتھ ٹی۔وی کا ٹیکس آتا ہے۔ اس طرح سے عوام سے جو پیسا لیا جا رہا ہے، ایک زبردستی کی شکل میں ہے۔ کہاں خرچ ہوتا

ہے؟ کیا اس کے خرچ کرنے میں اعتدال اور انصاف سے کام لیا جاتا ہے؟ کیا حکومت اپنے خرچے کم کرتی ہے؟ کیا حکومت اپنے آپ کو مختصر کر رہی ہے؟ ایک طرف کہتے ہیں کہ نجکاری کی ضرورت ہے۔ حکومتوں کا کام کاروبار نہیں ہے، کاروبار لوگ کریں۔ اتنی بڑی حکومت کیوں، اتنے زیادہ وزیر کیوں، اتنے مشیر کیوں، اتنے اخراجات کیوں؟ کیوں اپنے اخراجات کم نہیں کرتے؟ غریب کا پیٹ پھاڑ کر آپ اس سے پیسے لیتے ہیں، ٹیکس لیتے ہیں جبکہ خود احساس ہی نہیں کرتے۔ خدا کا خوف ہونا چاہیے۔ آج ہم جو بو رہے ہیں، دنیا میں بھی کاٹیں گے جبکہ آخرت میں اس کا جواب دینا ہے۔

جناب چیئرمین! خود روایت میں ہے، حدیث کے اندر ہے کہ جب آپ امانت میں خیانت کروگے تو پھر قیامت کا انتظار کرو۔ آپ کو وہاں پر جواب دینا پڑے گا، اللہ کی بارگاہ میں بھی مجرم ہوں گے۔ بیت المال بہت اہم ہے۔ میں آپ کے سامنے ہوں، خدا گواہ ہے۔ ادھر ہم سے ماہانہ لابی میں پیسے بھی لیے جاتے ہیں لیکن پھر بھی یہاں کھانا کھاتے ہوئے خوف آتا ہے۔ آپ کی یہاں پر جو میڈیکل کی facilities ہیں، میں نے آج تک نہیں لی ہیں۔ ڈر لگتا ہے، یہ عوام کے پیسے خرچ ہو رہے ہیں۔ آپ ماہانہ یا سالانہ پتا نہیں کتنے پیسے ٹکٹوں کی مد میں دیتے ہیں، مجھے اس کو لیتے ہوئے بھی خدا کا خوف آتا ہے۔ یہ غریبوں کے پیسے ہیں۔ خدا جانتا ہے بزنس کلاس میں بیٹھتے ہوئے خوف خدا آتا ہے۔ عوام اس طرح سے غربت میں رُل رہے ہیں، ان کی عزت نفس مجروح ہو، انسانی کرامت مجروح ہو، وہ بھیک مانگ رہے ہوں۔ ان کی بچیاں گھروں میں بیٹھی ہوں۔ ان کے پاس دوائیوں کے پیسے نہ ہوں، بچوں کو پڑھانے کے پیسے نہ ہوں۔

جناب چیئرمین! اس بجٹ میں education پر کتنا خرچ ہوا ہے۔ ہمارے پاکستان میں یوتھ کی آبادی بہت زیادہ ہے۔ بچوں کی پیدائش بھی زیادہ ہو رہی ہے۔ ہم education کے لیے کتنا دے رہے ہیں؟ جب education پر خرچ نہیں کریں گے، کیا ہمارا future بہتر ہوگا؟ میں نے پڑھا ہے، اس غربت کی وجہ سے چالیس فیصد بچے ذہنی اور جسمانی طور پر کمزور پیدا ہو رہے ہیں۔ غربت اژدھا کی طرح منہ پھاڑے غریبوں کو نگل رہی ہے۔ مالدار طبقے کو کوئی مسئلہ نہیں ہے۔ ان کے گھروں میں اسی طرح سے AC چلتے ہیں۔ اسی طرح سے خرچے ہوتے ہیں۔ اسی طرح سے ان کی گاڑیاں چلتی ہیں۔ سب کچھ اسی طرح سے چلتا ہے۔ ان کو کوئی مسئلہ نہیں ہے۔ اگر پاکستان ماشاءاللہ، بہترین ہے، آپ مجھے بتائیں ہمارے حکمرانوں نے پاکستان سے باہر فیکٹریاں کیوں لگائی ہیں، کارخانے کیوں لگائے ہیں، وہاں سرمایہ کاری کیوں کی ہے؟ پاکستان میں کیوں نہیں کرتے؟ جو ہمارے حکمران رہے ہیں، کیوں باہر investment کرتے ہیں؟ انہوں نے کب کی ہے؟ خود کہیں گے کہ پاکستان میں ہمارے لیے مشکلات تھیں۔ حکومت ہمارے مخالف تھی، سختیاں تھیں، ہم باہر investment اس لیے کر رہے تھے کہ survive کر سکیں۔

جناب چیئرمین ! میں نے آپ کے آفس میں بھی بات کی۔آج جو پاکستان کی سیاسی صورتحال ہے، یہاں جو کچھ سیاستدانوں کے ساتھ ہو رہا ہے، سیاستدان آپ کی جنس سے ہیں، آپ سب سیاستدان ہیں، پچاس سال جیل، پینتیس سال جیل، دس سال جیل، یہ دہشت گرد ہیں۔ شبلی فراز جو یہاں پر اپوزیشن لیڈر تھے، ان کو پچاس سال کے قریب جیل ہوئی ہے۔ وہ دہشت گرد ہے؟آپ کا اپوزیشن لیڈر۔ ہمیں کیوں تکلیف اور دکھ نہیں ہوا۔ یہ جھوٹ ہے۔ شبلی فراز دہشت گرد نہیں ہے۔ ہمارے سینیٹرز جو جیلوں میں ڈالے گئے، دہشت گرد نہیں ہیں۔ حامد رضا دہشت گرد نہیں ہیں۔ جناب ہاشمی صاحب دہشت گرد نہیں ہیں۔ ہمارا عمر سرفراز چیمہ دہشت گرد نہیں ہے۔ وہ بیمار آدمی ہے۔ اعجاز چوہدری دہشت گرد نہیں ہے۔ دیکھیں پینتیس پینتیس سال اور پچاس پچاس سال جیل۔ عمر ایوب صاحب دہشت گرد ہیں؟ میں نے سنا ہے کہ پتا نہیں پینتیس سال یا پچپن سال ان کو جیل ہوئی ہے۔آپ کے سیاستدان ساتھی ہیں۔ کیا یہ لکھ دیا ہے؟ یہ کاتبِ تقدیر نے نہیں لکھا ہے۔ یہ ابلیس نے قلم سے لکھا ہے کہ سیاستدانوں کو جیل میں ڈالو، انہیں نشان عبرت بناؤ۔ یہ ابلیس نے لکھا ہے، خدا نے نہیں لکھا ہے۔ یہ جرم ہے، ناانصافی ہے، یہ ظلم ہے۔ (عربی) تیرا خدا کبھی انسانوں پر ظلم نہیں کرتا۔ ظلم فرعون کرتے ہیں۔ یہ ظلم ہے۔ کیا ہمیں ان کے لیے نہیں بولنا چاہیے؟ عمران خان سیاستدان ہے۔ اس ملک کا ایک چہرہ تھا۔ دنیا میں اس کی وجہ سے پاکستان کا ایک soft image تھا۔اس کی دنیا میں عزت تھی۔ وہ کرپٹ نہیں تھا، اس نے کارخانے نہیں لگائے، اس نے باہر investment نہیں کی۔آپ کے ساتھ اس کے ہزار اختلافات ہوں گے۔

میں آپ سے پہلے بھی کہہ رہا تھا، مجھے دکھ ہے کہ بھٹو کو پھانسی لگی۔ جس دن بھٹو کو پھانسی لگی، میں young لڑکا تھا۔ کراچی کینٹ میں جو ضمیمہ بک رہا تھا، میں نے پڑھا اور میں اس دن رویا، آنکھوں میں آنسو آئے۔ بے نظیر بھٹو صاحبہ کو جس دن گولی ماری گئی، اس دن بھی میں جس گھر میں بیٹھا ہوا تھا، اس گھر سے چیخنے اور رونے کی آوازیں آرہی تھیں۔ ہمیں دکھ ہے۔ انہیں کیوں قتل کیا گیا ہے۔ اس ملک کے اندر talented ہونا جرم ہو گیا ہے۔ سیاستدان بننا جرم ہے۔آپ کی سزا ہے کہ آپ غدار وطن ہیں، آپ جیل جائیں گے۔ کیا وہ غدارِ وطن نہیں تھے جنہوں نے پاکستان توڑا؟ کیا وہ غدارِ وطن نہیں ہیں جو مارشل لاء لگاتے رہے ہیں؟ کیا وہ غدار وطن نہیں تھے جو اپنے حلف کے خلاف encroachment کرکے، political power اپنے ہاتھ میں لیتے رہے ہیں؟ کیا وہ غدار وطن نہیں تھے جو الیکشن میں rigging کرنے میں ملوث رہے ہیں؟ ہم کیوں نہیں بولتے؟ کیوں چپ رہتے ہیں؟ ہم ڈرتے ہیں، ڈرنے کے باوجود سزائیں ہیں، ڈرنے کے باوجود ہمارے زندان بھرے ہوئے ہیں۔ جیلوں کو سیاسی قیدیوں سے بھرنے سے ہمارا قومی خزانہ نہیں بھرے گا۔اس کے لیے ریفارمز لائیں۔

آپ نے عمران خان کو جیل میں رکھا ہوا ہے، آپ کی حکومت بہت اچھی چل رہی ہے؟ مجھے پتا ہے، میں بات کرتا ہوں، میرے treasury benchesکے لوگوں کو بھی دکھ اور تکلیف ہے لیکن سب اپنی بے بسی کا اظہار کرتے ہیں۔ ہم کیوں بے بس ہیں؟ خدا گواہ ہے، دشمن بھی اگر ہو، میں نے پہلے بھی یہاں پر کہا کہ فرعون کے ساتھ بھی ظلم نہیں ہونا چاہیے۔ (T05پر جاری ہے)

T05-15June2026 Abdul Razique/Ed: Waqas Khan 01:20 p.m

سینیٹر راجہ ناصر عباس: (۔۔۔۔جاری)آپ نے عمران خان کو جیل میں رکھا ہوا ہے۔آپ کی حکومت میں بے حسی چل رہی ہے۔ میں بعضTreasury Benchesکے دوستوں سے بات کرتا ہوں اور مجھے پتا ہے کہ انہیں بھی دکھ اور تکلیف ہے لیکن سارے اپنی بے بسی کا اظہار کرتے ہیں۔ ہم کیوں بے بس ہیں؟ خدا گواہ ہے کہ اگر دشمن بھی ہو تو اس کے ساتھ بھی ظلم نہیں ہونا چاہیے۔ میں نے پہلے بھی یہاں کہا تھا کہ فرعون اور یزید کے ساتھ بھی ظلم نہیں ہونا چاہیے۔ظالم کے ساتھ بھی ظلم نہیں ہونا چاہیے بلکہ اس سے انصاف کے ساتھ پیش آنا چاہیے۔آپ یہاں بیٹھے ہیں۔ کیا ہمیں تکلیف نہیں ہوتی کہ ہمارے سیاسی ساتھی بھی یہاں بیٹھتے تھے اور سیاسی اختلاف رکھتے تھے، آپ کے ساتھ اتنا سیاسی اختلاف نہیں رکھتے تھے تو انہیں جیل میں ڈالا گیا ہے اور جیلیں بھری گئی ہیں۔ یہ پاکستان کے آئین اور قانون کے منہ پر طمانچہ ہے۔ یہ بنیادی انسانی حقوق کے منہ پر بھی طمانچہ ہے۔ سیاستدان اتنے بے بس ہوں کہ ہماری عمران خان سے ایک ملاقات نہ کرواسکیں اور ہمیں بیچارہ بنانے کی کوشش کررہے ہیں۔ ہم بیچارے نہیں بنیں گے۔ عمران خان جیل میں رہتے ہوئے بھی سر نہیں جھکائے گا۔ میں ایک دینی طالبعلم ہوں اور میرے سر پر امامہ اور عقابہ ہے۔خدا گواہ ہے کہ میری ذاتی طور پر نہ کسی سے محبت اور نہ دشمنی لیکن جو کوئی اچھا کام کرے گا، میں اس کا ساتھ دوں گا۔اس وقت پاکستان میں سیاسی جدوجہد کی زندگی کا نام عمران خان ہے۔ اگر وہ نہ ہوتا تو پاکستان میں سیاسی زندگی مرچکی ہوتی۔ سیاست کو نشان عبرت بنانے والے اسے جھکانا چاہتے تھے لیکن وہ نہیں جھکا۔ وہ ہم سب کی عزت ہے۔ وہ سیاسی زندگی اور سیاستدانوں کی عزت ہے۔ ہمارے وہ جوان بچے جنہیں آپ نے جیلوں میں ڈالا ہوا ہے۔ کچھ تو باہر ہیں، ان کے گلے میں غربت کا پھندا ڈال رہے ہیں اور ان کا سانس لینا بند کررہے ہیں تو کچھ کو جیلوں میں ڈال کر سزائیں دے رہے ہیں۔ کتنے ہیں جو دو، دو سال سے جیلوں میں پڑے ہیں۔ خیال تھا کہ یہاں پارلیمنٹ میں کوئی قانون سازی ہوگی اور ان کے کیس سنے جائیں گے اور وہ باہر آجائیں گے۔ بہت سے لوگ ایسے ہیں جو جیلوں سے باہر آکر مر رہے ہیں۔انہیں جیل میں بیماریاں لگ رہی ہیں۔ میں خود بیمار ہوں اور جب کوئی بیمار ہوتا ہے تو مجھے اندازہ ہو جاتا ہے بالخصوص ایسی بیماری جو اسے ضعیف اور کمزور کرتی ہے۔ جب کوئی پوچھنے والا نہ ہو تو بہت مسئلہ ہوتا ہے۔آپ کو پاکستان کے باہر کے اسپتالوں کا پتا ہے۔آپ وہاں دیکھیں کہ ان کی جیلوں میں کیا ہوتا ہے۔

جناب، عمران خان اس وجہ سے مجرم ہے کیونکہ پہلی بات یہ ہے کہ وہ ایک سیاستدان ہے۔ دوسری بات یہ کہ وہ کرپٹ نہیں تھا اور اس نے ذاتی کوئی کرپشن نہیں کی اور ایک کاروبار بھی شروع نہیں کیا۔ میں تو کہتا ہوں کہ جب بھی کوئی حکمران یا سیاستدان کوئی کاروبار کرتا ہے تو وہ کرپشن کرتا ہے اور اپنی طاقت سے فائدہ اٹھاتا ہے۔ ایسے آدمی کو سیاست نہیں کرنے دینی چاہیے جو تاجر اور بزنس مین ہو کیونکہ وہ لوٹے گا۔ کرپشن صرف یہ نہیں کہ کوئی پیسے لے بلکہ کرپشن یہ ہے کہ آپ کو کچھ زیادہ facilitate کیا جائے اور جن کی سفارش اور تعلقات نہیں ہیں، ان کا حق ضائع ہو جائے اور سفارش کرنے والے کو وہ مل جائے۔

Mr. Chairman: Leader of the Opposition, please wind up.

سینیٹر راجہ ناصر عباس: جی میں ختم کرتا ہوں۔ دیکھیں آپ کے لیے صوبے اور کیا کریں۔ آپ کے خرچے اتنے بڑھ گئے ہیں کہ 18ویں آئینی ترمیم کے خلاف جا کر آپ صوبوں کو مجبور کر رہے ہیں کہ اپنے بجٹ سے آپ کو پیسے دیں۔ قرضے الگ سے لے رہے ہیں۔ صوبے کہاں سے پیسے دیں گے؟ ظاہر ہے وہ اپنے ترقیاتی بجٹ کو کم کریں گے۔ وہ تعلیم اور صحت کے پیسے کاٹیں گے اور ملک مزید ان پڑھ اور بیمار ہوتا چلا جائے گا۔ انہوں نے غربت کی تعریف یہ کی ہے کہ روز 280 روپے کمانے والا غریب نہیں ہے۔ پاکستان کے عوام یہ سنو کہ جو بھی روزانہ 280 روپے کماتا ہے، وہ غریب اور فقیر نہیں بلکہ امیر ہے۔ Literacy کی یہ تعریف کی گئی ہے کہ جو اپنا نام لکھ سکے تو یہ پاکستان میں پڑھے، لکھے ہونے کی نشانی ہے۔ اگر کم از کم یہ کہا جائے کہ کوئی 8 جماعت پڑھ کر پڑھا لکھا ہو گا تو آپ دیکھیں گے کہ پاکستان میں literacy rate کہاں تک پہنچ جائے گا۔ آپ تعلیم کے بجٹ میں مزید کٹ لگا رہے ہیں۔ پاکستان میں سب کچھ ignored ہے۔ کیا ہم اس طرح کے کرتوتوں اور ایسے بجٹ اقدامات سے ایک قوم بن سکیں گے۔ آپ سیاسی بحران کیوں ٹھیک نہیں کرتے۔ کیوں حکومت آ کر نہیں بیٹھتی۔ کیا ہم خالی تقریریں کرتے ہیں۔ آئیں بیٹھیں اور سیاسی حالات کو ٹھیک کریں تاکہ ملک کی معیشت ٹھیک ہو۔ سیاسی حالات کو ٹھیک کیے بغیر اور rule of law کے بغیر یہ ممکن نہیں ہے۔ کیا ملک میں rule of law ہے؟ آپ دیکھیں کشمیر میں کیا ہو رہا ہے۔ GB میں کیا ہوا ہے۔ آپ کی پارٹی بھی کہتی ہے کہ وہاں دھاندلی ہوئی ہے۔ دیکھیں کشمیر میں کیا ہو رہا ہے۔ وہاں کی عوام جنہیں ہم نے اپنے سر پر بٹھانا تھا، ان کے ناز اٹھانے تھے، وہ کشمیر جو ہماری شہ رگ حیات ہے، ان کے ساتھ ہم گولی سے بات کرتے ہیں۔ ہم مریدکے میں گولی سے بات کرتے ہیں۔ ہم پنڈی، اسلام آباد میں گولی سے بات کرتے ہیں، ہم اتنے بوکھلائے ہوئے ہیں کہ ہر جگہ گولی سے بات کرتے ہیں۔ ہم اتنے گھبرائے اور خوفزدہ ہیں، ہمارا temperament کیوں اتنا lose ہو گیا ہے۔ اگر آپ ایسے لوگ بنے گئے ہیں تو خدا کے واسطے اسپتال جاؤ اور وہاں اپنا علاج کرواؤ اور حکومت چھوڑ دو۔ بس میں ختم کرنے والا ہوں۔

جناب! یہ سسٹم ایسے نہیں چلے گا۔ پاکستان تباہی و بربادی کے دہانے پر چلا گیا ہے۔ ہمیں اس کا راستہ روکنا ہوگا اور reforms لانی ہوں گیں۔ چین جو اتنی ترقی کر رہا ہے، وہ بھی اصلاحات لا رہا ہے اور یہاں اصلاحات نہیں بلکہ بربادی لائی جا رہی ہے۔ ہر بجٹ تباہی و بربادی ہے۔ اس لیے آئیں، بیٹھیں اور reforms لائیں۔ پہلا قدم یہ ہے کہ سیاسی طور پر بہتری لائیں۔ اگر سیاسی بحران ہوگا، لاقانونیت ہو گئی اور آئین شکنی ہو گئی تو یہاں کون پیسا لے کر آئے گا۔ یہاں سے تو سرمایہ باہر جا رہا ہے۔ سرمایہ کار کبھی بھی احمق اور بیوقوف نہیں ہوتا۔ وہ سمجھتا ہے کہ میں کہاں سرمایہ لگاؤں اور کہاں مجھے فائدہ ہوگا۔ وہ یہاں نہیں آئے گا کیونکہ یہاں تو ہر وقت لاقانونیت ہے اور گولی سے بات ہوتی ہے۔ کسی وقت کچھ بھی ہو سکتا ہے۔ کوئی کسی سے پوچھ نہیں سکتا ہے۔ خدا کو حاضر و ناظر جان کر آپ مجھے بتائیں کہ کیا ہم سارے یہاں پر آزاد ہیں اور آزادی سے بات کر سکتے ہیں۔ PECA Act کے تحت ہارے گلے پکڑ لیتے ہیں اور کبھی ہمارے خلاف Defamation Act لگ جاتا ہے کہ آپ نے یہ بات کر دی ہے۔ آپ میں تنقید سننے کا تحمل ختم ہو رہا ہے۔ صرف پارلیمان ایک جگہ ہے جہاں بات ہو سکتی ہے لیکن پھر بھی یہاں لوگ بات کرنے سے ڈرتے ہیں۔ پاکستان کے سیاستدانوں کو چاہے وہ Treasury Benches سے ہیں یا Opposition Benches سے، سب کو اکٹھا ہونا ہوگا۔ آپ سب کو بلا کر یہاں بٹھائیں اور ہم مل کر سیاسی نظام کو مضبوط کرتے ہیں۔ آئیں ہم سب مل کر سیاسی قیدیوں کے پاس جاتے ہیں۔ وہ ہمارا احساس کریں گے کہ ہمارے بھائی ہمیں بھولے نہیں ہیں۔ آئیں سیاسی قیدیوں کے پاس مل کر جاتے ہیں اور ہمیشہ کے لیے یہ dirty practice ختم کرتے ہیں کہ ہم کسی سیاستدان کے خلاف ظلم و زیادتی نہیں ہونے دیں گے۔

جناب چیئرمین: شکریہ۔

سینیٹر راجہ ناصر عباس: اس لیے یہ ضروری ہے کہ ہم یہ سب کریں۔ جناب والا، آپ کا بہت شکریہ کہ آپ نے مجھے موقع دیا اور میں نے کچھ باتیں کہیں۔ غالب صاحب کا ایک شعر ہے کہ

قرض کی پیتے تھے مے لیکن سمجھتے تھے کہ ہاں

رنگ لاوے گی ہماری فاقہ مستی ایک دن

رنگ یہی لا رہی ہے کہ ملک تباہی کے دہانے پر پہنچ چکا ہے۔ ہماری Establishment کب تک انتظار کرے گی۔ آپ کے سارے projects ناکام ہیں۔ ایسا کیوں ہے کیونکہ آپ پر عوام کا اعتماد ختم ہو چکا ہے۔ میں آخر میں یہ بات ضرور کہوں گا کہ ہمارے سسٹم نے خطے میں جنگ ختم کرنے کے لیے جو role ادا کیا ہے، وہ appreciable ہے اور ہم اسے welcome کرتے ہیں۔ یہ ذہن میں رکھیں کہ پاکستان کے عوام اور

غریب لوگوں کے پیٹوں کا بھرنا سب سے اہم ہے۔ واللہ اگر عوام ساتھ نہیں ہوگی تو یہ ملک نہیں چلے گا۔ غربت، لاقانونیت، سیاسی استحصال اور آئین کے خلاف طاقتور بننے سے ملک نہیں چلے گا، شکریہ۔

Mr. Chairman: Thank you. I, now, request honourable Senator Sherry Rehman sahiba to take the floor.

*(Interruption)*

Mr. Chairman: Yes, honourable Senator Sherry Rehman sahiba.

سینیٹر شیری رحمان: شکریہ، چیئرمین صاحب، بٹ صاحب اگر House کو تھوڑا سا order میں ہونے دیں۔۔۔

Mr. Chairman: Order in the House, please.

**Senator Sherry Rehman**

سینیٹر شیری رحمان: چیئرمین صاحب، آج بجٹ کے حوالے سے بہت باتیں ہوں گیں اور ان شاءاللہ اس سیشن میں ہم بجٹ کے ہر بڑے section کو examine بھی کریں گے لیکن سب سے پہلے میں آپ کو، House کو، حکومت کو اور پوری قوم کو مبارک باد پیش کرنا چاہتی ہوں کیونکہ یہ ہمارے لیے ایک بہت اہم اور سنگ میل دن ہے۔ دوسرے House میں اپنی تقریر میں Prime Minister Shehbaz Sharif نے ہر پارٹی کا شکریہ ادا کیا ہے اور خاص طور سے پاکستان پیپلز پارٹی کا بھی اور اس کے قائدین President Asif Ali Zardari اور Chairman Bilawal Bhutto Zardari اور پوری قوم کا شکریہ ادا کیا ہے۔ انہوں نے Field Marshal Asim Munir کا بھی شکریہ ادا کیا ہے کہ اتنی بڑی اور طویل اور دنیا کو ہلا دینے والی جنگ کو جو Third World War ہو سکتی تھی، اسے انہوں نے پاکستان کی کاوششوں سے اور دنیا میں اپنے ملک کی ثالثی کا اعتماد بنا کر امن کا ایک نیا باب شروع کیا ہے۔ آپ social media کھولیں۔۔۔

(جاری T06)

**T06-15-06-2026 Babar/Ed:Shahkeel 1:30PM**

سینیٹر شیری رحمان: (جاری۔۔) ایک نئے باب امن کا آغاز شروع کیا ہے، اور آج آپ social media کھول لیں تو ساری دنیا اس وقت پاکستان کو مبارکباد پیش کر رہی ہے۔ میرے دل کو یہ دیکھ کر بڑی تسکین ملی ہے۔ جب میرے ملک کا اقبال بلند ہوتا ہے تو یہ بات ہم سب کو اچھی لگتی ہے۔ ہم دعا کرتے ہیں کہ یہ معاہدہ، جو بالکل اپنے initial stages پر ہے، ابتدائی مراحل میں ہے، اسی طرح آگے بڑھتا رہے، اور

جمعہ کو جس طرح کہا گیا ہے، اس کی باقاعدہ signing ہو، اور یہ منجمد کرے وہ تمام نکات جن سے ہم gulf علاقے میں، West Asia میں اسے Middle East نہیں کہتی، یہ colonial term ہے۔ چیئرمین صاحب، ایک روشن مستقبل اور دیرپا امن حاصل کر سکیں۔ ہم سب جانتے ہیں کہ اس صورتحال میں اسرائیل کا ایک بہت بڑا spoiler کے طور پر ہاتھ ہے۔ ان کی کوشش رہی ہے کہ ایڑی چوٹی کا زور لگا کر کسی بھی طرح پاکستان اور دیگر ممالک کی امن کی کاوشوں، یا ceasefire کی کاوشوں کو سبوتاژ کیا جائے، تاکہ ہم دوبارہ جنگ، تباہی اور جہنم کے دہانے پر کھڑے ہو جائیں۔ تاہم، ابھی تک ایسا نہیں ہوا۔ ہماری کوشش یہی ہونی چاہیے کہ امید پر دنیا قائم ہے، لیکن پاکستان وہ واحد ملک ہے جس نے اسی امید کی بنیاد پر حوصلہ کرتے ہوئے backdoor، front channel، side channel ہر قسم کی diplomacy اور تدابیر کو استعمال کرکے، frankly سر، جو ناممکن تھا اسے ممکن بنا دیا۔ اتنے زیادہ moving parts ہیں، یہ ہم سب کے لیے ستائش کی بات ہے۔ یہ کسی ایک party کی نہیں ہے، ہمارے ملک کا وقار اس سے کہیں زیادہ بڑھا ہے۔

تو گزارش یہ ہے کہ یہ ہم سب کے لیے بہت خوشی کا دن ہے۔ اور پھر budget کی طرف آتے ہوئے یہ بھی امید ہے کہ strait of hormuz، جہاں 20% سارا سرمایہ گزرتا ہے shipping، hydrocarbons اور تیل گزرتا ہے۔ جو دنیا بھر کے manufacturing اور agriculture کے engines کو چلاتی ہے، تو جناب، اس میں توانائی ہمارے لیے ایک بالکل ناگزیر چیز ہے۔

ساری دنیا کو یہ بات سمجھ آ چکی ہے کہ اگر اس میں 20 فیصد بھی کمی ہو جائے تو ممالک کے اخراجات پر اس کے کیا اثرات پڑتے ہیں۔ تو یہ میں ضرور کہوں گی کہ اب امید ہو گی، چیئرمین صاحب، کہ پاکستان کی جو اس وقت مظلوم عوام ہے، جو 40 فیصد سے زیادہ غربت کی لکیر کے نیچے ہیں، ان کو بھی کچھ relief ملے، کیونکہ فوری طور پر، جناب، آپ کو معلوم ہے کہ عالمی منڈیوں میں تیل کی کمی کے ساتھ قیمتوں میں بھی کمی آتی ہے، تو ہماری کوشش ہونی چاہیے کہ یہ ہمارے لوگوں کے wallets پر reflect ہو، ان کے household income پر اثرانداز ہو، اور ان کی قوتِ خرید بہتر ہو، کیونکہ قوتِ خرید پورے سال inflation کی زد میں attack ہوتی رہی ہے، اس پر مسلسل دباؤ بڑھتا رہا ہے، کبھی آٹھ فیصد، کبھی اس سے بھی زیادہ۔

اب میں مختصراً، صرف تین چار نکات آپ کے سامنے رکھنا چاہتی ہوں کہ یہ 18 کھرب روپے کا budget ہے، اور People's Party کا ہمیشہ یہی مؤقف رہا ہے، اور ہمارا focus بھی یہی رہا ہے کہ سب سے پہلے مظلوم طبقے کو تقویت دی جائے۔ اس ضمن میں ہماری

گزارش رہی ہے، چیئرمین صاحب، کہ taxation کا جو mode ہے، جس سے حکومتیں چلتی ہیں اور expenditures پورے ہوتے ہیں، اس میں direct taxes کو زیادہ اور indirect taxes کو کم رکھا جائے۔ اس کا کیا مطلب ہے؟ اس کا مطلب یہ ہے، جناب، کہ indirect tax زیادہ تر اس وقت sales tax کی شکل میں ہم پر مسلط کیے جاتے ہیں، عوام پر مسلط کیے جاتے ہیں۔ موٹر سائیکل والا کیا سوچتا ہے، وہ کہاں جائے؟ خاص طور پر سب سے بڑا جو اس وقت tax collection کی مد ہے، وہ کیا ہے؟ وہ ہے petroleum levy۔ محسن عزیز صاحب، آپ کی بھی توجہ مجھے چاہیے۔ شاید آپ مجھ سے agree کریں یا نہ کریں، لیکن آپ کی نظر اس پر ہے، ساری چیزوں پر، کہ petroleum levies جو مسلسل لگتی جا رہی ہیں، یہ ہمارے عمرانی معاہدے کی نفی کرتی ہیں۔ ایک flood کے دوران اگر ایک levy لگائی گئی، یا catastrophe کے دوران ایک levy حادثے سے بچنے کے لیے لگائی گئی، تو اس کو آپ institutionally بڑھاتے نہیں ہیں۔ اس کو اتنا بڑا نہیں کر دیتے کہ وہ آپ کے صوبائی expenditures سے وسائل کھینچنا شروع کر دے۔ اس وقت یہی ہو رہا ہے۔ 1.7 trillion پر یہ PDL آ گئی ہے، جناب! 1.7 trillion پر آپ کی FBR کا target 15 trillion ہے۔ اس میں levies پہ levies لگتی جا رہی ہیں۔ مجھے سخت تشویش ہے کہ carbon levy بھی لگائی گئی ہے۔ carbon levy normally tax کا کام کرتی ہے، اور tax ایسا ہوتا ہے کہ اسے پھر مقدس بنایا جاتا ہے، ring fenced کیا جاتا ہے ان چیزوں کے لیے جو آپ کی economy کو decarbonize کریں، incentives دیں۔ یہاں ایسا کچھ نہیں ہے۔ carbon tax کے بجائے carbon levy لگا دی گئی ہے، جو PDL میں ضم ہو گئی ہے، اور وہ بھی آپ پر sales tax کی شکل میں آئے گی۔ تو ہماری گزارش رہی ہے، اور ہم نے اس میں positive کردار ادا کیا ہے، People's Party نے ہمیشہ کی طرح اس دفعہ بھی کوشش کر کے، جو taxation غریب پر زیادہ بوجھ ڈالتی ہے، اسے کم کرنے کی کوشش کی ہے۔ آپ دیکھیں کہ PSDP ، یعنی ملک کا development ، اتنا کم ہے، اور صوبوں کی social spending بھی کم ہو گئی ہے، کیونکہ صوبوں پر کٹوتی لگی ہے۔ ہر طرف کٹوتی لگی ہے۔ NFC formula تو وہیں کا وہیں ہے، لیکن دوسری کٹوتیاں levies کی شکل میں لگ رہی ہیں، اور surpluses جو صوبے دیتے ہیں، اس میں بھی اثر انداز ہو رہی ہیں۔ پھر دوسرا contribution ہے ہمارا، اس دفعہ سب کا مجموعی طور پر، کیونکہ national security کی ضروریات ہیں، جنہیں ہم بھرپور طریقے سے پورا کریں گے۔ ہماری security اور ہماری مسلح افواج، سر، آنکھوں پر، ان کی ضروریات سر آنکھوں پر، لیکن باقی آپ دیکھ لیجیے، levies سے نکالا جا رہا ہے، اپنے وسائل سے نکالا جا رہا ہے، اور social spending کون کرتا ہے؟ صوبہ کرتا ہے۔ تو جناب، social

spendingمیں آپ اضافہ کیسے کریں گے اگر صوبوں کے expenditures آپ کم کر دیں گے؟ وہ تو literally freeze ہو چکے ہیں۔ تو ہماری تجویز یہ تھی کہ taxation کا pool بڑھایا جائے، اور taxation کا burden spread کیا جائے۔ service sectorجو اب ملک کا سب سے بڑا sector بن چکا ہے۔ ذرا book کھول کر دیکھیںtrade،services،retail، سب اسی میں آتے ہیں، ان کو tax کیا جائے۔

ایک scheme آئی کہ 200 million کا cap رکھ کر اس سے نیچے کچھ دکانداروں کو شامل کیا جائے۔ but sir this is the dropping the ocean، پاکستان کو taxation بڑھانے کی ضرورت ہے، اس طرح horizontally بڑھانے کی ضرورت ہے، نہ کہ صرف صوبوں میں، بلکہ federal tax mechanism کو مضبوط کرنا ہوگا۔FBRجو collect کر رہا ہے، وہ ابھی تک goods پر sales tax collect کر رہا ہے، جبکہ services پر صوبے tax لے رہے ہیں۔ تو ہر صوبہ اس وقت FBR سے better performance دے رہا ہے tax collection میں۔ تو اگر آپ کا real crisis یہی ہے کہ آپ کی taxes کی پوری مد اور آپ کا قرضہ جو کہ 49 % ہو چکا ہے، پوری budget میں debt servicing payments میں جا رہا ہے، تو موٹی موٹی macroeconomic بات کریں تو آپ کا قرضہ 49%تک جا رہا ہے۔ تو آپ کو taxation بڑھانا ہوگا۔ کوئی ملک خود کفیل نہیں ہو سکتا جب تک وہ اپنے وسائل پر اپنے پیروں پر کھڑا نہ ہو۔ اور اپنے پیروں پر تب ہی کھڑا ہو سکتا ہے جب اپنے sectors کو tax کرے۔ اس میں ہمیں سیاست کم کرنی چاہیے اور قومی مفاد کو ترجیح دینی چاہیے۔ ہر صوبہ، تقریباً FBR 11% کے tax collection کے مقابلے میں بہتر کارکردگی دکھا رہا ہے۔ آپ دیکھ لیجیے دوسروں کا percentage کیا چل رہا ہے۔ budget میں باتیں ہوں گی، سندھ کا تقریباً22% ہے، اور دیگر صوبوں کا بھی اس سے زیادہ ہےthey have much better record than FBR۔ ہماری آئندہ تجویز یہی ہونی چاہیے کہ goods کی collection بھی صوبوں کو دی جائے، تاکہ tax collection مزید بہتر ہو۔ آپ service sectorپر tax لے رہے ہیں، اور جہاں جہاں عوام کو relief دینا ہے، وہاں کچھ اچھی چیزیں بھی ہوئی ہیں، جنہیں تسلیم کرنا چاہیے۔

جناب، ہمارا اس میں یہ focus بھی رہا ہے کہ خواتین کی hygiene کےproducts ، جو ہر طبقے کی بنیادی ضرورت ہیں اور جن پر بات بھی نہیں کی جاتی، ان پر 18% sales taxختم کیا گیا ہے۔ اسی طرحcontraception ، جو family planning کے لیے استعمال ہوتا ہے، اس پر بھی 18% sales taxہٹا دیا گیا ہے۔ (جاریT07)

سینیٹر شیری رحمان: (جاری) contraception جو family planning کے لیے استعمال ہوتا ہے، اس پر sales 18% tax ہٹایا گیا ہے چونکہ ملک میں بنتی نہیں ہے۔ Family planning کے کوئی products ملک میں بنتے نہیں ہیں، import کرنا پڑتا ہے۔ So these, we have urged کہ ان پر taxation ختم کی جائے and we are grateful کہ ایسا ہوا ہے لیکن بہت ساری چیزیں ہیں جو نہیں بھی ہوئی ہیں مثلاً businesses کے حوالے سے تھوڑا اس کو cautiously تسلیم کر رہے ہیں کہ ہمیں growth کے لیے incentivize کیا جا رہا ہے۔ جناب چیئرمین! Growth کے لیے اس سے زیادہ incentivize کرنا ہوگا کیونکہ اس وقت ملک میں unemployment 7% ہے۔ جس ملک میں سات فیصد بے روزگاری ہوگی تو وہاں آپ کو taxation کی مد میں غریب عوام کے لیے اور businesses کے لیے بھی سوچنا ہوگا، وہ اس وقت ہمیں بالکل focus رکھنا چاہیے اور میں اتنا ضرور کہوں گی کہ جو حالات تھے، جس حالت میں یہ ملک آگے چل رہا ہے تو stabilization ضرور ہوئی ہے لیکن جناب چیئرمین! ہم ہر مرتبہ IMF, IMF نہیں کر سکتے۔ اس کا پروگرام آپ کو restrict بھی کرتا ہے۔ میرے پاس زیادہ وقت نہیں کیونکہ ہم نے طے کیا تھا کہ ہم پندرہ منٹ بولیں گے اور پھر باقی ممبرز بھی دس دس منٹ بول لیں۔ میں یہ ضرور کہوں گی کہ expenditure حکومت کے بھی ہیں، جناب! آپ نے بھی austerity کی بات کی، پچھلے مہینے بات ہوئی تھی۔ دو مہینے پہلے austerity کی بڑی بات ہوئی تھی۔ جنگوں کا pressure ہے، پاکستان پر نیشنل سیکورٹی کا ایک مستقل pressure ہے۔ ان حالات میں جس طرح پاکستان نے اپنے آپ کو conduct کیا ہے تو اس پر آفرین ہے۔ حکومت، armed forces اور ہم سب پر بھی آفرین ہے لیکن آپ اپنا tax base بڑھا دیں، ہم نے اخراجات کم کرنے کی بات کی ہے کہ وفاقی حکومت اپنے اخراجات کم کرے۔ Devolution ہو چکا ہے، جناب چیئرمین! جب آپ وزیراعظم تھے، آپ نے بہت ساری Ministries devolve کیے۔ وہ ابھی تک وہیں کھڑی ہیں۔ آپ budget debate میں ان کے اخراجات ضرور پوچھیے گا۔ جو وزارتیں ابھی تک کھڑی ہیں جو technically devolve ہو چکی تھیں۔ گیلانی صاحب کے Prime Minister-ship میں وہ ساری devolve ہو چکی تھیں لیکن ابھی تک کھڑی ہیں۔ ایک اور exercise کیجئے گا کہ اس کے ساتھ ساتھ کتنی Authorities parallel میں کھڑی ہو گئی ہیں۔ آپ جو Bills pass کر رہے ہوتے ہیں، کچھ essential Authorities ہوتی ہیں، کچھ تو parallel structures بنتے جا رہے ہیں these Ministries have not been devolved, تو وفاقی حکومت کا expenditure کیا ہے؟ جناب! آپ کے PSDP

سے زیادہ ہے۔.Just running a Federal Government is more than your PSDP یہ ایک کھرب روپے ہے۔ تو آپ بتائیں، آپ اپنے اخراجات کا سوچیں۔ جس ملک کا development expenditure Federal level پر بھی اتنا کٹتا جائے اور صوبوں پر تو بالکل کٹوتی لگ گئی ہے۔ نہ تو وہ کوئی نیا پروجیکٹ دے پا رہے ہیں، نہ وہ پانی کا کوئی وسیلہ لوگوں کو دے پا رہے ہیں اور نہ socio-education and health پر کوئی expenditure کر پا رہے ہیں۔ یہ بہت بڑے منصوبے بنا کرتے تھے، اب ہم سندھ میں کریں گے تو public-private partnership میں کریں گے لیکن ہر چیز کی ایک basic وسیلہ چاہیے ہوتا ہے۔ تو ترجیحات بھی دیکھنی چاہییں۔ اپنا جو final spread ہے، جناب چیئرمین! آخری بات کہوں گی۔ State Owned Enterprises کا بھی اس وقت 450 یا 461 billion خرچہ آرہا ہے۔ SOEs میں آپ کی بہت ساری parallel چیزیں بھی چل رہی ہیں، ابھی تک وہ کٹے نہیں ہیں، ان کے cumulated losses staggering ہیں، energy losses staggering ہیں جبکہ پورا ملک renewable energy پر جانے کو تیار ہے تو وہ reforms شروع کریں۔

جناب! آخری بات، ایک منٹ لوں گی۔ ابھی بھی پورا ملک شدید گرمی کی لپیٹ میں ہے۔ آپ کے فصلوں کا مسئلہ ہوتا ہے، mango export کا مسئلہ ہوتا ہے، پانی کی قلّت ہونے لگتی ہے۔ سندھ ابھی بھی رو رہا ہے کہ ہمارا ملک صحرا بن گیا ہے۔ بلوچستان تو ہر قطرے کو ترس رہا ہے۔ خیبر پختونخوا میں forestry کے مسئلے ہو رہے ہیں۔ ہر جگہ مسئلے مسائل ہیں۔ سیلاب آتا ہے۔ ہر دن لوگ تباہی کے دہانے پر کھڑے ہوتے ہیں۔ تو climate change دنیا کی حقیقت ہے۔ یہ آپ کو ایک scarcity century میں لا رہی ہے۔ ساری دنیا اس کو تسلیم کرتی ہے لیکن ہمارے یہاں اس پر اخراجات کم کیے جا رہے ہیں۔ Believe it or not, carbon climate levy لگائی جا رہی ہے climate کے نام پر، اس کے نام پر، IMF تسلیم کرتی ہے کہ levy لگائی جا رہی ہے، وہ levy climate پر خرچ نہیں ہو رہی ہے اور جو Climate Ministries ہیں، ان کے اخراجات slash ہو رہے ہیں۔ تو کیا کیجیے گا، پھر ملک سے باہر تو آپ کو لوگ پیسے نہیں لا کر دیں گے کہ آپ اپنی climate, agriculture اور food security کو ٹھیک کریں۔ اب تو یہ سب ہمارا ہی کام بن گیا، ہم ہر مرتبہ یہ بات کہہ چکے ہیں۔ جناب! Climate کا food security پر direct impact ہوتا ہے۔ ایک زمانہ تھا، پھر میں کہوں گی، میں صرف یہ نہیں کہہ رہی ہوں کہ آپ بیٹھے ہیں، میں آپ کی کابینہ کا ایک اہم حصہ تھی۔ ہم نے پہلا کام wheat support price دے کر کیا تھا۔ آپ نے اور زرداری صاحب نے کہا کہ جیسے ہی ہم sworn in ہوں گے تو شام کو کابینہ کی پہلی meeting wheat support پر کرنی ہے اور وہی

کیا۔ and we were exporting wheat. Pakistan was exporting wheat. We were feeding up equal and we were exporting wheat, I am proud to say. آج کیا حالات ہیں۔ آپ cotton import کر رہے ہیں، wheat import کرتے ہیں اور اب sugar import کرتے ہیں۔ ان سب میں ہم خود کفیل ہوتے تھے۔ تو آپ اپنے sectors کا سوچیے اور climate کے جو اثرات ہوں گے وہ بہت سنگین ہوں گے۔ آئی ایم ایف کو خوش کرنے کے لیے carbon اور climate کو levies نہ بنائیں۔ اگر ان کو بنانا بھی ہے تو proper sales tax بنائیں اور اس کی collection صوبوں کو دیں اور de-carbonization کو link کریں، بلوچستان میں پانی کا مسئلہ ہوگا، سندھ میں پانی اور کھیتی باڑی کا مسئلہ ہوگا، smart agriculture کا مسئلہ ہوگا، پنجاب میں کوئی اور ہوگا۔ Air pollution کا بہت بڑا مسئلہ ہے۔ خیبر پختونخوا میں پہاڑوں اور گلگت تک، یہ سارے مسائل ہیں، آپ کے 16% glaciers پگھل رہے ہیں، so we have to be very clear Sir. باہر ایک تقریر ہوتی ہے، پھر budget making میں ہم کس کس کے دباؤ میں آ کر کیوں اس طرح کے کام کرتے ہیں۔

آخری گزارش یہ ہوگی کہ اگلے بجٹ سے پہلے براہ مہربانی ہم سے جنوری سے بات کریں۔ ہم سب بیٹھ کر کمیٹیوں میں اور اگر اپوزیشن کمیٹیوں میں آئے تو ایک جامع منصوبہ بندی ہو سکتی ہے، جس کے نام پر ہم آگے چل سکتے ہیں۔ ان ہی الفاظ کے ساتھ میں آپ کا شکریہ ادا کروں گی اور امید کروں گی کہ we have a very lively budget session. Thank you.

Mr. Chairman: Senator Khalil Tahir would like to point out that two members of the armed forces belonging to Christian community were martyred in the incident of helicopter crash in Muzafarabad. The House may observe one minute silence for the departed souls. You want to say something? We will observe one minute silence. Thank you. You have already point out.

*(At this stage, one minute silence was observed)*

Mr. Chairman: Now I will give the floor to Senator Dr. Afnan Ullah Khan from the ruling party.

*(Interruption)*

جناب چیئرمین: سیکرٹری صاحب! کوئی بھیجیں کہ ان کو بلوائیں۔ Actually they are celebrating.

سینیٹر افنان اللہ خان: جناب! میں اس کے بعد speech کر لیتا ہوں۔ میں اپنی speech تھوڑا سا تیار کر رہا ہوں۔

جناب چیئرمین: اب نہیں کرنا چاہتے ہیں۔

سینیٹر افنان اللہ خان: ابھی نہیں جناب! آدھے گھنٹے بعد کر لوں گا۔

جناب چیئرمین: آدھے گھنٹے کے بعد کریں گے۔

سینیٹر افنان اللہ خان: جی جناب۔

جناب چیئرمین: پھر دیکھا جائے گا کیونکہ میرے پاس PML (N) سے نام ایک ہی آیا ہے۔

سینیٹر محسن عزیز: جناب! میں speech کر دیتا ہوں۔

(مداخلت)

جناب چیئرمین: پارلیمانی لیڈرز، سینیٹر علی ظفر صاحب! آپ کس کو چاہتے ہیں کہ وہ بولیں۔ whom you want to speak?

سینیٹر سید علی ظفر: جناب! محسن عزیز صاحب بول لیں۔

جناب چیئرمین: جو لسٹ میرے پاس آئی ہے اس میں محسن عزیز صاحب کا نام No. 01 پر آتا ہے۔ (جاری---T08)

**T08-15June2026 Ali/Ed: Waqas 01:50 pm**

جناب چیئرمین: جو list میرے پاس آئی ہے اس میں محسن عزیز کا نام No.01 پر آتا ہے، سینیٹر محسن عزیز صاحب۔

**<u>Senator Mohisn Aziz</u>**

سینیٹر محسن عزیز: بسم اللہ الرحمٰن الرحیم۔ جناب! آج یہ میری بارہویں Budget speech ہے اس Senate میں اور میں 2027 میں retire ہو جاؤں گا، تو یہ شاید میری آخری Budget speech ہو گی۔ ایسے میں مجھے، یہاں پر جو لوگ تشریف فرما ہوتے تھے حاصل بزنجو صاحب، اعتزاز احسن صاحب، شبلی فراز صاحب، راجہ ظفر الحق صاحب، یہاں پر ہمارے چوہدری اعزاز صاحب بیٹھتے تھے، رضا ربانی صاحب تھے، مشاہد حسین صاحب تھے، جاوید عباسی تھے، الیاس بلور تھے؛ ان جیسے لوگ اس لیے یاد آتے ہیں، کہ کیا شستہ گفتگو ہوتی تھی، کس طریقے سے یہاں پر، چاہے وہ opposition میں تھے، چاہے وہ treasury benches میں تھے، کس طریقے سے گفتگو ہوتی تھی،

سمجھ آتی تھی، ایک process of learning ہوتا تھا اور آج میں معذرت سے کہتا ہوں کہ اس کا فقدان ہے۔ ہاں، آج بھی ایسے لوگ موجود ہیں، جو کہ اچھی بات کرتے ہیں، لیکن پاکستان کی deterioration جیسے دیکھ رہے ہیں، House میں بھی وہی deteriorationاس وقت نظر آ رہی ہے اور اس کی وجہ basically rigged elections ہیں جو ہمیشہ پاکستان میں ہوئے ہیں۔ جس طریقے سے 2024 کے elections کو دیکھا جائے، تو ایک پارٹی سے نام لے لیا گیا، جھنڈا لے لیا گیا، ان سے نشان لے لیا گیا، سب کچھ لینے کے باوجود جو ظلم کا بازار تھا وہ گرم تھا۔ اس کے بعد بھی ان کو Form-47 کو استعمال کرنا پڑا، کیونکہ اس کے بغیر بھی ان کی majority نہیں آ رہی تھی۔ اب دیکھیے، ایک party leader جس پر سو سے زیادہ cases ہیں، وہ آج پابند سلاسل ہے۔ وہ آج ناکردہ گناہ کی وجہ سے جیل میں ہے۔ صحت کی سہولت اس کو نہیں مل رہی، family سے اس کو ملنے نہیں دیا جا رہا۔ اب ایسے میں دنیا کے معاملات، پاکستان کے معاملات کیسے آگے چلیں گے؟ وہ اس طرح سے چلیں گے جیسے کہ آج ہم دیکھ رہے ہیں۔

GB کا election آپ کے سامنے ہے، پیپلز پارٹی والے کہتے ہیں کہ وہاں ہمارے ووٹ زیادہ تھے، rigging ہوئی ہے، ن لیگ والے بھی یہی کہہ رہے تھے۔ لیکن دراصل اگر صحیح بات کی جائے تو نہ یہ تھے نہ وہ تھے، ادھر ہم تھے۔ لیکن ہم کچھ کہہ نہیں سکتے، مجبوری ہے کہ جب ہم کہتے ہیں تو ہم غدار وطن کہلاتے ہیں۔ میں یہاں پر یہ بات کہتا چلوں کہ چاہے میری پارٹی اس پر مجھ سے خفگان بھی کرتی، میرے سے ناراض بھی ہوتی اور مجھے reprimand بھی کرتی؛ لیکن خدا کی قسم، آج میں دل سے بات کر رہا ہوں کہ اگر پاکستان پہلے سے بہتر ہو گیا ہوتا، اگر پاکستان جو ساڑھے تین سال کی حکومت تھی اس سے بہتر ہو گیا ہوتا، آٹا، بجلی اور گیس سستی ہو گئی ہوتیں، اگر یہاں پر دالیں سستی ہو گئی ہوتیں، اگر GDP growth یہاں ہو گئی ہوتی، اگر پیٹرول یہاں سستا ہو گیا ہوتا، اگر ڈالر یہاں سستا ہو گیا ہوتا، تو خدا کی قسم میں یہاں کھڑے ہو کر اس حکومت کی تعریف کرتا۔ اگر اصل میں دیکھا جائے تو سب کچھ اس کے برعکس ہوا۔ آپ کو میں یاد دلاتا جاؤں، جب پیٹرول اس زمانے میں Brent 112 dollar per barrel پر ہو گیا تھا، آج جو کہ 82 یا 85 ڈالر پر ہے، اس وقت پیٹرول 150 روپے کا تھا۔ آج کتنے کا ہے؟ 332 روپے کا۔ اس وقت ڈالر 178 روپے کا تھا، آج کتنے کا ہے؟ 280 روپے کا۔ اس وقت بجلی کتنے کی تھی؟ 17 روپے فی یونٹ، آج کتنے کی ہے؟ 38 روپے کی۔ اس وقت گیس کا rate کیا تھا؟ 550روپے, per MMBTU آج کتنے ہیں؟ 1300 روپے per MMBTU یہ صرف domestic consumer کے لیے ہے؛ باقی جو industrial ہے، وہ تو بہت بڑھ گیا ہے۔ آٹا کتنے کا تھا؟ وہ 1100 روپے کا تھا، آج کتنے کا ہے؟ 3600 کا ہے۔ اس وقت گھی کتنے کا تھا؟ 300 کا تھا، آج کتنے کا ہے؟ 600 روپے کا ہے۔ دال

کتنے کی تھی؟ 160 روپے کی تھی، آج 350 کی ہو گئی ہے۔ اس کو آگے بڑھاتے جائیں تو بہت ساری ایسی چیزیں ہیں جو double سے بھی tripleہو گئی ہیں۔

دوسری طرف اگر آپ دیکھیں تو ہمارا جو قرضہ ہے، اس وقت 2022 میں ہمارا total قرضہ 45 Trillion تھا، جو اب بڑھ کر 82 Trillion پر چلا گیا ہے، لیکن اگر real term میں دیکھا جائے تو 97 Trillion ہے۔ یہ آپ دیکھیں کہ 74 سالوں میں ایک ملک کا قرضہ 44 Trillion پر گیا، اور صرف چار سالوں میں وہ 120% بڑھ گیا۔ اتنا بڑا ظلم! اور وہ بھی اگر آپ دیکھیے تو وہ پیسہ کہاں چلا گیا؟ نہ کوئی نئی سڑک نظر آئی ہے، نہ کوئی نیا ڈیم نظر آیا ہے، نہ کوئی نئی university نظر آئی ہے، نہ کوئی نیا بڑا hospital نظر آیا ہے، وہ پیسہ گیا تو کدھر گیا؟ اس ملک پر double سے بھی زیادہ قرضہ ہو گیا ہے خدا کی امان! ہم پاکستان کو کس طرف لے جا رہے ہیں؟ مطلب اتنا بڑا ظلم، اتنا بڑا تماشا تو ہم نے کبھی نہیں دیکھا جو ان چار سالوں میں پاکستان کے ساتھ ہو گیا ہے۔ FDI کی اگر آپ بات کریں تو 1.4 Billion Dollar کی صرف اور صرف یہاں FDI آئی ہے، جو کہ اس زمانے میں 2.5 Billion Dollar پر آ چکی تھی۔ یعنی ترقی کے بجائے یہ بھی تنزلی کی طرف چلا گیا۔ اب جس ملک میں سیاسی استحکام نہ ہو، جس ملک میں سخت قسم کی polarization ہو، وہاں یہی ہو گا۔

(اس موقع پر میڈم پریذائیڈنگ آفیسر سینیٹر شیری رحمان کرسی صدارت پر متمکن ہوئیں)

آپ دیکھیں، ہمارے مقابلے میں India میں، ہماری جو FDI ہے، وہ 94 Billion کی آئی ہے۔ Vietnam میں 50 Billion کی آئی ہے اور ہم 1.4 Billion پر بیٹھ کر شادیانے بجا رہے ہیں۔ اب FDI کیسے آ سکتی ہے؟ جبکہ ہمارے جو multinationals ہیں، جو foreign companies ہیں، کیونکہ میں سمجھتا ہوں پاکستان میں blue-eyed ہیں، کیونکہ ان کے پیچھے حکومتیں اور ان کے پیچھے ان کے Ambassadors کھڑے ہوتے ہیں۔ وہ Shell ہے، یا Lilly ہے، یا Bayer ہے، یا Puma ہے، یا Lotte ہے، یا Telenor ہے، یا Procter & Gamble ہے؛ وہ سب پاکستان سے چلے گئے ہیں۔ اگر آپ Export کی بات کریں تو 2022 میں جو ہم نے 32 Billion کو touch کیا تھا، وہ آج 30 Billion بھی اس سال پورا نہیں ہو گا۔ اب ایسے میں دنیا کس طرف جا رہی ہے اور ہم کس طرف جا رہے ہیں؟ India کی exports 440 Billion پر چلی گئی ہے۔ Bangladesh کی ماشاء اللہ 50 Billion پر چلی گئی ہیں۔ Vietnam کی پچھلے دس سالوں میں Growth 450 Billion پر گئی ہے۔ 2018 سے 2022 کے درمیان یا تو ہم stagnant کھڑے ہیں یا ایک jump آئی تھی، اس کے بعد وہ stagnant کھڑی

ہے بلکہ downfall کی طرف ہے۔ اب بات یہ ہے کہ یہاں تو دن بہ دن ہم خرابی اور بدترین طرف جا رہے ہیں، ہم آگے نہیں پیچھے کی طرف جا رہے ہیں، ہم reverse gear پر جا رہے ہیں۔ یہ ملک کب تک اس کو برداشت کرے گا۔ دو سیاسی جماعتوں نے اس ملک پر حکومتیں کی ہیں، ایک سیاسی جماعت نے ساڑھے تین سال حکومت کی، جو کہ بہت نالائق تھی، بہت کمزور تھی اور اس میں سمجھدار لوگ تھے ہی نہیں، آپ ان کے figures دیکھیں اور دوسری طرف دو سیاسی جماعتوں نے یہ حکومت بنائی ہے اور جھوٹے وعدوں اور دعوؤں کے علاوہ اس عوام کو کچھ بھی نہیں دیا۔

Petrol levy کی بات کریں، تو یہ اس وقت peak پر چلی گئی ہے۔ ایک حکومت، جو 2022 میں تھی، اس میں صرف اور صرف 128 Billion روپے لیا گیا تھا۔آج 1400 Billion یعنی 1.4 Trillion لیا جا رہا ہے، لے لیا گیا ہے اور اگلے سال، ماشاء اللہ، اس کو 1.7 Trillion میں ڈالا گیا ہے۔ اس levy کو کس سے لیا جا رہا ہے؟ غریب سے لیا جا رہا ہے اور غریب کی کمر ہی توڑی جا رہی ہے۔ اس سال میں اگر آپ دیکھیں تو جس طریقے سے یہ levy لیں گے، یہ غریب عوام ہی دے گی اور کوئی نہیں دے گا۔ Elite کو اتنا فرق نہیں پڑتا، اسلام آباد میں دیکھیں یا کہیں اور دیکھیں، تو وڈیرے ہیں یا industrialists ہیں؛ ان کے پیچھے بھی گاڑی چل رہی ہے، آگے بھی گاڑی چل رہی ہے، لیکن مارا تو غریب کسان گیا ہے، مارا تو غریب گیا ہے جو پستا چلا جا رہا ہے۔ حکومت فلاح پر خوش ہوتی، حکومت لوگوں کی خوشحالی پر خوش ہوتی ہے، یہاں تو قصہ ہی مختلف ہے۔ ابھی آپ دیکھ لیجیے کہ 200 Unit والے بجلی کا صارفین کو ایک lifeline consumer کہا گیا تھا، ان کو subsidy دی گئی تھی۔ اگر کسی دن اس کی بجلی زیادہ لگ گئی، پنکھا زیادہ چل گیا، استری زیادہ چل گئی۔ (جاری ہے (T-09)

**T09–15June2026 Imran/ED: Shakeel 02:00 pm**

سینیٹر محسن عزیز: (جاری۔۔۔۔) اگر کسی دن اُس کی بجلی زیادہ لگ گئی، کوئی پنکھا زیادہ چل گیا، کوئی استری زیادہ چل گئی، کوئی بلب زیادہ چل گیا، کوئی غلطی ہو گئی اور وہ دو سو یونٹ میں جب چلا جاتا ہے تو اُس سے normal rate لیتے ہیں۔ اُنھوں نے اپنے آپ کو protect کرنے کے لیے یہ کیا ہے کہ کچھ چھوٹے چھوٹے solar لگا دیے۔آج اُن کو ڈاکو کہا جا رہا ہے۔آج اُن کو کہا جا رہا ہے کہ انہوں نے ڈاکا ڈالا ہے۔ بھائی، ہم نے تو کمیٹی میں بھی بیٹھ کر یہ کہا تھا کہ اگر آپ کی دو سو یونٹ پر life line ہے تو اُس کو دو سو یونٹ رہنے دیں۔اُس کے علاوہ ایک چھوٹا سا subsidized rate آپ تین سو کے لیے کر دیں، پھر چار سو کر دیں۔اُس کے بعد بے شک آپ نے normal rate کرنا ہے تو کر دیں۔

اس سے یاد آتا ہے کہ England میں 1696 میں ایک tax لگایا گیا تھا جس کو کہا گیا تھا "Sunlight Tax"۔ وہ tax یہ تھا کہ جس گھر میں جتنی کھڑکیاں تھیں، اُن پر tax لگا دیا گیا تھا اور وہ ایک اُس طرح کے دانش ور لوگ تھے کہ اُنہوں نے اُس کو tax کر دیا۔ اُس کا result یہ نکلا کہ لوگوں نے کھڑکیاں بند کرنا شروع کر دیں۔ Resultantly there was a chaos اور اُس کے بعد وہاں پر صحت کی خرابی ہوئی جس کی وجہ سے حکومت نے وہ اپنا فیصلہ واپس لے لیا۔

پاکستان میں بھی یہی چیز ہے کہ پاکستان میں غریب کو نہیں دیکھا جا رہا، خوش حالی کو نہیں دیکھا جا رہا، صحت کو نہیں دیکھا جا رہا، صرف اور صرف tax کو دیکھا جا رہا ہے۔ ابھی آپ اگر اس بجٹ کی بات کریں، 27-2026 کا جو بجٹ ہے، تو اس میں بیشک آپ اخبار میں، TV پر جتنے بلند و بانگ دعوے کریں لیکن دراصل یہ بجٹ گرد، گدا اور گورستان کے علاوہ کچھ بھی نہیں ہے۔ اس میں یہی ہے کہ جو ہماری بیماری پہلے تھی، وہ بیماری بڑھ گئی ہے، اور ڈاکٹر ہم نے وہی تجویز کیا ہوا ہے۔ ڈاکٹر بھی ہمارا وہی IMF کا ہی ہے۔

میڈم پریذائیڈنگ آفیسر: سینیٹر صاحب، wind up کریں۔

سینیٹر محسن عزیز: مجھے صرف دو منٹ دیں۔

میڈم پریذائیڈنگ آفیسر: نہیں، صرف ایک منٹ ہے۔

سینیٹر محسن عزیز: بات یہ ہے کہ جی، اُس میں ڈاکٹر بھی وہی ہے اور دوائی بھی وہی ہے۔ جب دوائی بھی وہی ہے، ڈاکٹر بھی وہی ہے اور بیماری بڑھ رہی ہے تو اس کی کس طریقے سے remedy آئے گی؟ یہ ہماری سمجھ سے باہر ہے۔

یہاں پر non-filer کی بات کی گئی، اور نگزیب صاحب نے یہاں پہلے بات کی کہ no-filer is no concept کہ دنیا میں ایسا کوئی concept نہیں ہے لیکن یہاں پر اُن کو میرا خیال ہے کہ چھوڑا نہیں گیا۔ اُنہوں نے صحیح بات کی تھی کہ یہ non-filer کا concept دنیا میں نہیں ہوتا۔ پاکستان میں ختم کر دیں لیکن یہاں پر political will بھی نہیں ہے اور یہاں پر stability نہیں ہے جس کی وجہ سے نہ صرف تاجر دوست اسکیم ختم ہوئی، نہ صرف پاکستان اُڑان ختم ہوا بلکہ ابھی بھی جو آپ نے تاجروں پر جو tax لگایا وہ نہیں چلے گا۔

میں بات یہاں ختم کر رہا ہوں کہ جی، دیکھیے ہم نے PSDP کو صرف ایک بلین پر squeeze کر دیا ہے۔ دوسری طرف ہم نے tax بڑھا دیا ہے اور FBR کو ہم نے tax collection پر لگا دیا ہے۔ پھر FBR bad boy بن جاتا ہے۔ Bad boys تو یہاں،

پارلیمان میں موجود ہیں جو کہہ رہے ہیں کہ ایک طرف تو tax collection 1 trillion سے 7 percent short ہوئی ہے اور دوسری طرف سے آپ tax دس فیصد بڑھا رہے ہیں، تو یہ کیا ہے؟ Tax filers بڑھ ہی نہیں رہے تو یہ tax کس سے لیا جائے گا؟ اُنہی سے لیا جائے گا جو کہ اس وقت tax payers ہیں۔

صرف ایک سیکنڈ اور، میں یہ کہنا چاہتا ہوں کہ اگر ہم نے پاکستان کو آگے کی طرف لے کر جانا ہے، میں نے اور بھی باتیں کرنی تھیں، بہرحال اگر ہم نے پاکستان کو آگے کی طرف لے جانا ہے، اگر ہم نے یہاں پر education کو بڑھانا ہے، اگر ہم نے پاکستان کو governable بنانا ہے تو اس کے لیے political stability چاہیے۔ اگر political stability نہیں ہو گی تو کام آگے نہیں چلے گا۔ ہمیں IMF سے نجات دلانی پڑے گی، ہمیں industry کو چلانا پڑے گا، ہمیں روزگار لانا پڑے گا، inflation کو control کرنا پڑے گا اور سب سے ضروری بات یہ ہے کہ جو راستہ ہم نے اختیار کیا ہے، اُس راستے کا ایک route ہے اور وہ اڈیالہ کو جاتا ہے۔ اگر آپ نے وہ route ٹھیک کر دیا تو نہ صرف اس ملک میں stability آئے گی بلکہ پاکستان ترقی کی طرف بھی جائے گا۔

میڈم پریذائیڈنگ آفیسر: بہت شکریہ محسن عزیز صاحب۔ جی سینیٹر شہادت اعوان صاحب۔

**Senator Shahadat Awan**

سینیٹر شہادت اعوان: بہت شکریہ چیئرپرسن صاحبہ۔ آپ کا بہت شکریہ۔ آج کے بجٹ پر کچھ کہنے سے پہلے میں یہ کہوں گا کہ اس وقت کے عالمی اور ملک کے جو اندرونی حالات ہیں اُس کے پیش نظر جو موجودہ بجٹ ہے، اس کو متوازن بجٹ تو کہا جا سکتا ہے لیکن اگر اس بجٹ کو میں دیکھوں کہ عوام پر اس کا impact کیا ہو گا تو میرے خیال میں اس کو عوامی بجٹ کہنا میرے لیے قدرے مشکل ہو گا۔ میں آگے چل کر آپ کے سامنے کچھ حالات رکھوں گا کہ عوام کے لیے مجھے تعلیم کو دیکھنا ہو گا، صحت کو دیکھنا ہو گا، پاکستان ایک زرعی ملک ہے تو زراعت کے حوالے سے مجھے اس کا جائزہ لینا ہو گا۔ یہاں پاکستان میں اس بجٹ کو دیکھتے ہوئے میں کیا کہوں کہ اس بجٹ کے اندر حکومت نے کیا کچھ رکھا ہے یا کیا نہیں ہے۔

جناب چیئرپرسن صاحبہ، میں یہ آپ کے سامنے کہوں گا کہ صحت کی دیکھ بھال کے لیے حکومت نے یقینی طور پر یہ کہا ہے کہ یہ عوامی صحت کی دیکھ بھال کا بجٹ ہے لیکن پاکستان اکنامک سروے کے مطابق صحت کے شعبے پر GDP کا صرف 0.8 percent خرچ کیا جا رہا ہے، جو کہ انتہائی کم ہے لہٰذا چیئرپرسن صاحبہ، میرا یہ خیال ہو گا کہ ترقیاتی بجٹ میں صحت کے شعبے کو GDP کا 2.2 percent رکھنا جو ہے، اس کو آگے بڑھایا جائے۔

اس کے علاوہ اگر میں دیکھوں تو عالمی بھوک انڈیکس یعنی Global Hunger Index میں پاکستان 126 ممالک میں سے 123 نمبر پر ہے۔ لہٰذا میرا کہنا یہ ہوگا کہ یہ جو تشویش ناک صورت حال ہے، اس کے تحت پاکستان میں سولہ اعشاریہ پانچ فیصد آبادی غذائی قلّت کا شکار ہے۔ پانچ سال سے کم عمر تیس اعشاریہ چھ فیصد بچے نشوونما کی کمی کا شکار ہیں۔ دس فیصد بچے شدید غذائی کمی اور وزن wasting کا سامنا کر رہے ہیں جبکہ پانچ اعشاریہ پانچ فیصد بچے اپنی پانچویں سالگرہ سے پہلے ہی زندگی کی بازی ہار جاتے ہیں۔

تو ایسی صورتحال میں ملک میں ایک ہی پروگرام ہے جو کہ غریبوں کی کفالت کا پروگرام ہے، وہ بے نظیر انکم سپورٹ پروگرام ہے۔ تو میری گزارش یہ ہے کہ گو کہ اس پروگرام کے اندر کچھ اضافہ یقینی طور پر کیا گیا ہے لیکن میری استدعا یہ ہوگی کہ اس کے اندر مزید اضافہ کیا جائے تاکہ پاکستان کے اندر جو غربت ہے، جو افراطِ زر ہے اور جو مہنگائی ہے، اُس تناظر میں لوگوں کی بہتر طور پر کفالت کی جاسکے۔

جناب چیئرپرسن صاحبہ! بعد میں رہ گئے پاکستان کے زرعی حالات۔ پاکستان میں اس وقت جو زراعت کی صورتحال ہے تو میں یہ سمجھتا ہوں کہ اس ملک میں کسان جو ہے وہ سب سے زیادہ مشکل میں ہے۔ پاکستان کی exports میں سب سے زیادہ چیز جو پاکستان کا نام روشن کرتی تھی وہ کپاس کی فصل تھی، وہ آپ دیکھ لیں کہ بہت نیچے جاچکی ہے۔ ہم نے زراعت کے شعبے کو ترقی دینے کے لیے اعلیٰ قسم کے بیج یا کسی قسم کی زرعی تحقیق کے لیے جو بجٹ رکھا ہے، اُس شعبے کے اوپر ہمیں مزید توجہ دینے کی ضرورت ہے۔

جناب چیئرپرسن صاحبہ! آخری بات یہ ہے کہ اس بجٹ میں عوام میں سب سے زیادہ متاثر ہونے والے لوگوں میں تنخواہ دار طبقہ سرِفہرست ہے جو کہ اس ملک میں exporters اور retailers سے بھی زیادہ tax ادا کرتا ہے۔ اس بجٹ میں اُن کے لیے سات فیصد بڑھایا گیا لیکن میں کہتا ہوں کہ جو مہنگائی ہے اور جو افراطِ زر ہے، اُس کے لحاظ سے اس پر مزید غور کرنے کی ضرورت ہے۔

اس کے علاوہ چیئرپرسن صاحبہ، میں آپ کے سامنے یہ کہوں گا کہ یہ بجٹ یقینی طور پر مشکل حالات میں دیا گیا ہے لیکن یہ پاکستان کا پہلا بجٹ ہے اور عجیب بجٹ ہے جس میں وفاق بجائے صوبوں کی مدد کرے، وفاق صوبوں سے مدد مانگ رہا ہے۔ لیکن ان حالات میں سب سے زیادہ غور طلب بات یہ ہے کہ اس بجٹ میں ملک میں بڑھتی ہوئی بے روزگاری کا تدارک اور سدباب کرنے کے لیے بھی ہمیں غور کرنے کی ضرورت ہے تاکہ ہر سال ہمارے ملک میں جو ڈھائی لاکھ بے روزگار لوگوں کا اضافہ ہوتا جارہا ہے، اُس کے لیے ہمیں planning کرنی چاہیے۔ اُس کے اوپر مجھے کوئی چیز نظر نہیں آئی۔

سب سے بڑی بات میں بتاؤں کہ جناب چیئرپرسن صاحبہ، PSDP میں NHA کے لیے 224,515 ملین کی رقم گئی ہے اور پاکستان میں NHA کا جو سب سے اہم منصوبہ ہونا چاہیے وہ M-6 ہے۔ جناب یہ M-6 کیا ہے؟ جناب چیئرپرسن صاحبہ، پاکستان میں ہم نے جو motorways بنائے ہیں۔۔۔ (جاری۔۔۔۔۔T10)

T10-15June2026 Abdul Ghafoor/ED: 2:10 p.m.

سینیٹر شہادت اعوان: (جاری۔۔۔) میڈم چیئرپرسن! پاکستان میں ہم نے motorways بنائے ہیں بجائے اس کے port جہاں سے شروع ہوتی ہے وہاں سے موٹر ویز شروع کریں اُلٹا ہم نے پشاور سے شروع کیے ہیں۔اس کی وجہ سے سکھر حیدرآباد آج تک M-6 مکمل نہیں ہو سکا۔اس مرتبہ NHA نے اس project کے لیے حکومت سے 70 ارب روپے مانگے ہیں۔اس project کی total cost360 ارب روپے ہے لیکن Planning نے صرف 30ارب روپے دیے ہیں meaning thereby کہ آنے والے بارہ، چودہ سالوں میں یہ project جا کر مکمل ہوگا۔اس وقت اس کی cost کتنی ہو چکی ہو گی؟ میں سمجھتا ہوں کہ اس بجٹ میں project کو حکومت مکمل کرنے کے لیے اس کی نیت کے اوپر مجھے شک گزرتا ہے۔ اس project کو بنایا جائے ملک کے لیے بہت اہم ہے۔اسی طریقے سے اگر ہم چلیں Hyderabad سے Karachi کا national highway اس کو Motorway کا نام دیا گیا لیکن project highway ہے وہ اپنی جگہ ویسے کا ویسا ہے۔نہ اس کی fencing ہے،نہ وہاں پر interchange ہے،نہ اس کا status motorway والا ہے۔اس کی طرف بالکل قطعی طور پر کوئی توجہ نہیں دی گئی۔

میڈم چیئرپرسن صاحبہ! میری گزارش ہوگی کہ یقینی طور پر ملک کے حالات، عالمی صورت حال کے پیشِ نظر، مشکل تھے۔اس میں بجٹ قدرے بہتر دیا گیا ہے لیکن جو projects رکھے گئے ہیں، جو کام شروع کیا گیا ہماری کوشش تھی اور میری suggestion ہوگی کہ بہتر ہوگا کہ شروع کیے ہوئے projects ان کو پہلے مکمل کیا جائے بجائے اس کے کہ نئے projects پر PSDPs شروع کیا جائے۔ اس کے علاوہ میری گزارش ہوگی کہ ایک بہت دیرینہ K-IV project ہے، پاکستان کی آٹھویں آبادی کے لیے پانی کا project ہے کئی Prime Ministers نے اس کا افتتاح بھی کیا لیکن آج تک مکمل طور پر اس project کی funding نہیں ہو سکی۔

میڈم چیئرپرسن صاحبہ! میری آپ سے استدعا ہے کہ جہاں پر میں نے دیکھا ہے کہ اس بجٹ میں حکومت نے کہیں کہیں renovations کے funds رکھے ہیں میں سمجھتا ہوں کہ ہم ان کے متحمل نہیں ہو سکتے تھے۔ان کو وہاں سے خارج کیا جائے، تعلیم کے شعبے

میں ڈالا جائے۔ اس کے علاوہ اگر federal government کے پاس funds نہیں ہیں یا بجٹ constraint کرتی ہیں، میں کہتا ہوں کہ اٹھارویں ترمیم پر ban تھا اس پر عمل درآمد کیا جائے unnecessary Ministries کو ختم کیا جائے تاکہ اخراجات صوبے لے کر اپنے صوبائی ترقیاتی programmes پر عمل کر کے عوام کی بہتری کے لیے کام کر سکیں، بہت شکریہ۔

میڈم پریذائیڈنگ آفیسر: بہت شکریہ، سینیٹر شہادت اعوان صاحب آپ نے بالکل exact time میں اپنی speech مکمل کی ہے۔ اب میں ایوان کو remind کرا دوں کہ Parliamentary Leaders کے لیے House Business میں سب نے اس بات پر اتفاق کیا تھا کہ پندرہ منٹ Parliamentary Leaders بولیں گے اور دس منٹ ممبرز، کوشش رہے گی کہ آج جو request کر رہے ہیں ان کی request پوری ہو۔

(مداخلت)

میڈم پریذائیڈنگ آفیسر: جی، آپ کے دس منٹ پورے ہو گئے ہیں unless you become Parliamentary Leader جی، سینیٹر جان محمد صاحب۔

**Senator Jan Muhammad**

سینیٹر جان محمد: شکریہ، میڈم چیئرپرسن صاحبہ! بجٹ پر پاکستان پیپلز پارٹی اور PML-N ایک ساتھ بیٹھے تھے، کوئی دس دن میرے خیال میں اس دوران gap ہوئی۔ ہم سوچ رہے تھے کہ پتا نہیں کیا کچھ بہتر ہمارے لیے ہوگا، دونوں parties جب بیٹھ کر ساری چیزیں، بجٹ کو دیکھ رہے ہیں تو عوام، ملک، مزدوروں، کسانوں، بے روزگاروں، طلبہ ان کے لیے کوئی نہ کوئی بہتر package سامنے آئے گا لیکن بڑا افسوس ہوا کہ دیر کے بعد آیا اور وہی چیز آئی جس کی امید تھی۔ اس ملک میں یہ کوئی پرانی بات نہیں ہے کہ پاکستان انتہائی معاشی بحران کا شکار ہے۔ مہنگائی عروج پر ہے، قرضوں کے بوجھ تلے دبا ہوا ہے، زرمبادلہ کی کمی ہے، برآمدات بالکل رک گئی ہیں۔ صورت حال یہ بنی ہے کہ ملک میں آنے والی remittances ہماری برآمدات سے زیادہ ہے یعنی عجیب اور کتنی خوفناک بات ہے اگر آپ اس کی گہرائی میں جائیں، تخمینہ لگاتے کہتے ہیں کہ 15264 tax revenue ہے، پھر ایک نئی بات سامنے آ جاتی ہے کہ 5336 non-tax revenue ہے۔ میں نہیں سمجھتا کہ اس ملک میں جو کچھ حاصل ہو رہا ہے سرکار کے لیے non-tax ہے، صوبوں کے ساتھ بڑی زیادتی ہے، levy کی مد میں لیا جا رہا ہے یا کسی مد میں لیا جا رہا ہے بنیادی طور پر یہ وہ آمدنی ہے جو صوبوں سے آ رہی ہے۔ اس کو صوبوں سے الگ کر کے صوبوں کے ساتھ ایک بہت بڑی زیادتی کی جا

رہی ہے۔اس کو مکمل طور پر 20600 ظاہر کرنا چاہیے تھا، نہ کہ non-tax 5000 کو الگ کر کے صوبوں کی آمدنی کو مخصوص کریں کیونکہ اس طرح کی تقسیم سے صوبوں کو 8206 مل رہا ہے۔اسی طرح ہم interest payment پر جارہے ہیں وہ بھی 8054 billions ہے۔میں سمجھتا ہوں کہ ایک بڑی بات یہ ہے کہ already آپ نے دیکھا ہوگا ہم نے اٹھارویں ترمیم میں ایک فیصلہ کیا ہے، جس کا آپ نے بھی ذکر کیا کہ اٹھارویں ترمیم میں صوبوں کو مالی اور انتظامی اختیارات دیے گئے ہیں کہ وہ tax collect کریں گے لیکن پتا نہیں FBR کی کوئی بہت زیادہ طاقت ہے یا کیا ہے۔صوبوں کو اختیار ملنا چاہیے جو ان کا بنیادی اختیار ہے، وہ نہیں دیا جارہا۔اوپر سے ایک عجیب concept ہمارے سامنے آرہا ہے کہ وفاق صوبوں کو دے رہا ہے، یہ بات ہی غلط ہے، ایسا نہیں ہے کیونکہ ملک کی 20 trillion کی آمدنی ہے صوبوں کی ہے اسلام آباد تو تیس، چالیس کلومیٹر کا ہے یہاں کیا آمدنی ہو سکتی ہے؟ اگر اس کو پورے کا پورا لے بھی لیں تو کچھ نہیں ہے۔ساری آمدنی پنجاب کی ہے، سندھ کی ہے KPK کی ہے، بلوچستان کی ہے۔

میں سمجھتا ہوں کہ صوبے مرکز کو چلانے کے لیے بہت زیادہ دے رہے ہیں اس میں کوئی شک نہیں۔ابھی جا کر ایک نئی صورتحال بنی ہے کہ مزید صوبوں کے funds کو واپس لینے کے لیے ایک کوشش کی گئی ہے۔اس پر کبھی کوئی نئی ترمیم لانے کی بات کرتے ہیں۔ لوگوں کی توجہ ہٹانے کے لیے ایک non-issue چھیڑنے کی بات کرتے ہیں۔یہاں پر عجیب سی صورت حال ہے کہ لوگوں کی توجہ genuine issues سے ہٹائی جائے governance کا issue ہے، ہمارا پورا انحصار قرضوں پر ہے۔ایک IMF Programme سے نکلتے ہیں، دوسرے میں جانے کے چکر میں ہوتے ہیں۔آپ ہماری تمام headlines دیکھیں حکومتی کارکردگی دیکھیں فخر سے آ کر ہم TV پر کہتے ہیں کہ IMF سے deal ہو گئی ہے ابھی ہمیں کچھ ملنے والا ہے۔وفاقی حکومت، ایسا نہیں ہے کہ میرے خیال میں پاکستان کی جتنی بھی وفاقی حکومتیں رہی ہیں اس حوالے سے کوئی بہتری حساب میں نہیں آئی ہے یہ ہونا چاہیے کیونکہ ملک ابھی مزید ان مشکلات میں نہیں جاسکتا، بے روزگاری بڑھتی جا رہی ہے، اب صورت حال یہ ہے کہ دو کروڑ ستر لاکھ ہمارے بچے سکولوں سے باہر ہیں۔ (جاری---T-11)

**T11-15Jun2026 Naeem Bhatti/ED: Waqas 2:20 pm**

سینیٹر جان محمد: (جاری---) بے روزگاری بڑھتی جارہی ہے، صورت حال یہ ہے کہ دو کروڑ ستر لاکھ بچے سکولوں سے باہر ہیں۔ایک کروڑ وہ بچے ہیں جو پرائمری کے بعد تعلیم حاصل نہیں کرتے، اس لیے یہ صورت حال انتہائی گھمبیر ہے۔مہنگائی 29% بڑھی اور تنخواہ 7% بڑھائی گئی۔ لوگ اسے کیسے manage کریں گے؟ میں سمجھتا ہوں کہ تنخواہ دار لوگ تو تنخواہیں لے رہے ہیں، باقی ملک تو عذاب میں ہے، بے

روزگاری ہے، غربت ہے، مہنگائی ہے اور اس نے تو لوگوں کی کمر توڑ دی ہے۔ جنگ کسی اور ملک میں ہوئی جبکہ ہم فوری طور پر تیل کی قیمتیں بڑھا رہے ہیں، اس کی کوئی وجہ معلوم نہیں ہوتی۔ اگر آپ نے فوری تیل خریدا جبکہ آج جنگ رک گئی ہے تو پیٹرول کو ڈیڑھ یا دو سو روپے لیٹر پر آ جانا چاہیے۔ آپ فوری طور پر اعلان کریں کہ جنگ رک گئی ہے، صورت حال ٹھیک ہو گئی ہے اور کل سے پیٹرول کی قیمت دو سو روپے لیٹر ہو گی۔ میں سمجھتا ہوں کہ لوگوں کے جذبات کے ساتھ بہت زیادہ کھیلا جاتا ہے جو نہیں ہونا چاہیے۔

میڈم! اس ملک کا سب سے بڑا معاملہ عوام کے mandate کی چوری ہے، میں سمجھتا ہوں کہ یہ ساری چیزیں کر کے، بڑی اور چھوٹی ساری پارٹیاں compromised ہیں۔ ہم بے بس ہیں، ہم حیران ہیں کہ عوام کا حق ایک ہی ہے کہ وہ انتخاب میں اپنی رائے دیتے ہیں کہ کس کو حکمرانی کرنی چاہیے۔ اس وقت ملک میں مجھے کم از کم یہ نظر نہیں آ رہا ہے کہ اگلے کچھ انتخابات میں واقعی عوام کا حق انہیں مل سکے گا۔ یہ حق ابھی تک چوری ہو رہا ہے، ابھی تک اس کا کوئی احترام نہیں ہے، عوام جس کو بھی ووٹ دیں، ان کی مرضی ہے، پاکستان کی establishment فیصلہ کرے گی کہ کون حکمران بنے گا، کس پارٹی کو کس position میں آنا چاہیے۔ یہ سنجیدہ مسئلہ ہے، اس پر پیپلز پارٹی کو سوچنا چاہیے، اس پر مسلم لیگ کو سوچنا چاہیے، اس پر پی ٹی آئی کو سوچنا چاہیے۔ ان کے علاوہ بھی چھوٹی پارٹیاں ہیں، ان کا کردار کچھ زیادہ اچھا نہیں ہے، یہ بہت گھناؤنا ہے۔ میں سمجھتا ہوں کہ ہمیں سب سے پہلے عوام کے اس حق کو بحال کرنے کے لیے اقدامات کرنے چاہییں۔ ہم روزانہ یہاں بات کرتے ہیں کہ نئی ترمیم آ رہی ہے، چھبیسویں ترمیم آئی، ستائیسویں ترمیم آئی، اٹھائیسویں ترمیم کی بات ہو رہی ہے لیکن آپ حیران ہوں گے کہ سینیٹ اتنا بڑا ادارہ ہے جس کے پاس مالی اختیارات نہیں ہیں۔ ہماری پوری leadership ہر بات پر سوچنے کے لیے تیار ہے لیکن اس بات پر سوچنے کو تیار نہیں ہے کہ یہ ادارہ جو سب سے بڑا ادارہ ہے، اسے مالی اختیارات دیے جائیں، اس کو فیصلوں میں شامل کریں تاکہ بہتری آئے کیونکہ سینیٹ تو Federation کی نمائندگی کر رہا ہے۔ میں سمجھتا ہوں کہ پاکستان کا استحقام صوبوں سے ہے، صوبے خوشحال ہوں گے، صوبے مستحکم ہوں گے تو یہ ملک مضبوط ہو گا۔ اگر آپ صوبوں کو کمزور کریں گے، صوبوں کے ساتھ زیادتی کریں گے، سیاسی involvement ہو گی، لوگوں کے mandate پر ڈاکا ڈالیں گے تو ملک کمزور ہو گا، مستحکم نہیں ہو گا۔

میڈم! اس وقت بلوچستان سنگین صورت حال سے گزر رہا ہے، یقین کریں پورا ملک ایک طرف اور بلوچستان ایک طرف۔ بلوچستان میں آگ و خون کی جو ہولی جنرل مشرف نے شروع کی تھی، میں سمجھتا ہوں کہ جنرل مشرف نے جس منافقت سے اور بے دردی سے وہاں کے لوگوں کے ساتھ جو کچھ کیا، اس نے جو جنگ چھیڑی، آج وہ جنگ اتنی پھیل گئی ہے جس کا اندازہ نہیں ہے۔ آج بلوچستان عملاً no go area ہو

گیا ہے۔ سرکاری writ نہ ہونے کے برابر ہے، Deputy Commissioners اگر کہیں بیٹھے ہیں تو وہ صرف اپنے دفاتر میں بیٹھے ہیں، کاروبار بند، ٹرانسپورٹ بند، سڑکیں بند، سکول بند، کالجز بند، سب کچھ بند ہے اور میں حیران ہوں کہ وہاں کی صوبائی حکومت کہہ رہی ہے کہ سب کچھ ٹھیک ہے، سب کچھ ٹھیک تو red zone میں بھی نہیں ہے جو صرف دو کلومیٹر کے علاقے پر مشتمل ہے۔ حالت یہ ہے کہ red zone کی security بڑھانے کے لیے وہاں رہنے والے ذمہ داران نے اپنے قبائلی لوگ اپنے ساتھ رکھے ہیں۔ Missing persons کامسئلہ ہے، یہ مسئلہ شدت اختیار کر رہا ہے، ایک عجیب سی صورت حال ہے، روزانہ ایک طرف security کے لوگ مارے جارہے ہیں، دوسری طرف عام لوگ مارے جارہے ہیں، ان میں عام بلوچ بھی مارے جارہے ہیں۔ اس پر سوچنے والا کوئی نہیں ہے کہ یہ کیا ہو رہا ہے اور حکومتیں تماشائی بنی ہوئی ہیں۔ میں سمجھتا ہوں کہ اس ایوان کی یہ ذِمہ داری ہے، ہم Federation کی نمائندگی کر رہے ہیں، ہم بلوچستان کی یہاں نمائندگی کر رہے ہیں، ہم سندھ کی نمائندگی کر رہے ہیں، ہم خیبر پختونخوا کی نمائندگی کر رہے ہیں، ہم پنجاب کی نمائندگی کر رہے ہیں۔ اگر کہیں آگ جل رہی ہے تو ہمیں سوچنا چاہیے کہ اس آگ کو کیسے روکا جائے؟ بلوچستان میں بٹھائی گئی حکومت Form 47 کی حکومت ہے، یہ وہ لوگ ہیں جنہیں زبردستی کامیاب کرکے لایا گیا ہے، ان کا عوام سے کوئی لینا دینا نہیں ہے، ان کا وہاں کے لوگوں سے کوئی واسطہ نہیں ہے۔ اگر آپ دیکھیں تو یہ بنیادی طور پر جنگی منافع خور ہیں، بلوچستان میں جو آگ لگی ہے، اس کا فائدہ انہی لوگوں کو ہے جو اس وقت برسراقتدار ہیں۔ یہ پیپلز پارٹی کے نہیں ہیں، یہ مسلم لیگ کے نہیں ہیں، آپ ان کی تاریخ دیکھیں، جتنی بھی پارٹیاں برسراقتدار رہی ہیں، یہ لوگ ان میں رہے ہیں۔ یہ مسلم لیگ (ق) میں تھے، مسلم لیگ (ن) میں یہ تھے، پیپلز پارٹی میں یہ ہیں، BAP میں یہ ہیں، آپ حیران ہوں گے کہ یہ کس کس پارٹی میں رہے ہیں۔ اس کے معنی ہیں کہ یہ مخصوص لوگ ہیں جن کا عوام سے تعلق نہیں ہے، ان کا سرزمین سے کوئی واسطہ نہیں، وہاں آگ لگے، بچے مریں، لوگ مریں، تباہی و بربادی ہو، سڑکیں بند ہوں، سب کچھ ہو لیکن ان کااقتدار جاری رہے، وہاں corruption کے علاوہ کچھ نہیں ہو رہا ہے۔ وہاں کی حکومت نااہل ہے اور اس نااہل حکومت نے corruption کو بھی بڑھا دیا ہے اور بلوچستان کو جس آگ میں دھکیلا ہے اس کے انتہائی بھیانک نتائج ہوں گے۔ میں نے اس floor پر بارہا یہ بات کہی ہے کہ اس کو سنجیدہ لیا جائے۔ اب بھی وقت ہے کہ ہم لوگوں کے ساتھ بات کریں، لوگوں کے ساتھ dialogue کریں، عوام کے ووٹ کااحترام کریں، عوام کے mandate کااحترام کریں، عوام جسے بھی لاتے ہیں، اسے اجازت ہو کہ وہ آجائے، زبردستی لانے والے لوگ نہ پاکستان کے دوست ہو سکتے ہیں، نہ اس ملک کے دوست ہو سکتے ہیں، نہ بلوچستان کے دوست ہو سکتے ہیں، نہ بلوچ کے دوست ہو سکتے ہیں اور نہ پشتون کے دوست ہو سکتے ہیں۔ شکریہ۔

میڈم پریذائیڈنگ آفیسر: شکریہ۔ سینیٹر دلاور خان صاحب۔

**Senator Dilawar Khan**

سینیٹر دلاور خان: اَعُوذُ بِاللہِ مِنَ الشَّیطَانِ الرَّجِیم۔ بِسمِ اللہِ الرَّحمٰنِ الرَّحِیم۔ شکریہ، میڈم چیئرپرسن صاحبہ۔ (جاری۔۔۔۔T/12)

T12-15June2026 Tariq/Ed: Shakeel 02.30 pm

محترمہ پریذائیدنگ آفیسر: شکریہ، سینیٹر دلاور خان صاحب۔

**Senator Dilawar Khan**

سینیٹر دلاور خان: اعوذ باللہ من الشیطان الرجیم۔ بسم اللہ الرحمٰن الرحیم۔ شکریہ، محترمہ چیئرپرسن صاحبہ۔

ملا کرو ہم سے پہلی ملاقات کی طرح
بہانے نہ ڈھونڈ بگڑے ہوئے حالات کی طرح
ہر وزیر خزانہ کا یہی ایک وطیرہ ہے
نوالہ دیتا ہے غریب عوام کو خیرات کی طرح

محترمہ چیئرپرسن صاحبہ، میں موجودہ بجٹ کے حوالے سے بات کرنا چاہتا ہوں۔ کوئی کہتا ہے کہ بہت متوازن بجٹ تھا اور ابھی جان صاحب نے فرمایا کہ نااہل حکومت حکمران ہے۔ میں یہ سمجھتا ہوں کہ حکمران اہل ہیں اور ان کے کاغذات میں خیبر پختونخوا کے لیے اور بلوچستان کے لیے یہی کچھ ایجنڈا ہے اور اس ایجنڈے پر پوری اہلیت کے ساتھ من و عن چل رہے ہیں۔ میں اگر اپنے علاقے کی بات کروں کیونکہ وہ میرے ایمان کا حصہ ہے، ہمارے زمیندار رو رہے ہیں۔ نو اضلاع کے زمیندار اور تمباکو کے کاشت کار رو رہے ہیں اور کوئی پرسان حال نہیں ہے۔ ریاست کی مثال ماں کی طرح ہوتی ہے، جب بچہ روتا ہے تو ماں اسے دودھ پلاتا ہے اگر دودھ سے اس کا رونا ختم نہیں ہوتا تو پھر اس کے پیٹ یا کان کے درد کا پتا لگانے کے لیے ڈاکٹر کے پاس لے جانے کی کوشش کرتے ہیں۔

اب مجھے یہ بتایا جائے کہ نو اضلاع میں لوگ سراپا احتجاج ہیں اور تمباکو کی فصل تیار ہے اور خریداری کا موسم ہے۔ آئے دن ہم ٹیلی وژن پر دیکھتے ہیں کہ تمباکو میں، سگریٹ میں تین سوارب روپے کی ٹیکس چوری ہو رہی ہے۔ اب وفاقی حکومت کی صوبہ خیبر پختونخوا کے لیے اتنی اہلیت ہے، میں جان صاحب کے ساتھ اس بات پر agree نہیں کرتا کہ حکومت نااہل ہے، وہ اہل ہیں، یہ ان کا ایجنڈا ہے کہ ایک یہودی کمپنی کو نوازا جا رہا ہے، local industry پر Rangers بٹھائے ہیں، local industry پر Investigation Bureau کی surveillance ہے، local industry میں کیمرے لگائے ہیں، وہاں FBR کے سولہ سولہ اہلکار بیٹھے ہیں جو کہ پنجاب، حیدرآباد اور

اسلام آباد تمام RTOs سے ان کی deployment وہاں موجود ہے۔ ان تمام اہلکاروں کی موجودگی میں جو Rangers, FBR اور IB سے تعلق رکھتے ہیں اگر تین سو ارب روپے کی چوری کا ٹیلی وژن پر الزام لگایا جارہا ہے تو آیا حکومت کو نہیں چاہیے کہ وہ انہیں بلائے اور ان سے پوچھے کہ کون لوگ ہیں جو یہ اشتہارات دے رہے ہیں اور ہماری prime agencies اور intelligence agencies کو بدنام کر رہے ہیں۔ آیا Rangers بھی ان چوروں کے ساتھ ملے ہوئے ہیں؟ دو سالوں سے اربوں روپوں کے اشتہارات چلائے جا رہے ہیں۔

Agriculture production پر آئینی تقاضا یہ ہے کہ اس پر کوئی ٹیکس لاگو نہیں ہوتا۔ کپاس پر ٹیکس نہیں ہے، آلو پر ٹیکس نہیں ہے، آم اور کھجور پر ٹیکس نہیں ہے۔ کسی agriculture production جس میں گندم اور گنا ہے ان پر ٹیکس نہیں ہے لیکن تمباکو ہمارے بدقسمت صوبے کا جس طرح کہ جان صاحب نے فرمایا کہ پنجاب کی فصل نہیں ہے وہ خیبر پختونخوا کی فصل ہے اور اس کے ساتھ سوتیلی ماں جیسا سلوک ہو رہا ہے۔ تین سو نوے روپے فی کلو کے حساب سے تمباکو پر ٹیکس لگایا گیا ہے۔ اب وزیر خزانہ سے پوچھیں، میں نے ایک دن ان سے اس بابت بات کی تو انہیں اس کا اتا پتا بھی نہیں تھا کہ یہ کیا بلا ہے۔ ہمارے Tobacco Board کے چیئرمین کو جب بلایا جاتا ہے تو وہ Virginia Tobacco اور ملکی Tobacco کے بارے میں نہیں جانتے ہیں۔ یہ ہمارے لیے بہت بڑا سانحہ ہے کہ ہمارے لیے جو لوگ پالیسی بناتے ہیں، ٹیکس سسٹم بناتے ہیں، implementation اپنے subordinate staff کے ذریعے سے کراتے ہیں تو اللہ آپ کو ان سے معافی دے اور خود اپنے گوداموں سے تیس تیس کروڑ روپے کی چوری کرتے ہیں اگر اس کی انکوائری ہوتی ہے تو اس کا result nil نکلتا ہے۔ ابڑو صاحب sub-committee کے چیئرمین ہیں اور سرکاری گودام سے تیس کروڑ روپے کی چوری ہوئی ہے اور یہ بات میں نے فنانس کمیٹی میں بھی اٹھائی، Interior Committee میں بھی اٹھائی لیکن کوئی پرسان حال نہیں ہے تو آخر میں ہم نے اس بابت sub-committee بنادی۔ اللہ کرے کہ ابڑو صاحب اپنے اس mission میں کامیاب ہوں لیکن مجھے نہیں لگتا۔

اس بجٹ کی مثال اس طرح کی ہے کہ جیسے ایک بندہ chewing gum منہ میں ڈالے اور stomach اس چیز کا انتظار کر رہا ہے کہ ابھی میرے پاس کچھ آئے گا، وہ بندہ chewing gum کو چباتا رہتا ہے لیکن اس کے معدہ میں کچھ نہیں جاتا ہے، یہی اس بجٹ کا حال ہے کہ عوام انتظار کر رہی ہے کہ ہمارے پاس اس بجٹ کے کچھ ثمرات پہنچ جائیں گے لیکن اس کا جواب نہیں ہے۔ ہمارے ملک کی یہ حالت ہے کہ ایران اور امریکہ کا جھگڑا شروع ہوا، جس روز جھگڑا شروع ہوا اسی روز حکومت نے غریب عوام پر 55 روپے فی لیٹر کے حساب سے پٹرول بم گرایا۔ میں گزارش کرنا چاہتا ہوں کہ آپ Petroliam Ministry کے rules دیکھ لیں کہ 28 دنوں کا پٹرولیم کا stock ان کے پاس ہونا چاہیے

لیکن نااہل اور incompetent اہلکار ہیں، ان کے پاس یا تو stock نہیں تھا یا حکمران جماعت کے کارندوں نے اس میں رشوت لی اور 55 روپے لیٹر کا پٹرول بم عام عوام پر گرایا۔

یہاں پر rule of law کی بات ہو رہی ہے کہ ہم نے غریب عوام کے لیے بجٹ میں یہ کروایا ہے یا وہ کروایا ہے۔ Rule of law وہ تھا کہ حضرت عمر بن عبدالعزیز کے وقت میں عید آئی اور بیگم صاحبہ نے کہا، ان کی بیگم صاحبہ کون تھیں، وہ سات بادشاہوں کی بیٹی، بہن اور بیوی تھیں، تین ساڑھے تین براعظموں کے خلیفہ کی بیوی تھیں، انہوں نے کہا کہ ان کے شہزادوں کے کپڑے نہیں ہیں کیا کریں؟ سوچتے سوچتے خیال آیا کہ والی بیت المال یعنی کہ اورنگزیب صاحب وزیر خزانہ کو خط لکھیں اور انہیں کہیں کہ مجھے دو سال کی ایڈوانس تنخواہ دے دیں۔ جب خط گیا اور والی بیت المال نے دیکھا اور اسی خط کے دوسری جانب تحریر کیا، اور دوسرا صفحہ بھی استعمال نہیں کیا۔۔۔

محترمہ پریذائیڈنگ آفیسر: سینیٹر صاحب، wind-up کیجیے۔

سینیٹر دلاور خان: ایک منٹ میڈم، شاید آپ کو اسلامی بات اچھی نہیں لگتی ہے۔

محترمہ پریذائیڈنگ آفیسر: جو بھی بات ہے آپ wind-up کیجیے۔

سینیٹر دلاور خان: میں تو آپ کے knowledge میں اضافہ کر رہا ہوں کہ آپ کے اسلامی knowledge میں اضافہ ہو جائے لیکن آپ مجھے درمیان میں ٹوک رہی ہیں۔

محترمہ پریذائیڈنگ آفیسر: دس منٹ ہو چکے ہیں۔

سینیٹر دلاور خان: بیت المال کے انچارج نے کہا کہ آپ جو ایڈوانس مانگ رہے ہیں ان دو ماہ کی آپ مجھے گارنٹی دے دیں اور میں آپ کو ان دو ماہ کی تنخواہ ایڈوانس بھجواتا ہوں۔ انہوں نے والی بیت المال کو شاباش دی۔ یہ تھے ادارے، یہ اداروں کی مضبوطی تھی، میں یہ گزارش کرنا چاہتا ہوں کہ یہ chewing gum والا بجٹ ہے، نہ یہ متوازن بجٹ ہے۔ آگے جاری۔۔۔(T-13)

T13-15Jun2026 Mariam Arshad/Ed:Mubashir 02:40 p.m.

سینیٹر دلاور خان: (جاری۔۔۔۔) میں یہ گزارش کرنا چاہتا ہوں کہ یہ chewing gum والا بجٹ ہے نہ یہ متوادن بجٹ ہے، کچھ بھی نہیں ہے۔ آپ لوگ دو گھنٹے۔۔۔۔

میڈم پریذائیڈنگ آفیسر: بہت شکریہ۔

سینیٹر دلاور خان: سینیٹ کا بجٹ اجلاس شروع ہوا جب تک آپ کی partyراضی نہیں ہوئی تھی تب تک بجٹ متوازن نہیں تھا اور جب آپ راضی ہو گئے تو بجٹ متوازن ہو گیا۔ بہت شکریہ۔

میڈم پریذائیڈنگ آفیسر: بہت شکریہ۔ سینیٹر سرمد علی۔ Are you ready?

**Senator Sarmad Ali**

سینیٹر سرمد علی: میڈم پریذائیڈنگ آفیسر! ہم سب کو اس بات کا باخوبی اندازہ ہے کہ ہمارے ملک میں اور ہمارے ارد گرد خطے میں جو معاشی حالات ہیں اس نے ہم سب کی چولیں ہلا کر رکھ دی ہیں۔ ایران امریکہ جنگ میں پوری دنیا کے لیے لیکن خاص طور پر پاکستان کے لیے جو مسائل پیدا کیے ہیں اس کی پچھلے 22 ,20سالوں میں مثال نہیں ملتی۔ سونے پر سہاگہ یہ ہے کہ IMFکی سخت شرائط نے ہماری fiscal spaceکو بری طرح سے نچوڑ کر رکھ دیا ہے۔ ہمارے ہاتھ پاؤں باندھ کر ہمیں اکھاڑے میں پھینک دیا گیا ہے اور کہا جا رہا کہ اب growth deliverکریں۔ مجھے سمجھ نہیں آتی کہ اس قسم کے ماحول میں ہم کس طریقے سے growth deliverکر پائیں گے۔ جیسا آپ نے کہا تھا کہ بجٹ میں تحفظات کے باوجود PPPنے قومی مفاد کو مد نظر رکھتے ہوئے اس بجٹ کو supportکرنے کا فیصلہ کیا ہے لیکن اس کا مطلب یہ نہیں کہ ہم بجٹ کے بارے میں بات نہ کریں۔ ہمیں بجٹ کے بارے میں بات کرنی چاہیے اور جو ہمارے تحفظات ہیں ان کو بیان کرنے چاہیے۔

میں بجٹ پر بات کرنے سے پہلے تھوڑی دیر لوں گا کیونکہ آج کا دن بہت اہم ہے ایران امریکہ کی جو جنگ ہے closureکی طرف بڑھ رہی ہے اور اس کے لیے میں وزیر اعظم پاکستان شہباز شریف اور Chief of Defence Forces Field Marshal Asim Munirکو مبارک باد پیش کرتا ہوں۔ لیکن اس کے ساتھ ساتھ یہ بھی امید کرتا ہوں کہ اس جنگ کے بند ہونے سے جو اقتصادی بہتری آئے گی۔ تیل کی قیمتوں میں یا گیس کی قیمتوں میں جو کمی آئے گی اس کا فائدہ ہم عوام تک پہنچائیں گے نہ کہ pricesاتنی ہی رکھیں گے جو ہم نے برقرار کی ہوئی ہیں۔ مجھے امید ہے کہ petrol and electricity pricesمیں meaningfulکمی ہو گی اور جو مختلف levyلگائی گئی ہیں ان کو اگر withdrawنہیں کیا جائے گا تو at leastان کو rationaliseضرور کر لیا جائے گا۔

Madam Presiding Officer! Having said that it is given thatان مشکل حالات میں macro-economic stability deliverکرنا قابل ستائش ہے۔ جہاں ایک طرف جنگ سے پیدا ہوئی صورت حال ہو، ہندوستان کے adventurismکی وجہ سے ہمارے genuine security concernsہوں۔ Climate issuesہوں یا IMFکی طرف

سے createکی ہوئیsituationہو۔ ان سب challengesمیں بجٹ بنانا کوئی آسان کام نہیں تھا۔ اس challenging environmentمیں ہمmacro-economic stabilityتو deliver کر رہے ہیں لیکن اس macro-economic stabilityکا کیا فائدہ جب تک اس کا اصل فائدہ عوام تک نہ پہنچے۔ ہم جب macro-economic stability کی بات کرتے ہیں تو ہم کہتے کہ ہم نےexportsبڑھادی ہیں، ہمارےreservesبڑھ گئے ہیں لیکن اس کا فائدہ عوام کو نہیں ہو رہا۔ اس کو تو روز روٹی کھانی ہے، اس کو اپنےtwo ends meetکرنے ہیں جو وہ نہیں کر پا رہا۔ مجھے امید ہے اس قسم کی macro stability achieveکرنے کے بعد شاید ہم اس طرف بھی دیکھیں جہاں زیادہ ضرورت ہے۔ Trickle down effectجب تک نہیں ہو گا اس قسم کی macro-economic stability یا کوئی بھیstability بلکل بیکار ہے۔ اس کی کوئی ضرورت نہیں ہے۔

میڈم پریذائیڈنگ آفیسر! میرے خیال سے اب وقت آ گیا ہے کہ ہم economic stabilityکوpublic welfareکے ساتھ balanceکریں۔ کسی بھی بجٹ کو ہمیں اسی کسوٹی پر پرکھنا چاہیے۔ یہ نہیں دیکھنا چاہیے کہ اس کا اصل مقصد کیا ہے، revenue target achieve کرنا ہے وہ بھی ہو گا لیکن وہ اصل مقصد نہیں ہے۔ اصل مقصد تو یہ ہے کہ بجٹ غربت کس حد تک کم کرتا ہے، کس حد تک job creation کر رہا ہے، کس حد تک کسانوں کی مدد کر رہا ہے، کاروبار کو کتنی boost دے رہا ہے اور عام آدمی کو کیا اور کتنی امید دے رہا ہے۔ یہ budget, stability budgetتو ضرور ہو گا لیکن کسی meaningful change کی امید نہیں ہے۔ Budget revenue increase کرنے کی بات تو کرتا ہے لیکن وہ وعدہ ہی کیا جو وفا ہو گیا۔ اگر آپ دیکھیں FBR 2025-26 کا original revenue target تھا چودہ کھرب روپے جوreviseکرکے تیرہ کھرب روپے کر دیا گیا اور جو achieveکیا وہ 12.98% تھا۔ یہ target achieve کرنے سے دو ارب روپے کم تھا اور جب 2024-25 کی بات کریں تو target originally 12.98 کھرب تھا جو reviseہو کر 11.9 کھرب ہوا اور 11.74 achieve کھرب ہوا۔ Target نہ 2024-25 میں achieveہوا اور نہ ہی 2025-26 میں achieveہوا اور اب 2026-27 میں 15.25 کھرب رکھا گیا ہے جو یقیناً reviseہو گا اور شاید miss بھی ہو گا۔ آپ کو یاد ہو گا کہ ماضی میں GST services کے اوپر تھی اس کے لیے FBR collecting agent تھا اور جب صوبوں نے اپنے revenue departments قائم کیے تو GST میں exponential growth آئی جو ہم services پر لے رہے تھے۔ Chairman Bilawal Bhutto Zardari بارہا کہہ چکے ہیں کہ goods کے اوپر آپ جو GST لگا رہے ہیں اس کو آپ صوبوں کے

حوالے کر دیں، صوبوں میں اس کا collecting agent کر دیں، وہ وفاق کے لیے جمع کر کے دے گا۔ پچھلے سال goods پر 4% sales tax increase ہوا ہے اور اسی کے comparison میں services کو دیکھیں تو چاروں صوبوں میں مجموعی طور پر 21% increase ہوا ہے۔ اگر یہ صوبوں کے حوالے کر دیں گے تو یقیناً 4% سے زیادہ goods پر GST تو صوبے ہی دے دیں گے۔ اس میں کوئی مسئلہ نہیں ہونا چاہیے۔ ان کو tax war کی جگہ National interest کو دیکھنا چاہیے اور دیکھنا چاہیے کہ ہم کس طرح سے اپنا tax net increase کر سکتے ہیں۔

اس سے یقیناً وفاق کی ضروریات بھی پوری ہو جائیں گی اور آپ جو صوبوں سے grant in aid لے رہے ہیں وہ بھی لینے کی ضرورت نہیں پڑے گی۔ بجٹ صرف آمدنی اور اخراجات کا تخمینہ نہیں ہوتا، بجٹ کو ہماری امنگوں اور ترجیات کی ترجمانی کرنی چاہیے۔ بجٹ کو چاہیے کہ یہ بتائے کہ کن طبقات کو مراعات دینی چاہیے اور کن کو مراعات کا بوجھ اٹھانا چاہیے۔ ہمارا بجٹ کیا کسانوں، مزدوروں، نوجوانوں، تنخواہ دار افراد، کاروباری طبقے اور کم ترقی یافتہ علاقوں کے لیے کوئی امید لے کر آیا ہے یا کتنی امید لے کر آیا ہے۔ مجھے تو zero امید نظر آتی ہے اور کبھی تو امید نظر ہی نہیں آتی۔ ہمارا بجٹ کافی حد تک contradictory ہے جہاں یہ stability کی بات کرتا ہے وہاں مجھے کوئی meaningful growth نظر نہیں آتی۔ جہاں یہ compliance کی بات کرتا ہے وہاں کوئی incentives دکھائی نہیں دیتے۔ یہ بجٹ حکومتی policies کو بہت خوبصورت طریقے سے contradict کرتا ہے۔ مثال کے طور پر حکومت climate resilience کی بات کرتی ہے لیکن یہ بجٹ renewable energy پر tax لگا رہا ہے۔ ایک طرف ہم دنیا میں climate justice and climate finance کا شور کرتے ہیں، دوسری طرف ہم نے solar taxation کر کے uncertainty create کی ہوئی ہے۔ Solar taxation کا اصل مسئلہ یہ ہے کہ جب آپ نے بجلی مہنگی کر دی تو لوگوں نے solar energy کی صورت میں اس کا alternate ڈھونڈ لیا۔ آپ نے کہا کہ بجلی کی production کم ہو رہی ہے اس کی وجہ سے آمدنی کم ہو رہی ہے تو آپ نے سورج پر بھی tax لگا دیا، کچھ خدا کا خوف کریں۔ باقی تو ہر چیز پر tax لگا دیا ہے لیکن سورج کو تو معاف کر دیں اس پر tax لگانا چھوڑ دیں۔ پچھلے سال 10% tax solar plates پر لگا دیا اور کہا کہ local manufactured panels پر 18% لگا ہوا ہے تو اس پر level playing field دے رہے ہیں۔ Level playing field تو یہ ہوتی ہے کہ اس کو zero کر دیتے اور اس کو بھی zero رکھتے تاکہ آپ

climate سے related اپنی commitments پوری کر سکتے۔ اسی طرح سے ہماری جو EV policy ہے وہ بھی انتہائی confused ہے۔

میڈم پریذائیڈنگ آفیسر! ہمیں بجٹ سے امید کے زراعت کے شعبے سے ہمیں growth ملے، food security اور برامدات میں contribute کرے۔ لیکن ان کسانوں کے لیے جن کو فیض نے نائب اللہ فی الرض کہا تھا ان کے لیے کوئی incentive نہیں رکھا گیا۔ کسانوں کی input cost پر، پانی کی بازیابی میں، معیاری بیج کی فراہمی اور موسمیاتی تبدیلی سے tackle کرنے کے لیے کوئی relief نہیں دیا گیا۔ سندھ اور پنجاب میں جہاں 2022 and 2025 میں سیلاب آیا تھا۔ یہ دونوں صوبے climate change کی وجہ سے بہت vulnerable ہو گئے ہیں لیکن اس کے بارے میں کچھ بھی سوچا نہیں جا رہا۔ مسئلہ یہ ہے کہ۔ (جاری۔۔۔۔T14)

**T14-15Jun2026 FAZAL/ED: Waqas 02:50 pm**

سینیٹر سرمد علی (جاری ہے۔۔۔۔) لیکن اس کے بارے میں کچھ بھی سوچا نہیں جا رہا۔ مسئلہ یہ ہے کہ جو ہمارے بابو ہیں، وہ کہیں rural Pakistan میں رہتے ہوں تو ان کو پتہ ہو کہ کسانوں کے لیے کیا کرنا ہے۔ ہم کسانوں کے لیے تو کچھ کر ہی نہیں پا رہے۔ اسی طریقے سے اگر ہم دیکھیں تو ٹوٹل ہم نے 11 ارب روپیہ agriculture کے لیے رکھا ہے، اس میں research ہے اور cold storage ہے، لیکن یہ پتہ نہیں کہ یہ research کہاں پر ہو گی اور کس جگہ پر cold storages بنیں گے۔ کیا یہ صرف پنجاب میں ہی بنیں گے اور research کیا پنجاب میں ہی ہو گی اور کن sectors پر ہو گی؟

میڈم پریذائیڈنگ آفیسر: سینیٹر صاحب! please, wind up کیجئے۔

Senator Sarmad Ali: I will just take couple of more minutes.

گندم کے کاشتکاروں کا تو آپ ویسے ہی بڑا بیڑا غرق کر چکے ہیں۔ اس بیچارے کے لیے تو کچھ بچا ہی نہیں ہے۔ اگر ڈیزل مہنگا ہو گیا ہے، پانی مہنگا ہو گیا ہے، بجلی مہنگی ہو گئی ہے، تو کسان بیچارہ کیا خاک ہماری growth میں حصہ ڈالے گا؟ کہتے ہیں کسان حصہ ڈالے گا، مجھے تو نظر نہیں آتا کہ کوئی ڈال سکے گا۔ ہمارے 44 فیصد بچے stunted ہیں۔ لیکن ہم نے ان کی نشو ونما کے لیے baby formula and infant nutrient products اور دودھ پر ہم نے taxation لگا دی۔ ہاں اس کو کم کیا ہے، اس سال 8 فیصد کر دیا ہے لیکن یہ 8 فیصد بھی zero ہونا چاہیے۔ اسی طریقے سے ہم ایک طرف تو کہتے ہیں کہ گوالے کا دودھ unhygienic ہے اور صحت کے لیے مضر ہے۔ دوسری طرف ہم packaged

milk کے اوپر GST لگا دیتے ہیں۔ یہاں تو آپ کا level playing field مجھے نہیں نظر آتا کہاں گیا، ٹائیں ٹائیں فش ہو گیا۔ تو آپ یہ سوچیں کہ لوگوں کو آپ نے گوالے کا دودھ یا hygienic دودھ پلانا ہے۔

Madam Presiding Officer: Thank you.

سینیٹر سرمد علی: ختم کردوں۔

میڈم پریذائیڈنگ آفیسر: جلدی جلدی ختم کریں۔

سینیٹر سرمد علی: کراچی کے حوالے سے دیکھ لیں۔ K-IV کے لیے ہم نے 10 ارب روپے رکھے ہیں۔ اب 10 ارب روپے سے کیا خاک K-IV بنے گا؟ K-IV کراچی کے لیے ایک شہ رگ کی حیثیت رکھتا ہے۔ پتہ نہیں کتنے سالوں میں بنے گا؟ 10 ارب کا مطلب ہے کہ 120 ارب کا اس وقت یہ project ہے، اگر ہم 12 سالوں کی بات کر رہے ہیں۔ اسی طریقے سے حیدرآباد تا سکھر موٹروے M-6 کو دیکھ لیں، اس سے زیادہ اہم تو obviously لاہور تا بہاولنگر موٹروے ہے، وہ زیادہ اہم ہے۔ یہاں تو ہم نے کچھ کیا ہی نہیں ہے، 30 ارب روپے رکھ دیے ہیں، 364 ارب روپے کی total cost کا یہ صرف 8 فیصد بنتا ہے۔ اس طریقے سے تو میرا خیال ہے اگلے 12 سال تک یہ موٹروے نہیں بنے گی۔ کراچی اور سندھ کی قسمت میں پانی اور connectivity مجھے تو نظر نہیں آتی کہ کبھی آئے گی۔ جہاں ہم احسان کی بات کرتے ہیں، یہ سندھ پر احسان نہیں ہے۔ لیکن ایک طرف ہم نے احسان کیا ہے pensioners اور سرکاری ملازمین کے اوپر جن کی ہم نے 7 فیصد تنخواہ بڑھائی ہے۔ 7 فیصد تنخواہ بڑھا کر ہم نے حاتم طائی کی قبر پر ٹانگ ماری ہے۔

میڈم پریذائیڈنگ آفیسر: شکریہ سینیٹر صاحب۔ Now you are running on too long.

Senator Sarmad Ali: Please, Just one more minute.

Madam Presiding Officer: No, half a minute.

سینیٹر سرمد علی: اچھا، minimum wage ہم نے 44 ہزار روپے رکھ دی ہے۔ 44 ہزار میں وہ بندہ کیا کرے گا؟ بجلی کا بل دے گا، بچوں کی فیس دے گا، transport کے پیسے دے گا، گھر کا کرایہ دے گا اور پھر پورے مہینے کا روزہ رکھے گا؟ اللہ جانے یہ کیا ہے، یہ تو minimum wage کے بارے میں آپ کو سوچنا چاہیے کہ آپ کر کیا رہے ہیں؟ پھر بچوں کی تعلیم کی بات کرتے ہیں تو ہم نے

stationery item پر پہلے کوئی 24، 25 فیصد تھا جس کو ہم نے کم کرکے 18 فیصد کر دیا ہے۔ بچوں کی فیسیں دینے کے لیے ان کے پاس پیسے نہیں ہوتے۔

Madam Presiding Officer: Thank you, Senator Sahib.

جی، کاظم شاہ صاحب اپنا time دے رہے ہیں۔ ابھی تو ان کا نام list پر نہیں ہے۔

You have exactly one minute maximum. Then I will have to give everybody 15 minutes. Yes, please.

سینیٹر سرمد علی: ان کی فیسیں دینے کے لیے ان کے پاس پیسے نہیں ہیں، آپ نے سٹیشنری پر ٹیکس لگا کر اس کا بیڑا غرق کرنے کی باتیں کر رہے ہیں اور اڑھائی کروڑ بچہ already اسکولوں سے باہر ہے، آپ کہہ رہے ہیں کہ مزید ان بچوں میں اضافہ ہو جائے؟ یہ چار چیزیں جو تھیں، climate resilience, food security صحت اور تعلیم، ان چاروں کے اوپر یہ بجٹ پورا نہیں اتر رہا۔

Madam Presiding Officer: Thank you. I cannot give 15 minutes to everyone.

آپ کب سے ختم کر رہے ہیں؟ شکریہ۔ سینیٹر فیصل۔

**Senator Faisal Javed**

سینیٹر فیصل جاوید: بسم اللہ الرحمٰن الرحیم۔ قران کی ایک آیت سے میں اپنی بجٹ کی speech شروع کروں گا۔ Chapter-55 آیت نمبر 7 میں ہے کہ انصاف کے ساتھ ٹھیک ٹھیک تولو اور ترازو میں ہیر پھیر نہ کرو۔ بجٹ ہے کیا؟ بجٹ یہ ہے کہ آپ کی کتنی آمدنی ہے اور آپ کے کتنے خرچے ہیں۔ یہاں پر ہمیں دیکھنا ہے کہ کیا ہر گھر کی اتنی آمدنی ہے جتنے خرچے ہیں؟ نہیں، بلکہ اس کی آمدنی کم اور خرچے زیادہ ہیں۔ چیزیں دسترس سے باہر ہیں۔ ایک گھر اپنا بجٹ نہیں بنا سکتا کیونکہ ملک اپنا بجٹ ٹھیک نہیں بنا رہا۔ عام آدمی پر اس کا اثر جاتا ہے۔ اور ہم بار بار دیکھتے ہیں، ہمیں یہ figures دیئے جاتے ہیں۔ میں آپ کے سامنے کچھ چیزیں quickly رکھوں گا۔ ایک چیز یہ claim کرتے ہیں کہ ہم نے 7 فیصد تنخواہیں بڑھا دیں ہیں۔ ایک آدمی جس کو ایک چیز کے لیے 200 روپے چاہییں، اس کے پاس صرف 100 روپیہ ہے، آپ اس کو 7 روپے اور دیتے ہیں تو 107 روپے ہوئے۔ 93 روپے پھر بھی کم ہیں۔ تو یہ اضافہ کسی صورت قابل قبول نہیں ہے۔ ساری چیزیں دسترس سے باہر ہیں۔ یہ اضافہ ہمیں قابل قبول نہیں ہے اور اس کو خود انہوں نے reject کیا ہے۔ نہ یہاں حکومت والے بتا سکتے ہیں بجٹ کیسا ہے۔ نہ Opposition والے بتا سکتے ہیں۔ بتا کون سکتا ہے؟ صرف عام آدمی بتا سکتا ہے۔ تو میں media سے پھر request کروں گا کہ mic

لے کر ذرا سڑک پر جائیں اور لوگوں سے پوچھیں کہ ان کے لیے اس بجٹ میں کیا ہے؟ تو وہ آپ کو بتائیں گے کہ اس بجٹ میں کچھ بھی نہیں ہے۔ ہم نے دیکھا اور ایک چھوٹی سی بات ہم کرتے ہیں کہ مہنگائی کیسے ہے؟ پٹرول اور ڈیزل کی قیمتیں آسمانوں سے باتیں کر رہی ہیں۔ عمران خان کی جب Government تھی، 2022 میں عالمی مارکیٹ میں جو تیل کی قیمت تھی وہ 106 ڈالر سے تجاوز کر گئی تھی۔ لیکن پاکستان میں پٹرول اور ڈیزل ڈیڑھ ڈیڑھ سو روپے فی لیٹر مل رہا تھا۔ آج عالمی مارکیٹ میں قیمت 85 ڈالر ہے، نیچے آ گئی ہے، ابھی اور نیچے جائے گی۔ یہاں پر ڈیزل اور پٹرول 400 روپے فی لیٹر تک پہنچ گئے ہیں اور ہم نے پھر اپنے سارے targets miss کر دیئے۔ ہم نے جو اپنا economic target set کیا، اس کو meet نہیں کر سکے۔ یہ بجٹ خود بول بول کر کہہ رہا ہے کہ گورنمنٹ fail ہو چکی ہے۔ بجٹ ان سے بن ہی نہیں رہا، اور بن سکتا ہی نہیں ہے۔ خرچے اتنے زیادہ، آمدنی اتنی کم۔ نہ کوئی project لگایا، wealth creation نہیں ہے۔ سب سے پہلے ہم نے دیکھنا ہے کہاں تھے ہم اور کہاں آ گئے۔ باوجود Covid کے 2022 میں 6 percent پر ہماری GDP پہنچ گئی تھی۔ یہ 22-2021 کا ان کا اپنا economic survey ہے، جب ان کی Government آئی، مفتاح اسماعیل اس وقت Finance Minister تھے، ان کا اپنا economic survey یہ بتا رہا ہے کہ 6 percent phenomenal growth ہوئی، پھر عمران خان کی حکومت کا یہ survey ہمیں بتاتا ہے کہ agriculture میں انہوں نے لکھا remarkable growth ہم 4.4 percent پر گئے۔ ہماری industries اور ہماری services ہر چیز میں large scale manufacturing ہماری کافی اوپر گئی اور اس پر جو climate change کا بجٹ ہے، پاکستان ہر لحاظ سے tourism hub بنا۔ اسی کے Page No. 5 or 6 پر ہے کہ جو احساس تعلیمی وظیفہ تھا، سال کے پہلے تین مہینوں میں 6.2 million students enroll ہوئے اور ان پر 25 billion روپے لگائے۔ یہاں پر سوال ہمارا یہ پیدا ہوتا ہے اور بار بار ہم یہ پوچھتے ہیں کہ ایسی کیا وجہ ہے کہ ہم اتنے زبردست ترقی کی طرف گامزن تھے اور ہمیں چار سال ہو گئے ہیں ہم دیکھ رہے ہیں کہ پہلے تو یہ Mini Budget لاتے رہے۔ آتے آتے ہم کہاں آ گئے ہیں، ہماری growth rate کتنی نیچے چلی گئی۔ کہاں ہے وہ احساس پروگرام؟ کہاں ہے وہ کفالت پروگرام؟ کہاں ہے وہ تعلیم وظیفہ پروگرام؟ کہاں ہے وہ ہر خاندان کے لیے 10 لاکھ روپے صحت کے حوالے سے خرچے؟ کہاں ہے وہ صحت کارڈ؟ کہاں ہیں وہ فلاحی منصوبے؟ کہاں ہیں وہ پناہ گاہیں؟ کہاں ہے وہ کوئی بھوکا نہ سوئے گا پروگرام؟ کہاں ہیں وہ لنگر خانے؟ کہاں ہے وہ ریڑھی بان کی خوشحالی؟ کہاں ہے وہ کسان کی خوشحالی؟ کہاں ہے وہ زرعی ترقی؟ کہاں ہے وہ industrialization؟ کہاں ہے وہ record tourism؟ کہاں ہیں وہ بلاسود قرضے؟ کہاں ہے وہ textile کی record ترقی جہاں labour short ہو گئی، labour نہیں مل رہی

تھی فیصل آباد میں؟ کہاں ہے وہ construction industry کی بھرپور ترقی؟ کہاں ہے وہ IT کی زبردست ترقی؟ کہاں ہیں وہ record exports ہماری؟ کہاں ہے وہ ease of doing business دنیا میں ہم چھٹے نمبر پہ چلے گئے تھے؟ کہاں ہے وہ ذاتی اخراجات میں کمی؟ کہاں ہیں وہ بین الاقوامی دوروں کے خرچوں میں کمی؟ (جاری ہے۔۔۔۔۔T15)

T15-15Jun2026 Rafaqat Waheed/Ed: Shakeel

سینیٹر فیصل جاوید: (جاری) کہاں ہیں وہ بین الاقوامی دوروں کے خرچوں میں کمی؟ کہاں ہے وہ احساس کرنے والا لیڈر؟ کہاں ہے وہ خوددار لیڈر؟ ملکی خودمختاری کی بات کرنے والا لیڈر؟ کہاں ہے وہ مزدور کا لیڈر؟ کہاں ہے وہ غریب کا لیڈر، دہقان کا، کسان کا لیڈر؟ وہ کہاں ہے؟ وہ جیل میں ہے۔ عمران خان صاحب تین سال سے ناحق قید کاٹ رہے ہیں۔ اس وقت عمران خان صاحب ناحق قید میں ہیں۔ ان کی اہلیہ بشریٰ بی بی ناحق قید میں ہیں۔ ہمارے PTI کے باقی ساتھی جن کا کوئی قصور نہیں، یاسمین راشد صاحبہ، شاہ محمود قریشی، اعجاز چوہدری صاحب جو اس ہاؤس کے ممبر تھے، عمر چیمہ، میاں محمود الرشید اور باقی ہمارے کئی لوگ، ہمارے ورکرز، ہمارے سیکڑوں لوگ ناحق قید میں ہیں۔ ہمیں آگے بڑھنا ہے، ہماری ستر فیصد آبادی چالیس سال سے کم عمر کے لوگوں پر مشتمل ہے۔ دو چیزوں کو ہم آپس میں جوڑ دیں۔ ہم اپنے agriculture and IT کو آپس میں جوڑ دیں، اس طرح سے ہم یوتھ کے لیے بہت بڑی چیز کر دیں گے۔ ہماری یوتھ ملک کو کافی آگے لے کر جا سکتی ہے۔ ہمارے ہاں investment آ سکتی ہے۔ ہمیں اب ان چیزوں سے آگے بڑھنا ہوگا۔

ہم نے ہمیشہ ملک کی بات ہے۔ ہم نے کہا کہ ایران اور امریکہ کے بیچ جو dialogue ہے، اس میں پاکستان نے کلیدی کردار ادا کیا، ہم نے یہاں سے admit کیا، ہم نے کہا ہم pro-peace ہیں۔ ہم چاہتے ہیں کہ ملک کی بہتری ہو، ہم نے اس کو خوش آئند کہا اور اللہ کرے کہ یہ کام ہو جائے۔ ابھی اس حوالے سے زبردست پیش رفت ہو رہی ہے، اس میں ملک کی بہتری ہے۔ ہم اس کی پذیرائی کرتے ہیں لیکن جہاں پر تنقید کرنی ضروری ہو، ہمیں تنقید بھی کرنی ہے۔ عمر ایوب خان، قومی اسمبلی میں ہمارے اپوزیشن لیڈر تھے، شبلی فراز اس ہاؤس کے اپوزیشن لیڈر تھے، پھر صاحبزادہ حامد رضا ہیں، احمد خان بھچر جو پنجاب اسمبلی کے اپوزیشن لیڈر ہیں، احمد چٹھہ، زرتاج گل، کنول شوزب، صنم جاوید، عالیہ حمزہ، خدیجہ شاہ، حاشر علی بٹر، روبینہ جمیل، عبدالطیف چترالی، بہت نام ہیں، ان سب کو جیلوں سے باہر لایا جائے۔ ہم نہیں کہتے کہ کوئی ڈیل کریں، ہم کہتے ہیں کہ عدالتوں کے ذریعے انصاف قائم کیا جائے۔ میں نے قرآن کی آیت بھی پڑھی۔ جب تک ہم ملک میں انصاف لے کر نہیں آئیں گے، پاکستان کبھی ترقی نہیں کر سکتا۔

اب میں بجٹ پر واپس آؤں گا۔ میں قیمتوں کی بات کر رہا تھا۔ ہم اپنے سامنے ریٹ لسٹ رکھتے ہیں۔ میں نے پیٹرول اور ڈیزل کی بات کی، ڈیڑھ سو روپے لیٹر تھے، آج چار سو کو touch کر رہے ہیں۔ بجلی 16 روپے فی یونٹ تھی، آج 50 سے 70 روپے فی یونٹ ہے۔ اسی طرح گیس ہے۔ اسی طرح آٹا اور چاول ہیں۔ چاول 78 روپے سے 100 روپے فی کلو تھے۔ آج 200 روپے سے تجاوز کر گئے ہیں۔ اسی طرح چینی 87 روپے کلو تھی، آج 176 روپے پر چلی گئی۔ گوشت 600 روپے کلو تھا، آج 1250 روپے کلو ہے۔ انڈے 130 روپے درجن مل جاتے تھے، آج 500 سے اوپر ہیں۔ پانچ لیٹر گھی کا ڈبہ 2300 روپے کا تھا، آج 3000 روپے سے اوپر چلا گیا ہے۔ دال مونگ، دودھ، دال ماش، آلو، پیاز، ٹماٹر، ہر چیز کی قیمت ڈبل سے زیادہ ہو گئی ہے۔ عام آدمی کا کچن نہیں چلتا۔ اس ساری ریٹ لسٹ کا اگر آپ جائزہ لیں، یہ ہمارا نہیں ہے، یہ ان کا اپنا ڈیٹا ہے جو بول بول کر کہہ رہا ہے۔ دونوں اکنامک سروے میں نے پڑھے۔ دونوں ان کی حکومت کے جاری کیے ہوئے ہیں۔ دونوں کو آپ study تو کریں، پتہ تو چلے، ہماری economy کہاں تھی اور کدھر لے کر آئے ہیں۔ ابھی بھی ہمارے پاس راستہ ہے۔ ہم نے بات کی کہ کس طرح سے ہم اپنے ملک کو صحیح direction میں لے جا سکتے ہیں۔ بہتر economic management کیا ہے؟ اس کی تعریف کرتے ہیں۔ بہت economic management وہ ہے جو عمران خان نے کرکے دکھائی کہ کس طرح سے آپ نے امیر سے ٹیکس لے کر غریب پر لگانا ہے۔ ابھی آپ جب یہاں تھیں، آپ نے بڑی زبردست باتیں کی ہیں۔ ہم ٹیکس نیٹ کو بڑھانے کی باتیں تو کرتے ہیں لیکن حقیقت میں ایسا نہیں کرتے۔ جو پہلے سے ٹیکس دے رہا ہے، اس پر اور بوجھ ڈال دیتے ہیں۔ وہ بے چارہ تو پہلے ہی پسا ہوا ہے، اس پر مزید بوجھ ڈال دیتے ہیں۔ ہم ٹیکسوں کی بھرمار کر دیتے ہیں۔ ہمیں چاہیے کہ ٹیکس نیٹ کو بڑھائیں، امیر سے پیسے لے کر غریب پر لگائیں، wealth creation کریں۔

پاکستان industrialization کی طرف جا رہا تھا۔ اتنے عرصے کے بعد ہم industrialization کی طرف جا رہے تھے، وہ بیٹھ گیا ہے۔ کوئی investment نہیں آ رہی۔ ہماری کوئی پالیسی ہی نہیں ہے۔ اس دور میں ایمازون پاکستان آیا۔ دوسرے international players پاکستان آ رہے تھے، investment کر رہے تھے، اب جا رہے ہیں۔ Shell چلا گیا، Telenor چلا گیا، PNG چلا گیا، باقی لوگ بھی جانے کی تیاری کر رہے ہیں۔ ایسا کیوں ہے؟ اس لیے کہ وہ یہاں سرمایہ کاری نہیں کرنا چاہتے۔ ہم نے بزنس کے لیے environment ہی نہیں بنایا، لوگوں کو enable ہی نہیں کیا۔ ہمارے اپنے لوگ جو یہاں پر ہیں، غریب سے غریب ہو رہے ہیں۔ ہمیں لوگوں کو incentives دینے چاہییں۔ ہم economic activity روک دیتے ہیں۔ دکانیں جلدی بند کرو۔ اس سے economic activity رکتی ہے، چلتی نہیں ہے۔ PSL کے میچز ہوتے ہیں، crowd نہیں جائے گا۔ کیوں نہیں جائے گا؟ وہ ٹکٹ لے کر جاتے ہیں،

economic activity ہوتی ہے۔ جب ہم ایسی پالیسیاں لے کر آئیں گے جن کا کوئی پتا نہیں، آپ مائیک لے کر جائیں اور دوکانداروں سے پوچھیں، ان کا برا حال ہے۔ وہ اپنے گھر کیا پیسا لے کر جائیں گے؟ مغرب ہوتی ہے ساڑھے سات بجے، لوگ دفاتر سے فارغ ہوتے ہیں، جاتے ہیں تو آگے دکانیں بند ہوتی ہیں۔ کوئی چیز نہیں ملتی۔ ہم نے Economic activity روک دی۔

اب اگر حالات ٹھیک ہو رہے ہیں تو آپ اس levy کو تو ختم کریں۔ یہ آپ نے لوگوں پر ویسے ہی levy لگائی ہوئی ہے، اتنا بوجھ ڈالا ہوا ہے۔ آج خطے میں سب سے زیادہ پیٹرول اور ڈیزل یہاں مہنگا مل رہا ہے۔ جنگ کے اثرات تو ہر جگہ پڑ رہے تھے۔ کیا Covid کے اثرات پوری دنیا میں نہیں تھے بلکہ پوری دنیا میں زیادہ تھے، اس وقت عمران خان نے بہتر economic policy لا کر اپنے غریب آدمی پر بوجھ نہیں پڑنے دیا۔ انہوں نے کہا کہ میں عام آدمی پر بوجھ نہیں ڈالوں گا۔ یہ کوئی راکٹ سائنس نہیں ہے۔ کچھ دماغ بیٹھ کر ایسی پالیسی بنا سکتے ہیں جس سے لوگوں کا بھلا ہو۔ عمران خان کے دور میں ورلڈ بینک نے 222 ممالک میں سروے کیا، 3,333 سوشل ویلفیئر کے projects اٹھائے اور احساس پروگرام دنیا میں چوتھے نمبر پر آیا۔ آج کہاں ہے وہ پروگرام؟ یہاں تو کوئی بیٹھا ہی نہیں ہوا۔

میں اپنی بات کو wind up کر رہا ہوں۔ میں یہ کہہ رہا ہوں، یہ پورا جو میں نے آپ کے سامنے facts and figures اور ساری چیزیں رکھی ہیں، ہم کس طرف اپنی economy کو لے کر جا رہے ہیں؟ شاعر کہتا ہے کہ:

بھوک پھرتی ہے میرے ملک میں ننگے پاؤں

رزق ظالم کی تجوری میں چھپا بیٹھا ہے

ہمیں ایک سوال کرنا ہے کہ ہمارے حکمرانوں کے پاس کتنا پیسا ہے؟ اور کتنا چاہیے؟ آپ اپنے بیرون ملک اثاثے فروخت کریں۔ وہ پیسا اپنے پاس ہی رکھیں لیکن وہ پیسا پاکستان کے بینکوں میں رکھیں۔ آپ دیکھیں ہماری economy کیسے اٹھتی ہے۔ ہم ادھر اُدھر دیکھ رہے ہوتے ہیں۔ حل ہمارے پاس موجود ہے۔

میڈم پریذائیڈنگ آفیسر: شکریہ سینیٹر صاحب۔ .Please wind up آپ کافی دیر سے wind up کر رہے ہیں۔

سینیٹر فیصل جاوید: میں wind up کر رہا ہوں۔ ہمیشہ جو budget speech ہوتی تھی، اس میں time کی کوئی قدغن نہیں ہوتی تھی۔

میڈم پریذائیڈنگ آفیسر: ہمیشہ ہوتی تھی۔ .I am sorry. Not at all

سینیٹر فیصل جاوید: سال میں ایک ہی موقع آتا ہے جس میں ہر ایک بات کرتا ہے۔ میں اپنی بات ختم کرتا ہوں۔ میں یہ کہہ رہا تھا کہ ہمارے overseas پاکستانی ہی اتنا contribute کردیں گے لیکن اس کے لیے ہمیں ایک چیز کرنی ہے۔ دیکھیں، الیکشن ہوا، لوگوں نے اس process میں زبردست طریقے سے حصہ لیا۔ باوجود اس کے کہ لیڈرشپ بند، campaign بند، بلا بند، ساری چیزیں بند لیکن قوم کا جذبہ بلند۔ وہ اس سے زیادہ اپنی منشا کا اظہار کیا کریں کہ پاکستان کی تاریخ میں پہلی بار 2024 میں وہ الیکشن ہوا جہاں امیدوار نے ووٹر کو نہیں ڈھونڈا۔ ووٹر نے امیدوار کو ڈھونڈا ہے کہ کس پر عمران خان نے ہاتھ رکھا ہے، میں اس کو ووٹ دوں۔

میڈم پریذائیڈنگ آفیسر: شکریہ۔ چلیں ایک سیکنڈ دے دیں۔

سینیٹر فیصل جاوید: میں یہ بات کررہا تھا، جب trust deficit آجاتا ہے تو سارے deficit بڑھتے ہیں، fiscal deficit, trade deficit, current account deficit سب بڑھتے ہیں۔ کیوں بڑھتے ہیں؟ Trust deficit کی وجہ سے، جب عوام حکومت پر اعتماد ہی نہیں کرتے اور حکومت نے عوام کے پاس واپس نہیں جانا ہوتا۔ میں آپ کو جو الیکشن کی داستان سنا رہا تھا، تمہید جو باندھ رہا تھا، وہ اس لیے کہ جب تک عوام کے true representatives نمائندگی نہ کریں، وہ آکر بجٹ نہ بنائیں تو trust deficit تو اپنی جگہ پر ہی رہے گا۔

میڈم پریذائیڈنگ آفیسر: آپ لوگ کمیٹیوں میں پھر آتے ناں۔

سینیٹر فیصل جاوید: ہمیں trust deficit کو ختم کرنا ہے، سارے deficits ختم ہوجائیں گے۔ یہاں سے میں ایک بات کرنا چاہتا ہوں۔ یہ charter of economy کی بات کرتے ہیں، charter of democracy کی بات ہوتی ہے۔ ہم یہاں سے کہنا چاہتے ہیں۔

میڈم پریذائیڈنگ آفیسر: نہیں۔ بس بس۔ آپ دوسروں کو بھی موقع دیں۔ آپ کے دوست wait کررہے ہیں۔ ایسا نہیں ہوتا۔ آپ کب سے ختم کررہے ہیں۔ ہاؤس بزنس کمیٹی میں پندرہ منٹ پارلیمانی لیڈرز کے لیے مختص ہوئے تھے۔ آپ پندرہ پندرہ منٹ بولیں گے تو بتائیں دوسرے کیسے بولیں گے؟

سینیٹر فیصل جاوید: ہمارا اتنا پرانا ساتھ ہے، مجھے دو منٹ دے دیں۔ آج کل میں بہت کم بولتا ہوں، مجھے بولنے دیں۔ مجھے موقع ہی نہیں ملتا۔ ابھی موقع ملا ہے تو بولنے دیں۔

میڈم پریذائیڈنگ آفیسر: آپ کو آج خاص موقع دیا ہے کیونکہ آپ نے جانا ہے، جلدی کیجیے۔

سینیٹر فیصل جاوید: چلیں، مجھے پانچ منٹ اور دے دیں۔ اچھا چلیں، دو منٹ دے دیں۔

Madam Presiding Officer: Half a minute, that's it.

سینیٹر فیصل جاوید: میں یہ کہہ رہا تھا کہ ہم ہر ملکی معاملے میں جو ملک کی سالمیت اور بقا سے related ہو، ہمیشہ عمران خان نے ایک ہی message بھیجا ہے کہ ہم کھڑے ہیں۔ میں events کی detail میں نہیں جانا چاہتا۔ گزشتہ چار سالوں میں بہت سے ایسے مواقع آئے، عمران خان نے جیل سے پیغام بھیجا۔۔۔۔۔۔۔۔ (T16 پر جاری ہے)

**T16-15June2026 Abdul Razique/Ed: Mubashir 03:10 p.m.**

سینیٹر فیصل جاوید: (۔۔۔جاری) گزشتہ چار سالوں میں ایسے بہت سے مواقع آئے جن میں عمران خان نے جیل سے پیغام بھیجا کہ ہم آپ کے ساتھ کھڑے ہیں۔ ہم اس وقت تو کھڑے ہوتے ہیں لیکن حکومت ہمارے ساتھ پھر کھڑی نہیں ہوتی ہے۔ مسئلہ یہی ہے کہ یہ صرف باتیں کرتے ہیں۔ میں اپنی تقریر ایک دعا سے ختم کرتا ہوں۔۔

میڈم پریذائیڈنگ آفیسر: جی کریں۔

سینیٹر فیصل جاوید: جب آپ بیچ میں بولتی ہیں تو اس سے flow ٹوٹتا ہے اور بات کرنے میں دیر ہو جاتی ہے۔

میڈم پریذائیڈنگ آفیسر: آپ دعا کیجیے۔

سینیٹر فیصل جاوید: آپ نے مجھ سے زیادہ بولا ہے۔

میڈم پریذائیڈنگ آفیسر: اس وجہ سے کیونکہ میں Parliamentary Leader ہوں۔

فیصل جاوید: میں بس اپنی بات ختم کر رہا ہوں۔ میں ملک کے لیے اور سب کے لیے دعا کر رہا ہوں۔

اس سے پہلے کہ یہ دنیا مجھے رسوا کر دے

تو میرے جسم، میری روح کو اچھا کر دے

میرے ہر فیصلے میں تیری رضا شامل ہو

جو تیرا حکم ہو، وہ میرا ارادہ کر دے

میں مسافر ہوں، سو راستے راس آ جاتے ہیں مجھے

میری منزل کو میرے واسطے راستہ کردے

اللہ تعالیٰ پاکستان کو قائم و دائم رکھے اور انہیں ہدایت دیں کہ یہ عام آدمی کے لیے سوچیں اور اسے جا کر ضرور پوچھیں، شکریہ۔

میڈم پریذائیڈنگ آفیسر: I am saying it now that there is not going to be 16 minutes for everybody. براہ مہربانی آپ لوگ سن لیجیے اور جن لوگوں نے بولنا ہے، میرے ساتھ وہ لسٹ بھی ہے۔ کوشش کریں کہ اپنے mike on کریں which is a parliamentary procedure. سینیٹر عون آپ بعد میں تگ و دو کریں گے تو بہتر ہے اپنا mike on کرلیں۔ Yes, Senator Afnan Ullah Khan.

**Senator Dr. Afnan Ullah Khan**

سینیٹر ڈاکٹر افنان اللہ خان: بسم اللہ الرحمٰن الرحیم۔ شکریہ، چیئرپرسن صاحبہ! میں اپنی بجٹ تقریر سے پہلے ایک مختصر بات کرنا چاہوں گا۔ پاکستان کی mediation کی وجہ سے امریکہ-ایران کا جو معاہدہ ہونے جارہا ہے ان شاء اللہ، اس پر پوری قوم مبارک باد کے مستحق ہے بالخصوص وزیر اعظم پاکستان، ڈپٹی وزیر اعظم اور Chief of Defence Forces General Asim Munir بھی مبارک باد کے مستحق ہیں۔ میں بس اس پر مختصر بات کرنا چاہتا ہوں تاکہ اپوزیشن کو بھی اس کا پتا چلے۔ یہ ایک اتنا بڑا معاہدہ ہے کہ اگر آپ نے دنیا کی recent تاریخ میں اس کا comparison کرنا ہو تو جب Cold War ختم ہوا تھا تو امریکہ اور روس کا معاہدہ ہوا تھا اور جب Second World War ختم ہوئی تھی تو جو قومیں جیتی تھیں، ان کا معاہدہ تھا تو یہ بھی ایک ایسا معاہدہ ہے۔ اس معاہدے کی رو سے اگلے کئی دہائیوں کے معاملات set ہوں گے۔ یہ ایک بہت بڑی کامیابی ہے اور مجھے یقین ہے کہ ہمارے اپوزیشن کے بھائی اور بہنیں اس پر بہت خوش ہوں گے۔ میں بجٹ پر آتا ہوں۔ یہ بجٹ بڑے challenging environment میں بنایا گیا ہے۔ آپ کو معلوم ہے کہ ایک جنگ چل رہی ہے اور Strait of Hormuz بند ہے، حکومت پر ایک بہت بڑا inflationary pressure بھی تھا لیکن اس کے باوجود حکومت نے 15,264 ارب روپے کا tax target set کیا ہے اور اس میں major contributions income tax, sales tax, custom duties وغیرہ سے آئے گا۔ Debt کو کم کرکے حکومت fiscal deficit کو GDP میں 7 per cent تک کم لے کر آئی ہے۔ آپ اگر overall budget دیکھیں تو ایک ایسا بجٹ بنایا گیا ہے جو sustainable budget ہو۔ ماضی میں ہمارا یہی ہوتا رہا ہے کہ ہم boom to

bust cycles میں رہے ہیں کہ آپ کی GDP تین، چار یا نچ سال grow کرتی ہے اور پھر GDP shrink کرنا شروع ہوتی ہے، inflationary pressure آتا ہے اور foreign exchange reserves ختم ہو جاتی ہیں تو ہمیں ایک ایسا بجٹ چاہیے جس میں ہم اپنی growth بڑھا سکیں لیکن وہ sustainable ہو۔ یہ نہ ہو کہ جیسے پی ٹی آئی والے کہتے ہیں کہ ان کے دور کے end میں انہوں نے GDP growth rate 6 per cent کیا تھا۔ اس 6 per cent GDP growth rate کی روداد یہ ہے کہ اس وقت پاکستان کا import bill 84 ارب ڈالر کا ہوا تھا۔ اگر آج حکومت import پر پابندی ہٹا دے اور کہے کہ دبا کے import کرو تو اس سے GDP grow کرے گی لیکن اگلے سال آپ default کر رہے ہوں گے کیونکہ آپ کے foreign exchange reserves ختم ہو جائیں گے اور آپ کو پھر IMF programme کے لیے جانا پڑے گا۔

یہاں پی ٹی آئی کے سنہرے دور کی بار، بار باتیں کی گئیں تو میں انہیں کچھ باتیں یاد دلانا چاہتا ہوں۔ اللہ تعالی کے فضل سے ان کی حکومت کو خیبر پختونخوا میں 13 سال ہو گئے ہیں۔ 13واں سال لیکن وہ کون سی reform ہے جو آپ ان 13سال میں نہیں کر سکے۔ وہ کون سا پروجیکٹ ہے جو آپ 13 سال میں نہیں لگا سکیں۔ Healthcare, education اور عام عوام کی فلاح کی وہ کون سی ایسی چیز ہے جو آپ ابھی تک نہیں لگا سکے۔ 13سال ہو گئے ہیں مگر آپ یہاں پر آ کر ہمیں ہر چیز پر lecture دینا چاہتے ہیں تو میں آپ کو کچھ یاد دلانا چاہتا ہوں۔ ان کی حکومت جب آئی تو اس کی کچھ باتیں ہیں۔ یہ کہتے تھے کہ ہم ایک کروڑ نوکریاں دیں گے اور 50 لاکھ گھر بنائیں گے۔ وہ 50 لاکھ گھر آج تک کسی کو نہیں ملے۔ لوگ پورے پاکستان میں کراچی سے خیبر تک وہ 50لاکھ گھر ڈھونڈنے کے لیے گئے کہ یہ گھر کہاں ہیں لیکن وہ 50 لاکھ گھر نہیں ملے۔ انہوں نے کہا کہ ہم ایک ارب کے قریب درخت لگائیں گے۔ اس بات کو کہے ہوئے دس سال ہو گئے ہیں۔۔۔

میڈم پریذائیڈنگ آفیسر: سینیٹر فلک ناز، آپ اپنی باری پر بول لیجیے گا۔ براہ مہربانی یہ مت کریں۔ This is a very bad practice جو آپ بار، بار مداخلت کر رہی ہیں۔ لوگوں کو ان کے time پر بولنے دیں اور پھر آپ خود بول لیجیے گا اور آپ کو کوئی بھی interrupt نہیں کرے گا۔ جی افنان صاحب۔

سینیٹر ڈاکٹر افنان اللہ خان: انہوں نے کہا کہ ہم نے Green Pakistan Initiative کے ذریعے 10سال پہلے ایک ارب درخت لگائے۔ 10سال میں تو درخت کہاں سے کہاں پہنچ جاتا ہے۔ آج تک یہ ہمیں ایک ویڈیو بھی نہیں لا کر دکھا سکیں کہ یہ درخت کہاں لگائے گئیں۔ ان کے لیڈر نے مارچ 2022 کی اپنی تقریر میں کہا تھا کہ میں آلو اور ٹماٹر کی قیمت کم کرنے نہیں آیا ہوں۔ جب مہنگائی پر لوگوں نے شور

مچایا تو یہ آپ کے لیڈر کے الفاظ تھے۔ آپ کے دور میں صرف بھیک مانگنے کے، کبھی صدقہ اکٹھا کر لو، کبھی زکوۃ اکٹھی کرلو اور سعودی عرب جا کر زکوۃ اور فطرانہ اکٹھا کرکے لانے کے علاوہ آپ لوگوں نے کیا کیا ہے۔ Foreign policy کی یہ حالت تھی کہ اگر آپ کا لیڈر کسی کو فون کرتا تو آگے سے کوئی لیڈر فون اٹھاتا نہیں تھا۔ آپ کے لیڈر نے ایوان میں کھڑے ہو کر یہ کہا کہ میں نے فون کیا لیکن ہندوستان کے لیڈر نے فون نہیں اٹھایا۔ آپ لوگوں نے جرمنی اور جاپان کا باڈر ملا دیا۔ آپ نے ہمارے ایک، ایک سی پیک پروجیکٹ خراب کیا۔

(مداخلت)

میڈم پریذائیڈنگ آفیسر: سینیٹر روبینہ ناز اور سینیٹر فلک ناز، جب آپ لوگوں کو مائیک ملے تب آپ بول لیجیے گا۔ سب تحمل سے اپوزیشن کو سن رہے ہیں۔ آپ انہیں تحمل سے سنیں۔ ایسا کرکے آپ کے پارلیمنٹری وقار میں اضافہ نہیں ہوتا۔ جی افنان صاحب۔

سینیٹر ڈاکٹر افنان اللہ خان: ابھی میرے ایک اپوزیشن کے دوست نے کہا کہ ہمارے وقت میں قیمتیں بہت کم تھیں۔ میں آپ کو یاد دلانا چاہتا ہوں کہ کووڈ کے دور میں crude 37 ڈالر تھا اور کچھ دنوں پہلے 120 ڈالر کا تھا۔ ابھی بھی 90 ڈالر کا ہے۔ میں اپنی بات مختصر رکھنا چاہتا ہوں کیونکہ دوسروں نے بھی بات کرنی ہے۔ انہوں نے ملک کو default کرنے کے لیے campaign چلائی۔ انہوں نے ملک کو default کروانے کے لیے IMF کو خط لکھا اور اس طرح کے کام کرتے ہوئے آپ لوگوں کی audio calls بھی موجود ہیں اور آج آپ ہمیں بتا رہے ہیں کہ کیا کرنا ہے اور کیا نہیں کرنا۔ کیا یہ شرم کا مقام نہیں تھا کہ آپ کہتے ہیں کہ ہم ایک نیشنل پارٹی ہیں، ہمیں عوام ووٹ دیتی ہے اور آپ ملک کو default کروانے کے لیے campaign چلاتے رہے۔ یہ شرم کا مقام ہے۔ ملک کی تاریخ میں آپ کی یعنی پیپلز پارٹی، مسلم لیگ (ن) اور پتا نہیں کس، کس کی حکومت رہی لیکن کسی نے کبھی یہ کام نہیں کیا جو انہوں نے کیا۔ اس کے بعد جو سنہرا دور تھا، اس کی تو بہت لمبی، لمبی کہانیاں ہیں جو میں کسی اور دن سناؤں گا لیکن by and large آپ لوگ اتنے عوام دوست تھے کہ کووڈ کی وجہ سے جب آپ کو باہر سے 3 ارب ڈالر ملے تو وہ آپ نے interest free بڑے، بڑے صنعتکاروں کو دیے اور وہ پیسے غریبوں میں نہیں بانٹے۔ آپ نے وہ interest free پیسے اپنے دوست، احباب میں بانٹ دیے۔ یہ آپ لوگوں کی budget making تھی۔ اگر آپ نے ان کی performance دیکھنی ہے تو پشاور جا کر دیکھیں۔ اگر ان کی performance دیکھنی ہے تو وہ hospitals جا کر دیکھیں جو انہوں نے پشاور میں کتابوں میں بنائے ہیں۔ وہ hospitals, schools and universities دیکھیں جو انہوں نے کتابوں میں بنائے ہوئے ہیں اور آج تک کہیں نظر

نہیں آتی ہیں۔ آپ کیا چاہتے ہیں کہ آپ نے جو وہاں کرپشن کی ہے، اب دوبارہ اسے پورے پاکستان میں کریں۔ اسی لیے عوام نے آپ کو reject کیا ہے کیونکہ یہ آپ کی performance ہے۔

میڈم پریذائیڈنگ آفیسر: سینیٹر فیصل جاوید، آپ کی باتیں انہوں نے بڑے تحمل سے سنی ہیں۔ سینیٹر فلک ناز صاحبہ، اگر آپ ایسا کریں گی تو پھر آپ کو موقع نہیں ملے گا۔

سینیٹر ڈاکٹر افنان اللہ خان: میں کچھ خوشخبریاں بھی دینا چاہتا ہوں۔ آج سے تین سال پہلے پاکستان کی اکنامی کا جو size تھا، وہ 337 ارب ڈالر تھا۔ جب آپ یہ کہتے ہیں کہ یہ حکومت آئی اور اس نے آج تک کچھ نہیں کیا اور صرف بیڑا غرق کر دیا ہے، آج اللہ تعالیٰ کی مہربانی سے ہماری GDP کا حجم 452 ارب ڈالر ہے جس سے ہمارا per capita income 1574 ڈالر سے بڑھ کر۔۔۔ (جاری T17)

T17-15-06-2026 Babar:Ed/Waqas 3:20PM

ڈاکٹر افنان اللہ خان: (جاری۔۔۔) آج اللہ تعالیٰ کی مہربانی سے 452 ارب ڈالر کا ہمارا جی ڈی پی کا حجم ہے، جس سے ہمارا Per capita 1547 ڈالر سے بڑھ کر 1901 ڈالر ہو گیا ہے۔ اور ہماری GDP growth rate، جب آپ اس ملک کی اکانمی کو بٹھانے کے لیے آئے، ½ 2.2 پر تھی، جواب اس وقت 3.7%، ہو چکی ہے۔ پھر inflation، مہنگائی کے اوپر آپ نے بات کی، 29.2% سے آپ کے لیڈر صاحب، وہ جو IMF کے والی campaign کا میں ذکر کر رہا ہوں، اس کی وجہ سے 29% inflation پر گئی تھی۔ آج وہ inflation 7.6 % پر ہے، جناب چیئرپرسن صاحبہ۔ Foreign exchange reserves، جب آپ اس ملک کو default کرا رہے تھے، تو تین ارب ڈالر پہ آ گئے تھے، جناب چیئرپرسن صاحب، وہ اس وقت 17.1 ارب ڈالر پہ ہیں۔ اور overall پاکستان کا foreign exchange reserve اس وقت 27 ارب ڈالر پر ہے، جہاں تک آپ لوگ کبھی بھی نہیں پہنچ سکے۔ تو جناب، بے نظیر انکم سپورٹ پروگرام، جو آپ کہہ رہے ہیں کہ ہم نے Ehsaas program، وہ Ehsaas program نہیں ہے، بلکہ بے نظیر انکم سپورٹ پروگرام ہے، جس کا نام آپ نے تبدیل کر دیا تھا۔ نام تبدیل کرنے کے علاوہ آپ لوگوں نے اور کیا کیا؟ اس کے علاوہ، جناب چیئرپرسن صاحب۔۔

میڈم پریذائیڈنگ آفیسر: آپ بات ختم کیجیے۔ دیکھیں، میں آپ سے، خواتین سے، بصد احترام کہوں گی کہ آپ ایسا نہ کریں۔ آپ پھر اپنے موقع پر، جب mic ملے، اپنی speaking slot میں جو تنقید کے نشتر برسانا چاہیں برسائیں، وہ تحمل سے سنیں گے۔ آپ یہ کریں گے تو پھر وہاں سے کسی کو لگام نہیں ہو گی، اور یہ کوئی طریقہ نہیں ہے پارلیمنٹ چلانے کا۔ یہ پارلیمان ہاؤس ہے، بازار نہیں ہے۔

ڈاکٹر افنان اللہ خان : چیئرپرسن صاحبہ، بہت زیادہ بات ہوئی کہ پاکستان کا قرضہ بہت زیادہ بڑھ گیا ہے، اور اس میں کوئی شک نہیں ہے کہ جو کچھ ہوا، ظاہر ہے، پراجیکٹ عمران خان کی وجہ سے ہمارا قرضہ 2017 میں، جناب چیئرپرسن صاحبہ، 21 ہزار ارب روپے کا تھا۔ 2017 میں ہم نے 21 ہزار ارب روپے کا جو قرضہ چھوڑا تھا، وہ آپ لوگ چار سال میں 45 ہزار ارب پر لے گئے، جس کو آپ ابھی کہہ رہے ہیں کہ بہت بڑھ گیا ہے، وہ actually آپ لوگوں کے کارناموں کی وجہ سے 45 ہزار ارب پر گیا۔ اور پھر جو campaign آپ نے چلائی، اس میں مزید وہ خراب ہوا۔ مگر اس وقت debt to GDP جو ratio ہے، وہ 75 فیصد سے کم ہو کر 68 فیصد پر آ گیا ہے۔ ہم اس سال، انشاءاللہ، agriculture کی مد میں 2162 ارب روپے کا قرضہ دیں گے۔ ہماری It exports ، جو کہ ایک بہت promising field ہے، اس کی exports بڑھ کر 3.8 ارب ڈالر ہو گئی ہیں۔ پچھلے سال، پاکستان نے 5G کی licensing کی، جس کی وجہ سے license کی مد میں بھی پیسے بنے، اور overall پاکستان کا Technology landscape بہتر ہوا ہے۔ پھر، جناب چیئرپرسن صاحبہ، ایک اور بہت ضروری بات جو میں کرنا چاہتا ہوں، کہ بہت دفعہ یہ کہا جاتا ہے کہ جی، بڑا ظلم ہو گیا اس ملک میں، پنجاب نے بڑا ظلم کر دیا، اور ہر چیز کے اندر سے ایک element نکالا جاتا ہے۔ تو اس دفعہ ایک important چیز ہے، جو میں اس ہاؤس کے سامنے رکھنا چاہتا ہوں۔ کہ، اس دفعہ بجٹ میں جو کٹوتی ہوئی ہے، تقریباً سوا نو سو ارب روپے کی، اس میں 700 ارب روپے کی جو کٹوتی ہوئی ہے، وہ پنجاب کی ہے۔ یعنی پنجاب نے سب سے زیادہ قربانی دی ہے، بڑے بھائی ہونے کی نسبت سے الگ ہے۔ آبادی کے حساب سے 52% بنتی ہے، مگر اگر آپ overall دیکھیں، تو پنجاب نے تقریباً 75% کے اپنے بجٹ سے نکال کر دیا ہے۔ تو یہ ایک important چیز ہے۔ اللہ تعالیٰ کی مہربانی سے ہمارے 38.1 ارب ڈالر کے remittances ہوئے ہیں۔ یہ جو ہمارے بھائی کہہ رہے تھے نا کہ باہر کے لوگوں کو ہم پر اعتماد نہیں رہا، تو پھر یہ 38.1 billion dollars کی remittances کہاں سے آئیں؟ 41 پر close ہوا ہے، 41 billion dollars پاکستان کے remittances ہوئے ہیں۔\ Roshan digital account ہمارے پاس record پیسے آئے ہیں ۔ جو M6 motorway کی بات ہوئی ہے، وہ بننی شروع ہو گئی ہے، اور اس کے اندر ہم نے Islamic development bank اور باقی agencies سے قرضہ لے لیا ہے۔ انشاءاللہ 2029 تک پاکستان میں، جب north south connectivity complete ہو گی، ML-1 کے اوپر کام شروع ہو گیا ہے۔ روہڑی سے کراچی تک World class track دکھے گا۔ تین ہمارے، اللہ تعالیٰ کی مہربانی سے، dam جو ہیں، وہ under construction ہیں اور قریباً ختم ہو رہے ہیں: داسو ڈیم، مہمند ڈیم، اور دیامر بھاشا ڈیم۔ ان تینوں کے اوپر کام جاری ہے۔ پاکستان نے اللہ

تعالیٰ کی مہربانی سے 6 satellites بھیجی ہیں، پاکستان کی تاریخ میں کبھی یہ نہیں ہوا کہ ہم نے 6 satellites بھیجی ہوں، جس کی وجہ سے ہم اپنے civil اور defense سے related معاملات بہتر طریقے سے کر رہے ہیں۔

تو یہ اچھی خبریں ہیں۔ تو جناب چیئرپرسن صاحبہ، حکومت کی best effort ہے کہ اس ملک کی economy کو stabilize کیا جائے، اور ہم ایک ایسے راستے پہ چلیں جس سے sustainable growth ہو، یہ boom and bust cycle ختم ہو، اور بے شک gradually ہو لیکن پائیدار، بہتر حالات ہوں۔

میڈم پریذائیڈنگ آفیسر: شکریہ، سینیٹر عون صاحب۔

**Senator Aon Abbas**

سینیٹر عون عباس: اعوذ باللہ من الشیطان الرجیم، بسم اللہ الرحمٰن الرحیم۔ جناب چیئرپرسن صاحبہ، میں آج کی تقریر شبلی فراز صاحب کے نام کروں گا۔ وہ میرے دوست اور میرے استاد ہیں۔ آج وہ ہمارے ساتھ موجود نہیں ہیں۔ اللہ ان کو استقامت دے، ہمت دے۔ انشاء اللہ وہ وقت بھی آئے گا، جب وہ دوبارہ یہاں ہمارے ساتھ موجود ہوں گے۔ جناب چیئرپرسن صاحبہ، میں اپنی تقریر کا آغاز ایک کہانی سے کرتا ہوں۔ دسمبر 2010 میں تونس میں ایک شخص، جس کا نام محمد بوعزیزی تھا، وہ سبزی کی ریڑھی لگاتا تھا، چار بچوں کا باپ تھا، غریب تھا، سکول میں پڑھائی مکمل نہیں کر سکا تھا، اور بڑی مشکل سے روزی روٹی کماتا تھا۔ ایک دن municipal committee والے آئے اور اس کی ریڑھی اٹھا کر لے گئے۔ وہ اس کے خلاف complaint کرنے district administration کے پاس گیا، تو انہوں نے اسے تھپڑ مارا۔ اگلے دن اس نے مٹی کا تیل اپنے اوپر ڈالا اور خود کو آگ لگا لی۔ چند دن کے بعد، جنوری 2011 میں، وہ فوت ہو گیا۔ اس کہانی کے ساتھ دوسری کہانی شروع ہوتی ہے۔

اس شخص کا نام محمد ساجد ہے، جو جنوبی پنجاب کے ضلع بہاول نگر کی تحصیل چشتیاں میں رہنے والا تھا۔ وہ سبزی کی ریڑھی لگاتا تھا، اور اس کے دو چار بچے تھے۔ 2025 میں ایک دن بجلی کا بل بہت زیادہ آ گیا۔ وہ واپڈا کے دفتر گیا، انہیں کہا کہ بل زیادہ آیا ہے، تو انہوں نے اسے ٹھیک کرنے سے انکار کر دیا۔ وہ اپنے بھائیوں کے پاس گیا، پیسے مانگے، انہوں نے انکار کر دیا۔ آخر واپڈا نے اسکا میٹر کاٹ دیا مایوس ہو کر، اگلے دن اس نے گولیاں کھائیں اور خودکشی کر لی۔ اب کوئی سوال پوچھے کہ ان دو کہانیوں کا آپس میں کیا موازنہ ہے؟ جناب چیئرپرسن صاحبہ، تیونس میں جب ایک شخص نے خودکشی کی، تو اس کے بعد Arab spring آیا، انقلاب آیا، بغاوت ہوئی، آٹھ ملکوں کے سربراہ ملک چھوڑ کر فرار ہو گئے تھے،

لاکھوں لوگ سڑکوں پر نکل آئے، کوئی نظام، کوئی قانون انہیں روک نہیں سکا۔ لیکن جب ساجد نے پاکستان میں خود کشی کی، تو کسی کو یاد بھی نہیں رہا، اور کسی خبر میں report بھی نہیں ہوئی۔ لیکن ساجد اکیلا بندہ نہیں تھا، چیئرپرسن صاحبہ۔ پچھلے ایک سال میں 116 لوگوں نے غربت کی وجہ سے خود کشی کی ہے۔ اس پاکستان میں 116 لوگوں نے غربت کی وجہ سے خود کشی کی ہے۔ جناب چیئرپرسن صاحبہ، یہ جو بجٹ ہے، یہ صرف اعداد و شمار کے لیے نہیں ہوتا، بلکہ اس میں ان لوگوں کے لیے معاشی تقدیر لکھی جاتی ہے، جن کے لیے بجٹ بنایا جاتا ہے۔ پچھلے سال اس حکومت نے جو بجٹ دیا تھا، اس نے ان 116 لوگوں کی تقدیر میں لکھ دیا تھا کہ تم غربت کی وجہ سے خود کشی کروگے، ان کو مشکل فیصلے کرنے پڑ گئے تھے۔ فیصلے کیا تھے؟ کیا میں اپنے بچوں کو سکول بھیجوں؟ یا یہ کہ آج رات کو دو وقت کی روٹی پوری کروں؟ یا یہ کہ اپنی بجلی کا بل pay کروں؟ یا یہ کہ اپنے تن کے کپڑے پورے کروں؟ ان 116 لوگوں کے لیے اتنا مشکل فیصلہ تھا کہ آپ کے بجٹ نے ان 116 لوگوں کی جان لے لی۔ جناب چیئرپرسن صاحبہ، آخر وجہ کیا ہے کہ اس ملک میں، جہاں تیونس میں انقلاب آ گیا، پاکستان میں کیوں نہیں آیا؟ وجہ صرف یہ ہے کہ آج بھی وہ لاکھوں لوگ، جو دل میں frustration اور غصہ لے کر بیٹھے ہیں، آج بھی اس ریاست کی طرف دیکھ رہے ہیں۔ وہ ابھی بھی believe کرتے ہیں کہ شاید ریاست ہمارے لیے کچھ کرے گی۔ ہم انقلاب کی طرف نہیں جاتے، لیکن وہ وقت دور نہیں جب ان کا صبر کا پیمانہ ٹوٹ جائے گا اور وہ اٹھ کھڑے ہوں گے۔

چیئرمین صاحبہ، economic survey کی report جب دینے آئے، تو انہوں نے کتنا سینہ کھول کر دکھایا کہ 21 فیصد غربت تھی، جو آج 30 فیصد ہو گئی ہے۔ یعنی اس سے پہلے ہمیں بتایا جا رہا تھا کہ پاکستان میں پانچ کروڑ غریب تھے، اور ہماری حکومت میں سات کروڑ پچاس لاکھ ہو گئے ہیں۔ UN کی report کے مطابق، پاکستان میں 45 فیصد لوگ اس وقت غربت کی لکیر سے نیچے ہیں، جو کہ ساڑھے 10 کروڑ بنتے ہیں۔ اور اس کے لیے define یہ کیا گیا کہ جو 8400 روپے کمائے گا وہ غریب ہے، اور جو 8500 روپے کمائے گا وہ امیر ہو جائے گا۔ چیئرمین صاحبہ، میں آپ سے پوچھتا ہوں، آپ 8500 روپے میں ایک دن کا بجٹ بنا کر دکھا دیں، جس میں تین وقت کا کھانا بھی ہو، بجلی کا بل بھی ہو، ملازمین کی تنخواہ بھی ہو، اور آپ کے بچے بھی گھومنے جائیں۔ کیا 8500 روپے میں یہ ممکن ہے؟ کوئی ایسا بجٹ بنا سکتا ہے؟ نہیں، بنا سکتا۔ یہ ایک طمانچہ ہے اس غریب کے اوپر، جو پاکستان میں فیصلے کرنے والوں کی طرف سے مارا جا رہا ہے۔ (جاری)

سینیٹر عون عباس: (جاری) کوئی بجٹ بناسکتا ہے، نہیں بناسکتا، یہ غریب پرایک طمانچہ ہے جو پاکستان میں فیصلے کرنے والوں کی طرف سے مارا جارہا ہے اور اس کی وجہ ان کی taxation ہے۔ ایسا ٹیکس جو دنیا میں کہیں نہیں لگایا گیا۔ پندرہ ہزار ارب روپے کا ٹیکس لگادیا جس میں سے صرف سات ہزار ارب روپے direct taxation ہے یعنی جتنا کمائیں، اتنا ٹیکس ادا کریں۔ لیکن ساڑھے سات ہزار ارب روپے indirect tax لگادیا۔ یعنی کہ کوئی فرق نہیں پڑتا تم کتنے امیر ہو، کوئی فرق نہیں پڑتا تم کتنے غریب ہو۔ تم پر اتنا ہی ٹیکس لگے گا جتنا امیر دے گا۔ یعنی اگر تم دال لینے جاؤ گے تو GST اتنی دو گے جتنا ایک امیر دے گا۔ چاول لینے والے پر بھی اتنا ٹیکس بھرو گے۔ موٹر سائیکل میں پٹرول ڈالنے پر بھی اتنا ہی ٹیکس بھرو گے۔ FED, custom tax, سب ایک جیسے بھرو گے۔ ان سب سے ان کا دل نہیں بھرا، آخر petroleum levy لگادی۔ 1700 ارب روپے کی petroleum levy یعنی وہ levy جو 25 کروڑ پاکستانی جب صبح موٹر سائیکل لے کر گھر سے جاتا ہے اور پٹرول پمپ پر جاتا ہے اور ایک لیٹر پٹرول ڈلواتا ہے تو 116 روپے اس حکومت کی ٹیکس میں جمع کروا کر جاتا ہے۔ یوں جو پاکستانی جو کمائے، نہ کمائے، ان کو پیسے دے کر جائے گا۔

چیئرپرسن صاحبہ! ریاستیں ٹیکس اکٹھا کرنے کے لیے نہیں بنائی جاتیں، ریاستیں فلاح کے لیے بنائی جاتی ہیں۔ پہلے روٹی دو، پہلے روزی دو، پھر تعلیم دو، پھر صحت دو۔ اگر کچھ بچے گا تو تمہیں ٹیکس دیں گے۔ یہ کہتے ہیں کہ نہیں، پہلے ٹیکس دو، پٹرول پر ٹیکس دو، بجلی پر ٹیکس دو، گیس پر ٹیکس دو، ہاں، کچھ بچ گیا تو کھا پی لینا۔ کچھ بچ جائے تو تعلیم پر خرچ کرلینا اور کچھ بچ جائے تو صحت پر خرچ کرلینا۔ یہ وہ ظالم لوگ ہیں۔ لیکن پھر ہمیں آکر GDP دکھاتے تھے۔ GDP کی شرح stabilization 3.7% ہو رہی ہے۔ اس سے پہلے بہت نیچے تھے، اب اوپر آگئے ہیں۔ وجہ، جی وجہ یہ ہے کہ پٹرول کی قیمتیں بڑھ گئیں۔ حضور والا! فروری 2022 میں ایک عمران خان کی حکومت میں crude 120 dollars کا ہو گیا تھا، ہم نے 160 روپے سے زیادہ ڈیزل کی قیمت نہیں بڑھائی۔ کرونا دو سال ہمارے دور میں آیا تھا، جس وقت ہمیں اٹھا کر باہر پھینکا گیا اس وقت ہم نے 6% growth دی تھی۔ میں سوچنے پر مجبور ہوں، حد ہو گئی۔ جنہوں نے ہمیں اٹھا کر باہر پھینک دیا اور یہ ارسطو لے کر آئے۔ ایسے نااہل لوگ لے کر آئے جن کو سمجھ کچھ نہیں ہے۔ صرف اعداد دکھا دیتے ہیں کہ یہ بجٹ بنا دیا گیا ہے لیکن چیئرپرسن صاحبہ! اس وقت سب سے بڑا ظلم میرے جنوبی پنجاب کے ساتھ، میرے کسان اور میری زراعت کے ساتھ ہوا ہے۔ economy 24% زراعت پر چلتی ہے۔ اس کی growth 4% دکھائی۔ growth 4% دکھائی اور وجہ کیا ہے، گندم۔ میں نے پچھلی مرتبہ بھی کہا تھا، تارڑ صاحب نے مجھے جواب دیا تھا۔ یہ

حکومت پنجاب کی ناکام پالیسی کی وجہ سے گندم کی شرح فیصد کم رہ گئی، اس کی اتنی harvest نہیں آ سکی۔اس سال 27 million ton گندم پیدا ہوئی ہے۔ہر سال موازنہ کر دیتا ہوں۔ اس سال پنجاب پورے پاکستان میں دو کروڑ ستر لاکھ ٹن گندم پیدا ہوئی اور rate کتنا ملا، 2,500 سے 3,000 روپے فی من۔الحمد للہ عمران خان کے دور میں دو کروڑ 84 لاکھ ٹن گندم پیدا ہوئی تھی اور minimum rate 4,000 روپے تھا۔ مجھے کسان فون کرتے تھے کہ جی ہم نے 4,000 روپے میں فی من نہیں بیچنی، ہم 5,000 روپے فی من سے نیچے نہیں بیچیں گے۔ یہ وہ حکومت تھی۔اس کے ساتھ مقابلہ کریں۔اس وقت ڈیزل 160 روپے فی لیٹر تھا جو آج 380 روپے فی لیٹر ہے۔یوریا کا bag 1600 روپے کا تھا جو آج 4480 روپے کا ہے۔DAP 8000 روپے کی تھی جو آج 19000 روپے کی ہے۔اس وقت زمین کا کرایہ 75000 فی ایکڑ تھا، آج ایک لاکھ پچیس ہزار میں کوئی زمین نہیں دیتا۔۔۔

(مداخلت)

میڈم پریذائیڈنگ آفیسر: بٹ صاحب! پلیز۔ سینیٹر صاحب بیٹھ جائیں۔جی۔

سینیٹر عون عباس: چیئرپرسن صاحبہ! تیس سے چالیس لاکھ میٹرک ٹن گندم short ہے۔ میں ریکارڈ پر کہہ رہا ہوں، اس سال یہ حکومت یوکرین سے تیس سے چالیس لاکھ ٹن گندم منگوائے گی۔ یوکرین کے کسانوں کو ایک ارب ڈالرز کا زر مبادلہ خرچ کرے گی ورنہ بہت بڑا crisis آرہاہے۔ یہ منسٹر مانیں، نہ مانیں، پنجاب حکومت کی نااہلی کی وجہ سے آپ کی زراعت تباہ ہو گئی۔

اب کپاس کی طرف آتا ہوں۔ چیئرپرسن صاحبہ! 22-2021 میں ہم نے ٹوٹل کپاس کی 83 لاکھ bales پیدا کیں۔آج Economic Survey میں رپورٹ دے کر یہ بتا رہے ہیں کہ کپاس کی ٹوٹل 70 لاکھ bales پیدا ہوئی ہیں۔ مزے کی بات دیکھیں، ہمارے دور میں 300 Textile Mills چلا کرتی تھیں۔آج 150 Mills چل رہی ہیں۔ اور جو 150 بند ہوئی ہیں، ان میں ہر مل کے ساتھ 12 looms چلتی ہیں، ٹیکسٹائل مل چلتی ہے تو 12 looms چلتی ہیں۔ساڑھے 12 ہزار looms بند ہو چکی ہیں۔ 12,500 Ginning Factories چلتی تھیں،آج 270 Ginning Factories چل رہی ہیں۔ تیس لاکھ لوگ نوکری سے فارغ ہوئے، یہ ٹس سے مس نہیں ہوسکے۔ کپاس برباد ہو گئی۔Priorities check کریں۔ملتان میں ایک Cotton Research Institute تھا جہاں کپاس کے لیے تحقیق ہوتی تھی۔حکومت پنجاب نے ایک فیصلہ کیا کہ cotton research بند کر دو، مجھے یہاں پر جم خانہ چاہیے کیونکہ

شام کو کوئی بابو، سیاست دان اور صنعت کار آرام سے چائے پی سکیں، کپاس کی ضرورت نہیں ہے، ان کی عیاشیاں اور اللے تللے ہونے چاہیے تھے۔ اور کیا کیا مقابلہ کروں۔

چیئرپرسن صاحبہ! چاول کی فصل 22-2021 میں 5 ہزار روپے فی من کسان بیچ رہا تھا، آج 4500 روپے میں لینے والا کوئی نہیں ہے۔ ہمارے دور میں مکئی 2500 روپے میں بکتی تھی، آج 2200 روپے میں بک رہی ہے۔ آلو کا تو یہ حال ہے کہ اس لوگوں نے کھڑی فصل جلا دیے، کوئی نہیں بیچے گا۔ آلو پانچ روپے کلو کون بیچے گا۔ اس وقت ٹماٹر اڑھائی سو روپے من بک رہا ہے۔ ہمارے دور میں 1200 روپے من بکتا تھا۔ لوگوں نے پھر بھی وہاں پر فصلیں جلا دیں۔ زراعت برباد، جنوبی پنجاب برباد، کسان برباد، کیوں؟ ووٹ کیوں دیا تھا عمران خان کو۔ یہ وہ لوگ ہیں، برداشت کریں۔ یہ عمران خان کو ووٹ دینے والے کسان کو برباد کرکے رکھ دیا۔

چیئرپرسن صاحبہ! آگے چلتا ہوں تعلیم پر، تعلیم ,0.8% چیئرپرسن صاحبہ! ایک سوال بتایئے۔ ہمارے دور میں HEC کو 70 ارب روپے کی grant دی گئی۔ آج grant کتنی ہے،46 ارب روپے ہے۔ 278 Universities ہیں، اتنے سارے لوگ ہیں، research and development پر پیسے خرچ ہو سکتے تھے۔ انہوں نے کہا کہ نہیں، تعلیم کی ضرورت نہیں ہے، ان کو چھوڑیں، ان کو ادھر بھیک پر لگاتے ہیں، فیس زیادہ کر دیں لیکن اگر تعلیم نہیں دے سکتے، صبر تو کیجیے، normally economy کی 4% خرچ کرتے ہیں، آپ نے 0.8% سے بھی نہیں خرچ کر پا رہے، صحت پر ,0.8% چیئرپرسن صاحبہ! آپ کو عمران خان سے نفرت ہو سکتی ہے، ان سب کو ہو گی۔ بغض بھی ہو سکتا ہے۔ Health Card پر کیا تکلیف تھی۔ اس سے ہزاروں لوگوں کا کینسر کا علاج ہو سکتا تھا۔ کتنے لوگوں کے دل کا آپریشن ہوتا تھا، دس لاکھ تک مفت ہوتا تھا۔ بند کر دو کیونکہ عمران خان کی فوٹو ہے۔ عمران خان کی کہیں نام کی مشہوری نہ ہو، مرتے ہیں مر جائیں غریب لیکن عمران خان کا نام Health Card پر نہیں آنا چاہیے۔ Health Card بند کر دیا گیا۔

چیئرپرسن صاحبہ! کیا کیا کہوں، priorities اتنی آجاتی ہیں۔ آخری بات کروں گا، دو چیزیں ہیں اور دو منٹ لوں گا۔ Priorities کی بات ہے، priorities یہ ہیں کہ اگر وزیر اعلیٰ پنجاب 11 ارب کا جہاز لے گی تو وہ پاکستانی جو پہلے ہنڈا یا کرولا پر چڑھتا تھا، پھر آلٹو پر چڑھتا ہے، اب موٹر سائیکل پر، EV bike پر آگیا ہے، وہ ان سے نفرت کرے گا۔ اگر priorities کی بات ہو گی تو وہ credit card جو صرف ایک امیر پاکستانی کے پاس ہے، جب وہ بیرونی دورے پر جاتا تھا، اس پر FED لگتا تھا، بند کر دو FED کیونکہ امیر آدمی جو credit card رکھتا ہے، اس

کو زیادہ نہ بھرنا پڑے۔اس کے مقابلے میں وہ شخص جو ایک موٹرسائیکل لے کر پٹرول پمپ پر جاتا ہے،وہ 116 روپے بھرے گاتولوگ ان سے نفرت کریں گے۔

وہ پاکستانی امیر جو business class میں 15 لاکھ کی ٹکٹ لے کر جاتا تھااور ڈیڑھ لاکھ روپے FED بھرتا تھا،بند کر دو,FED اس پر FED نہیں لیا جاسکتا،ہاں،جو سواری پر،حج پر، عمرے پر،روزگار کے لیے سعودی عرب،دبئی،عمان جارہا تھا،اس پر تیس ہزار کا,FED نہیں،اس کو معاف نہیں کرنا،یہ تو کماکراس کے پاس پیسا بہت ہے۔لوگ آپ سے نفرت کریں گے۔جب priorities کی بات ہوتی ہے۔جب آپ جیو اور ڈیفنس میں،ڈی ایچ اے لاہور میں بابوؤں کے لیے بیس،بیس کروڑ کے بنگلے بنائیں گےاور ایک پاکستانی جو پہلے ایک کنال کے گھر میں رہتا تھا،اب دس یا پانچ مرلے سے کرائے کے گھر میں آگیا،وہ آپ سے نفرت کرے گا۔

سوچیں اس ماں کے بارے میں جو رات کو بچوں کو کھانا دیتی ہےاور خود بھوکا سوتی ہے کہ رات کو نیند آئے گی اور صبح اٹھ کر اسکول جائے گاتوشاید بڑاہو کر میرا سہارا بنے گا۔ سوچیں اس باپ کے بارے میں جس کے سر پر پھٹے ہوئے کپڑے ہیں۔وہ بچوں کی فیس تو ادا کرتا ہے،اپنے لیے ایک سوٹ نہیں لیتا کہ یہ جب بڑا ہوگاتو میرے لیے،بڑھاپے کا سہارا بنے گا۔ سوچیں ان 70 لاکھ نوجوانوں کے لیے جو ماں باپ کی محنت کی وجہ سے بی اے کی ڈگری ہاتھ میں لے کر پھرتے تو ہیں اور اس ریاست کی طرف دیکھتے ہیں کہ شاید یہ ریاست مجھے نوکری دے دےاور میں اپنے بوڑھے ماں باپ کے لیے کچھ کروں،وہ آپ سے نفرت کرے گا۔آپ کو عمران خان سے نفرت ہو سکتی ہے۔ خان صاحب نے دو باتیں بڑی ٹھیک کی تھیں۔انہوں نے کہا کہ میں تو گزارہ کرجاؤں گا،پاکستانیو! تم لوگ گزارہ نہیں کر سکتے۔ میں صدقے جاؤں اس پر،ایک ہزار 45 دن اس کو ہو چکے ہیں،وہ گزارہ کررہا ہے لیکن پاکستانی ان کے نیچے ایک ایک دن گھٹ گھٹ کر گزارہ کر رہا ہے۔اور خان نے کہا تھا کہ میں ایک دن مدینے کی ریاست بناؤں گا جبکہ لوگ ہنسا کرتے تھے۔آپ نے پناہ گاہیں ختم کر دیں،صحت کارڈ ختم کر دیا لیکن یاد رکھیے،چیئرپرسن صاحبہ! میں اللہ کو گواہ بنا کہتا ہوں،ایک دن اس سیٹ پر تحریک انصاف کا چیئرمین سینیٹ بھی بیٹھے گا۔ایک دن اس لائن میں تحریک انصاف کے وزیر بھی بیٹھیں گے اور ایک دن وزیراعظم ہاؤس میں عمران خان وزیراعظم بیٹھے گااور ہم بنائیں گے نیا پاکستان۔ ہم بنائیں گے فلاحی ریاست۔ہم بنائیں گے مدینے کی ریاست اور ایک نیا پاکستان بنے گا۔ پاکستان زندہ باد،عمران خان زندہ باد۔ شکریہ۔

میڈم پریذائیڈنگ آفیسر: شکریہ،سینیٹر صاحب۔ یہاں سے کون بولے گا؟ (جاری۔۔۔T19)

میڈم پریذائیڈنگ آفیسر: یہاں سے کون بولے گا؟ .i have nobody on the list ایک منٹ بٹ صاحب! ایک announcement ہے۔ The House welcomes the members of the Khyber Pakhtunkhwa Youth Assembly, who are seated in the visitor's gallery. Welcome young people. خوش آمدید، بیٹھیے، تشریف رکھیے۔ جی، بٹ صاحب۔

**Senator Nasir Mehmood**

سینیٹر ناصر محمود: شکریہ، آپ نے مجھے اجازت دی۔ میرے بھائی نے بڑی اچھی تقریر کی ہے۔ پہلے تو میں بات یہ کروں گا کہ میں مبارک باد دوں اپنی قوم کو، پاکستان کو۔

میڈم پریذائیڈنگ آفیسر: یہ سوال آیا ہے کہ آپ budget بجٹ پر ہی بول رہے ہیں۔

سینیٹر ناصر بٹ: انہوں نے بھی budget پر بات کی ہے کہ عمران خان زندہ باد، جیل میں ہے، فلاں، میں budget پر ہی بات کرنے لگا ہوں۔

میڈم پریذائیڈنگ آفیسر: تارڑ صاحب گزارش ہے کہ ن لیگ کی list دے دیں، شکریہ۔

سینیٹر ناصر محمود: میں سب سے پہلے، جو پاکستان نے ایک mediator کا کردار ادا کیا، ان لوگوں کو یہ یاد نہیں ہے، یہ بزدل لوگ ہیں۔ ان کو شرم آنی چاہیے کہ اس وقت پاکستان کا نام ہے کہ ہم نے America اور Iran کی، یہ third war شروع ہونے والی تھی، جس کو ختم کروایا۔ اس پر sign بھی ہونے والے ہیں، ان شاء اللہ جمعرات والے دن۔ یہ آپ لوگوں کی جو foreign policy تھی کہ مجھے America کا صدر phone ہی کر دے، miss call ہی دے دے۔ آپ لوگوں کی وہ حالت تھی جیل میں کہ جب Trump صدر بنے گا، تو سب سے پہلے ہمیں باہر نکالے گا۔ وہ absolutely not یہ کرتے تھے، اب آپ کی یہ حالت ہے کہ آپ کو کوئی پوچھتا نہیں ہے۔ آپ وہ ہیں جو کہتے تھے، ہم آئیں گے تو ادھر سے اربوں dollar لائیں گے، وہاں سے لائیں گے اور بدقسمتی سے، میں کہتا ہوں کہ جب وہ 190 Million Pounds آیا تو یہ علی بابا چالیس چور آپس میں مل کر کھا گئے؟ اب ان کو پکڑا گیا۔ تو بات یہ ہے کہ پاکستان بہتر ہو رہا ہے۔ آپ کے دور میں اور اس دور میں بڑا فرق ہے۔ آپ لوگ ظالم لوگ تھے۔ آپ نے کہا تھا کہ عمران ان کو بکریاں، انڈے، چوزے دے گا کہ تم یہ کاروبار

کرو، دودھ اچھا ملے گا۔ وہ وقت چلا گیا۔ اب ایک اچھا وقت آیا ہے۔ آپ میری بات سن لیں، تو آپ کو میں بتا دیتا ہوں کہ آپ کہتے تھے ہمارے ٹینکوں میں پٹرول نہیں ہے۔ میرے بھائی سنو، کیوں جا رہے ہو؟ جھوٹ بول بول کر، ہمارے ٹینکوں میں پٹرول نہیں ہے۔ جب ابھی نندن آیا تھا، ہمارے دور میں جب وہ آیا، جس وقت ہندوستان نے ہم پر حملہ کیا، تو ہم نے ان کو بتایا کہ ہمارے ٹینکوں میں پٹرول بھی ہے، ہماری فوج بہادر بھی ہے۔ عاصم منیر صاحب کو میں دونوں ہاتھوں سے سلام کرتا ہوں۔ انہوں نے جب ان کو جواب دیا تو ایسا جواب دیا کہ آٹھ گھنٹوں میں انہوں نے ہاتھ اٹھائے اور سفید جھنڈے اٹھا کر America کے پاس چلے گئے کہ ہمیں معافی دلا دو، یہ فرق ہے، آپ لوگ تھے بزدل۔

جب شہباز شریف Opposition Leader تھے تو انہوں نے عمران صاحب کو کہا تھا کہ آپ مسلط ہو چکے ہیں، کریں فیصلہ، کیا کرنا ہے؟ تو کہتے تھے کہ کیا حملہ کر دوں، پھر ہم نے حملہ کرکے دکھایا۔ ان شاء اللہ پاکستان بہتری کی طرف جا رہا ہے اور جائے گا۔ ایک بات آپ یاد رکھیں کہ جب آپ کی نیتیں ٹھیک نہیں تھیں، آپ تو وہ لوگ تھے جو کہتے تھے: جی، میں آج فلاں کو جیل میں بھیج دوں گا۔ آپ کا وہ ثاقب نثار، جس نے ایک sitting Prime Minister کو بیٹے سے تنخواہ نہ لینے پر disqualify for life کر دیا۔ اب چلے گئے ہیں سارے، میں کس کو سناؤں؟ یہ بزدل، جھوٹے لوگ بھاگ جاتے ہیں۔ ٹھیک ہے؟ آپ بیٹھے ہیں نا؟ آپ ادھر نہیں، آپ ہمارے ساتھ ہیں۔

دوسری بات یہ ہے کہ جھوٹ بولتے وقت، الزامات لگاتے وقت ان کو شرم بھی نہیں آتی ہے۔ سچی بات یہ ہے کہ آج پاکستان کو دنیا مانتی ہے۔ ہم nuclear power ہیں، پاکستان کا ایک نام ہے۔ جب پاکستان میں بہتری آتی ہے۔۔۔

میڈم پریذائیڈنگ آفیسر: ابڑو صاحب، گزارش ہے آپ اپنے وقت پر بول لیجیے گا، بیچ میں نہ بولیں۔

سینیٹر ناصر محمود: شرم نہیں آتی، آگے سے باتیں کرتے ہیں۔ میں گالیاں نہیں دے رہا۔

میڈم پریذائیڈنگ آفیسر: گالی تو نہیں دی۔ گالی کسی نے نہیں دی، please resume and speak about, آپ پیچھے سے نہ ڈانٹیں۔ آپ resume کریں۔

سینیٹر ناصر محمود: اب بات یہ ہے کہ آپ لوگ یہ مان جائیں کہ جو رویہ آپ نے روا رکھا ہوا ہے، اس رویے کی وجہ سے قوم آپ سے نفرت کر رہی ہے۔ آپ گلگت بلتستان میں یہ کہتے تھے کہ نوجوان ہمارے ساتھ ہیں، ہمیں ووٹ دیں گے۔ اب بتاؤ، نوجوانوں نے آپ کو ووٹ دیا ہے؟ آپ کو اٹھا کر باہر پھینک دیا ہے۔ گلگت بلتستان میں بھی آپ کو باہر پھینکا ہے۔ ان شاء اللہ آزاد کشمیر میں بھی ہوگا، پھر آپ کا یہی حال ہوگا۔ پاکستان میں آپ کا یہ حال ہو چکا ہے۔ میں کے پی کی عوام کے آگے ہاتھ جوڑتا ہوں کہ یہ کن کے آگے چڑھ گئی ہے؟ پندرہ سال سے وہاں بیٹھے ہیں،

تباہی ہے وہاں۔ میں نے ایک ویڈیو دیکھی؛ ایک باپ اپنی دو چھوٹی بیٹیوں کو لے کر جا رہا ہے۔ بیچ میں پانی ہے، اس میں چھوٹے چھوٹے پتھر لگے ہوئے ہیں جن پر سے وہ گزرتا ہے اور بچی گر جاتی ہے۔ تو ان کو یہ شرم نہیں آتی کہ وہاں کچھ کریں؟ سکولوں کے لیے کریں، بچوں کے لیے کچھ کریں؟ لیکن زندگی میں یاد رکھیں، اگر آپ نے جھوٹ کی سیاست کرنی ہے تو وہ حال آپ کا ہو چکا ہے۔

Budget پر جو بات ہو رہی ہے، بالکل ٹھیک ہے۔ IMF کے حوالے آپ لوگ کر کے گئے تھے۔ یہ لوگ کہتے تھے ہم IMF کے پاس نہیں جائیں گے۔ ہمیں IMF نے پھنسادیا، ہم کوئی بھی عوامی ریلیف کی بات کرتے ہیں تو IMF ہمیں پکڑ لیتا ہے۔ یہ نہیں کریں، وہ کریں۔ آپ جاتے جاتے پٹرول بھی سستا کر گئے کہ ہم ایسی mines بچھا کے جا رہے ہیں کہ پاکستان میں بہتری نہیں آئے گی۔ دیکھیں، میری بات کتنی اچھی ہوتی ہے، سب چلے گئے۔ ان کو سچی باتیں سناؤ نا، ان کو شیشہ دکھاؤ، یہ بھاگ جاتے ہیں۔ بس میری یہی گزارش ہے کہ پاکستان بہتر ہو گا، ان شاء اللہ پاکستان میں ترقی بھی ہو گی۔ آپ لوگوں جیسے چہرے، جو جھوٹ بولتے ہیں، اپنے انجام کو پہنچ رہے ہیں، کچھ پہنچ جائیں گے۔ یہ کہتے ہیں کہ فلاں بندہ اندر ہے۔

میڈم پریذائیڈنگ آفیسر: بجٹ پر کوئی بات ہو جائے۔

سینیٹر ناصر محمود: Defence پر ہم نے زیادہ پیسا اس لیے لگایا کہ ہم اپنی فوج کو مضبوط کرنا چاہتے ہیں۔ ہمارا defence مضبوط تھا، تو ہم نے ہندوستان کو اس حالت تک پہنچایا۔ قطر کے پاس کتنا پیسا ہے لیکن ان کے پاس فوج نہیں ہے، کچھ نہیں ہے۔ تو defence ہونا چاہیے۔ Iran پر جب America نے حملہ کیا، تو وہ ایرانی قوم ایک ہوئی۔ آپ لوگوں کو بھی یہ کہتا ہوں کہ جب ہندوستان نے حملہ کیا تھا، ہم نے اس کا جواب دیا لیکن آپ ایک نہیں ہوئے۔ آپ کے you tuber باہر بیٹھ کر پاکستانی فوج کے بارے میں باتیں کرتے تھے۔ آج بھی کہتا ہوں کہ میں آپ سے request کرتا ہوں کہ جب پاکستان پر کوئی دشمن حملہ کرے تو ایک ہو جایا کریں۔ آپ کے لیے یہی بہتر ہے۔ آپ کو اللہ ہدایت دے اور ان شاء اللہ اگر ہدایت نہیں ملی تو پھر آپ جیلوں میں ہی رہیں گے۔

میڈم پریذائیڈنگ آفیسر: بہت شکریہ۔ سینیٹر ایمل ولی خان صاحب۔ سینیٹر صاحب! آپ کو کتنا time چاہیے؟ پندرہ، بیس منٹ؟ ہم سب Parliamentary Leaders نے پندرہ پندرہ منٹ لیے ہیں so would you like more?

سینیٹر ایمل ولی خان: میں ان شاء اللہ کوئی ایسی چیز نہیں کروں گا اور میں budget پر اپنے آپ کو precise رکھوں گا۔

میڈم پریذائیڈنگ آفیسر: شکریہ۔

## Senator Aimal Wali khan

سینیٹر ایمل ولی خان: شروع کرتا ہوں اللہ کے نام سے، جو رحمان اور رحیم ہیں۔ میں دونوں اطراف کو کہوں گا کہ تمہیں یاد ہو کہ نہ یاد ہو، ہمیں یاد ہے، ذرا ذرا۔ میں اپنے بھائیوں کی مایوسی دیکھ سکتا ہوں۔ یہ ہمارے وہی بھائی ہیں جن کے ساتھ ہم 90s سے، جب یہ اقتدار میں بیٹھتے ہیں تو یہ آنکھیں موڑ لیتے ہیں اور جب اقتدار سے نکلتے ہیں تو پھر جمہوری لوگوں کی ضرورت پڑتی ہے۔ میں اس گھرانے سے ہوں جس کا تین نسلوں سے، الحمد للہ، پالا پڑا ہے اور ان تین نسلوں میں الحمد للہ بہت کچھ سیکھنے کو ملا۔ پہلا وہ وعدہ جو پختونخوا اور کالا باغ ڈیم کا ہوا تھا اور پھر اس سے منہ پھیرا گیا اور پھر بڑی بری کھانی پڑی۔ جو خان عبد الولی خان کے ساتھ میاں نواز شریف صاحب نے کیا۔ دوسرا وہ وعدہ جو CPEC کے time میں میاں نواز شریف صاحب نے جناب اسفندیار ولی خان کے ساتھ western route کا کیا تھا۔ (جاری ہے۔۔۔۔T19)

T20–15June2026 Imran/ED: Waqas 03:50 pm

سینیٹر ایمل ولی خان: (جاری۔۔۔۔) جو خان عبدالولی خان کے ساتھ میاں نواز شریف صاحب نے کیا۔ دوسرا وہ وعدہ جو CPEC کے وقت میاں نواز شریف صاحب نے جناب اسفند یار ولی خان کے ساتھ western route کا کیا تھا اور اُس سے بھی مکر گئے اور بڑی زور کی کھانی پڑی۔ ہم نے پھر PDM کا دور بھی ساتھ گزارا، ووٹ کو عزت دو، ووٹر کو عزت دو اور پھر ہم نے وہ حیران کن مرحلہ بھی دیکھ لیا جہاں اُن معاہدوں کے بعد اندرون خانہ معاہدے ہوئے اور PDM میں جس چیز کے لیے ہم، آپ، مسلم لیگ، JUI اکٹھے ہوئے تھے کہ ان لوگوں کو زبردستی لایا گیا ہے اور ہم نے یہ نہیں چھوڑنا۔ تو ما شاء اللہ، الحمد للہ، مسلم لیگ نے کیا کیا؟ جمہوریت کے تابوت پر کیل ٹھوک دیے۔

آج میں مبارک باد پیش کروں گا، کیا بات ہے بھائی، دنیا کے سب سے بڑے مسئلے یعنی ایران اور امریکہ کی لڑائی اور اُس میں پاکستان کے کردار پر خراج تحسین ہے۔ حکومت والو! ہندوستان کی لڑائی کے بعد فیلڈ مارشل کا خطاب دیا۔ خدارا کوئی نیا خطاب ڈھونڈ لو۔ اتنا بڑا کام ہوا ہے، اُس کے لیے آپ کی B-team cabinet ہے، اُس کو بولو کہ کوئی اچھا نام لے آئے، کوئی اچھا سا لقب لے آئے۔ چونکہ پاکستان تو الحمد للہ دنیا کے بہترین ملکوں میں سے چل رہا ہے۔ میں مبارک باد دوں گا، اچھی حرکت ہے لیکن حکومت کو مبارک باد کے ساتھ یہ بھی بتاتا چلوں کہ اب پیٹرول کی قیمتیں بھی کم کرنی ہیں۔ اب یہ جو لیوی میوی اور پیٹرولیم لیویاں، جو عوام کی جیبوں پر اس جنگ میں ہماری ریاستِ پاکستان نے ڈالی ہیں۔ جناب چیئرمین! انہوں نے تو بڑی خوشی خوشی صلح کروالی لیکن جو جنگ کے ایک دن کے بعد سو اور دو سو روپے قیمت بڑھی تھی، کیا آج معاہدے کے ایک دن بعد وہ قیمت کم ہو گی کہ نہیں؟ حسبِ روایات وہ زیادہ ہی ہوتی جائے گی۔

میڈم چیئرمین، ہماری ایک بد قسمتی ہے۔ ادھر ہم نے دیکھے، آپ نے دیکھے، آپ الحمدللہ انسانی حقوق کی داعی رہی ہیں، الحمدللہ جمہوریت کے لیے آپ نے بڑی قربانیاں دیں ہیں۔ آپ سنجیدگی دیکھیں، آپ بجٹ کی تقاریر دیکھیں، کوئی کسی کو زندہ باد کہہ رہا ہے، کوئی کسی کو زندہ باد کہہ رہا ہے، کوئی کسی کو چور کہہ رہا ہے، کوئی کسی کو چور کہہ رہا ہے۔ پاکستان کا سارا نظام آپ لوگوں نے دو تین چہروں کے ارد گرد کر دیا ہے۔ وہ دو تین چہرے جو چیز مانیں تو سب پاکستانی اُن پر چلیں گے۔ وہ دو تین لوگ اگر وہ چیز نہ مانیں تو مسئلے ہوں۔ یہ باقی کے کروڑوں عوام کا کوئی سوچنے والا ہے یا نہیں؟

میڈم چیئرمین، بجٹ پر بات کروں تو I can say it on oath کہ جس طرح مجھے، جس طرح آپ کو، جس طرح ہمارے باقی colleagues کو، media کو، باقی پاکستان کے عوام کو بجٹ کے دن پتا چلا کہ بجٹ کیا ہے، میں لکھ کے دیتا ہوں کہ مسلم لیگ والوں کو بھی اُسی دن پتا چلا ہوگا کہ بجٹ کیا ہے اور اس پر ہم خوش نہ ہوں۔ یہ ادوار آپ نے بھی گزارے ہیں۔ غلطیاں ہوئی ہیں، آج دونوں ایک دوسرے پر انگلیاں اُٹھا رہے ہو، بھائی، کیا ہمارا بجٹ پاکستان میں بنا ہے یا یہ بجٹ IMF نے بنایا ہے؟ آپ اپنا وزیر نہیں بٹھا سکتے ہو تو اپنا بجٹ کیا بنائیں گے۔ آپ کیا بات کرتے ہیں۔

میں نے PDM کے ساتھ دور گزارا ہے۔ ہم پندرہ سال، بیس سال سے مسلم لیگ کو جانتے ہیں، یہ جو وزرا آج بیٹھے ہیں، یہ تو ہم نے مسلم لیگ میں نہیں دیکھے تھے۔ بتایئے نا صاحب۔ محسن نقوی صاحب کو تو میں نے مسلم لیگ میں کبھی نہیں دیکھا۔ اور نگزیب صاحب کو تو میں نے اتنا عرصہ مسلم لیگ میں نہیں دیکھا۔ یہ روایات ہیں۔ یہاں پر آپ کی economy compromised ہے۔ آپ جتنا ہنس لیں، بس حکومت جس کو بھی ملتی ہے وہ بجٹ کے دن مایوس ہوگا، بات ختم کیونکہ جو حکومت دیتا ہے، خوشی خوشی بجٹ اُسی کے لیے بنتا ہے۔

اللہ کا شکر ہے کہ videos پھر ہمیں نہیں بنانی پڑتیں۔ ہم لوگ الحمداللہ قید گزارتے ہیں۔ ہماری تاریخ ہے، میرے پڑدادا نے چالیس سال قید گزاری ہے، میرے دادا نے پندرہ سال قید گزاری ہے۔ میرے والد جو، ادھر اُن کے colleagues بیٹھے ہیں، اُن کے ساتھ جو کچھ ہوا ہے، اس جمہوریت کی خاطر۔ کل پھر بھی ہمیں امید تھی، PDM تھی، ان لوگوں کے دھوکے تھے، تو ہم سمجھ رہے تھے کہ ہم مل کے عوام کے لیے آواز اٹھائیں گے اور جو پاکستان کے آئین کی عکاسی ہے کہ یہاں پر طاقت عوام کی ہوگی، ہم وہ کریں گے لیکن بیچ میں ہم سب کی کمر پر چھری گھونپی گئی۔ آج ہم کس سے امید کریں؟ آج سب compromised ہیں۔ آپ لوگوں کے ساتھ میں اُٹھنے کو تیار ہوں۔ جو ایک سو سولہ ارب روپے پختونخوا کے حوالے کر دیے ہیں، اُس پر ذرا بات کریں۔

ادھر بجٹ پاکستان کی تصویر کی عکاسی ہے۔ ہم ہر سال یہ کرتے رہیں گے، ڈرامے بنیں گے، اُس کا مذاق اڑاؤ، اِس کا مذاق اڑاؤ، وہ چور ہے، یہ چور ہے۔ بابا، عوام کو یہ نہیں چاہیے، عوام کو اپنا حق چاہیے۔ کیا عوام کی قسمت میں صرف taxes آئیں گے؟ So, I as president Awami National Party, rise to oppose this budget not as a routine exercise but as a duty to the people of this Federation. یہ بجٹ پاکستان کی عکاسی ہے کہ اس ملک میں مزے کس نے کرنے ہیں، اس ملک میں protocols کس کو ملنے ہیں، اس ملک میں تنخواہیں کس کی بڑھنی ہیں، اس ملک میں بڑی خوشی سے بولا گیا کہ اٹھارہ فیصد increase کس کا ہونا ہے اور اس ملک میں نچوڑا کس کو جانا ہے۔

ہمیں پورے بجٹ میں بتائیں، جو ہمارے بڑے عزت دار حکومتی لوگ ہیں لیکن بجٹ بنانا اب ان کی ذمہ داری ہے، مجھے بتایا جائے کہ اس بجٹ میں قرض اور tax کے علاوہ پاکستان کے پاس کیا ہے کہ وہ کمائے اور وہ اپنے لوگوں پر لگائے۔ ہمارا maximum بجٹ قرض کے سود کی ادائیگی پر لگ رہا ہے، پورے بجٹ میں مجھے دکھائیں کہ قرض کم کرنے کا کوئی طریقہ نکالا ہے کہ نہیں۔ وہ چور ہے، یہ ڈاکو ہے، میرا والا اچھا ہے اور تمھارے والا برا ہے۔

(مداخلت)

سینیٹر ایمل ولی خان: مجھے سب کا پتا ہے۔ الحمد للہ ہمیں سب کا پتا ہے۔ تو یہ باتیں نہ کریں۔ آپ کل اِدھر بیٹھ کر اُن کو چور کہتے تھے، یہ آج یہاں بیٹھ کر آپ کو چور کہہ رہے ہیں تو یہ چلتا رہے گا اور یہ چلانے والے لوگ ہیں۔

(مداخلت)

سینیٹر ایمل ولی خان: آپ چلاتے نا۔ لیکن یہ چلانے والے ہیں اور جو چلا رہے ہیں وہ اُدھر بھی چلا رہے ہیں اور اِدھر بھی چلا رہے ہیں۔ یہ افسوس کی بات ہے۔ خدمت کس کی ہو رہی ہے؟ جن لوگوں نے elections جتوائے ہیں۔ صاف بات ہے، واضح بات ہے۔ اگر یہ elections عوام کی وجہ سے جیتے ہوتے، اگر یہاں پر عوام کی leadership ہوتی تو جن کے خلاف کل یا پرسوں videos بنا رہے تھے تو آج اُدھر بیٹھ کر اُن کو اٹھارہ فیصد مراعات یا پیسے زیادہ نہ کرتے۔ میڈم چیئر مین! یہ ہماری بدقسمتی ہے۔ (جاری-----T20)

سینیٹر ایمل ولی خان: ( جاری۔۔۔) ہماری بدقسمتی ہے میڈم چیئرپرسن صاحبہ! یہ بجٹ this budget is nothing new میں نے پاکستان میں جتنی عمر گزاری ہے آپ ہر بجٹ دیکھیں بہت ہلکے پھلکے minor tweaks ہوں گے باقی بجٹ وہی ہے۔اس بجٹ میں غریب عوام کا کیا ہوا ہے؟ کب ہوا ہے؟ کس سال ہوا ہے؟ کس سن میں ہوا ہے؟ کس کے دور میں ہوا ہے؟ عمران کے دور میں ہوا ہے؟ نواز شریف کے دور میں ہوا ہے؟ شہباز شریف کے دور میں ہوا ہے؟ کس دور میں ہوا ہے؟ dictatorship کے دور میں ہوا ہے؟ ایک وہ بجٹ مجھے دکھائیں جو عوام کے لیے بنا ہو۔ تارڑ صاحب! آپ فکر کریں، کسی دن ایک عورت سے آپ کا سامنا ہوگا اور وہ عورت آپ کی استاد تھی۔ یاد رکھیں کہ ایک دن اس کا سامنا ہوگا باقی چھوڑ دیں، عوام کی خدمت تو ماشاء اللہ آپ سے زیادہ کون کر سکتا ہے۔آپ بیٹھے ہی عوام کی خدمت کے لیے ہیں لیکن اس کا نام میں بھول گیا بڑی مشہور، سپریم کورٹ کی میڈم عاصمہ جہانگیر ایک دن آپ کے سامنے ضرور کھڑی ہوں گی، تارڑ صاحب آپ کو عاصمہ جہانگیر بی بی کو جواب دہ ہونا پڑے گا۔ شاید اسی دن، کچھ چیزیں ادھر بھی چھوڑ دو ناں۔ یہاں پر کھلواڑ ہو گیا ہے اب وہ نہیں ہیں تو آگے کریں گی کہ ہمارے شاگردوں نے کیا کیا ہے۔ بجٹ عکاسی ہے، یہاں پر پختونخوا کا حق کھایا جا رہا ہے، سندھ کا حق کھایا جا رہا ہے، بلوچستان کا حق کھایا جا رہا ہے، جنوبی پنجاب کا حق کھایا جا رہا ہے، پنجاب کا حق کھایا جا رہا ہے اور دفاع کی خدمت ہو رہی ہے۔

آپ حکومت میں بیٹھ کر صوبائی خودمختاری کو احسان کیوں سمجھتے ہیں؟ احسان نہیں ہے، یہ آئینی تقاضا ہے، بدقسمتی سے پچھلے دنوں وزیراعظم اور تمام وزراء بیٹھ کر آئین کی خلاف ورزی کرتے ہیں $18^{th}$ Amendment کی خلاف ورزی کرتے ہیں۔ یہ نظام آپ نے چلانا ہے، اسی طرح چلانا ہے، تو سو بسم اللہ، چلے گا۔ مجھے بھی پتا ہے، آپ کو بھی پتا ہے day one سے یہی ہے 15 فیصد لوگ مزے کریں گے، مراعات میں پڑیں گے، 85 فیصد لوگوں کو نہیں چھوڑا جائے گا۔ کبھی آپ نہیں چھوڑیں گے، کبھی یہ نہیں چھوڑیں گے۔ ہم الحمدللہ کبھی اس طرف، ہماری اتنی حیثیت ہی نہیں کہ ہم ادھر بیٹھیں۔جو بیٹھتے ہیں، انہی میں ہمت کافی ہے، بس نہ نچوڑی جاؤ، نہ نچوڑی جاؤ۔ پتا چلے گا کب تک یہ قوم نچوڑی جا سکتی ہے اور قوم بھی ہماری سوئی ہوئی قوم ہے۔ حق ملتا ہے تو کشمیر کو ملتا ہے۔ کیوں؟ کیونکہ وہ نکلتے ہیں، وہ اپنے حق کے لیے پوچھتے ہیں، ادھر بجلی آج بھی تین روپے ہے۔ کیوں؟ بجلی بنا رہے ہیں تو پختونخوا کیا کر رہا ہے؟ پختونخوا جو بجلی بنا رہا ہے اور جس میں سب دبائے جا رہے ہوتے ہیں۔آپ عوام کی خدمت کر رہے ہیں آپ نے AGN Kazi formula کے تحت پختونخوا کو کب کیا دیا؟

آج ہمارے اپنے پھنے بیٹھے ہوئے مجھے بتائیں کہ تین سال میں، جب ادھر ان کی حکومت تھی تو پختونخوا کو کیا دیا؟

(مداخلت)

سینیٹر ایمل ولی خان: ادھر تو آپ کی ہے۔ وفاق میں آپ ہیں یا کوئی اور ہے؟ شہباز شریف صاحب آپ کے ہیں؟ میرے خیال میں نہیں ہیں آپ کے۔ میرے خیال میں آپ کا نہیں ہے۔ پیسے وہ وفاق نے دینے ہیں،AGN Kazi formula وفاق۔۔۔ نہیں، ان کو سمجھائیں ناں۔

میڈم پریذائیڈنگ آفیسر: سینیٹر ایمل ولی خان صاحب چھوڑ دیں نا۔آپ تقریر کریں۔

سینیٹر ایمل ولی خان: ان کو شوق ہے ناں۔AGN Kazi formulaکے پیسے وفاق نے دینے ہیں18th Amendment پر عمل وفاق نے کرنا ہے۔devolution of power وفاق نے کرنا ہے۔ایک طرف آپ کہتے ہیں کہ ہمارے پاس پیسے نہیں ہیں، دوسری طرف ادارے بھی دبائی رکھو، دبائی رکھو۔ بھائی! 18th Amendment کے بعد یہ ادارے منتقل کرو، ختم کرو۔ وفاق میںhealth کیا کر رہی ہے؟Education کیا کر رہی ہے؟ یہ باقی چیزیں کیا کر رہی ہیں؟ پانچ وزارتیں رکھو، ملک کی حالت دیکھو۔قرضے لے رہے ہیں taxes بڑھا رہے ہیں اور وزیروں کی فوج دیکھو۔ ایک ایک کام جس میں کوئی power نہیں ہے، دو دو وزیر ہیں۔اختیار ایک کے پاس بھی نہیں ہے۔اداروں میں کیا ہو رہا ہے؟ میڈم! صرف تنقید پر کام نہیں ہوگا۔ میں یہ بھی سمجھتا ہوں کہ صرف تنقید سے پاکستان نہیں بڑھ سکتا۔ میڈم! آپ کو بھی پتا ہے، ہمیں بھی پتا ہے کہ یہ تقریر بھی محض ایک تقریر ہی ہے۔اس سے نہ کچھ بدلے گا، نہ کسی کو حیا، وہ جو میرے چچا خواجہ آصف صاحب کہتے تھے، آج وہی میرا دل کر رہا ہے کہ کہہ دوں کہ نہ کسی کو حیا،آنی ہے، نہ کسی کو شرم آنی ہے، نہ کسی کو غیرت آنی ہے، نہ جمہوریت جاگے گی، نہ عوام کی سوچ جاگے گی۔ یہ صرف محض تقریریں ہیںIMF سے تیار شدہ بجٹ آیا ہے۔اس میں اتنی changes آپ نہیں کر سکتے،وہ کامیاب ہوگا، پھر بدقسمتی سے پاکستان کا بجٹ بھی ہے جو ہمارا ایک contract ہے، this is a social contract یہ ایک دو تین نہیں ہے۔ یہ ریاست کا اپنے عوام کے ساتھ ، ماں باپ کا اپنے بچوں کے ساتھ ،آنے والے سال کا ایک social contract ہے۔ اس contract سے ہی پتا چل رہا ہے کہ ریاست سوتیلی ہے۔اس contract سے ہی پتا چل رہا ہے کہ ماں باپ دونوں سوتیلے ہیں۔ وہ ان کے بھی نہیں ہیں، بچاروں کے۔اب وہ کسی اور کے ہیں۔ یہ contract عکاسی کرتا ہے کہ پاکستان کا system یہی ہے۔

میڈم !انگریز آیا، انگریز نے ایک نظام بنایا، ایک پرائے وطن میں پرائی قوم کو کنٹرول کرنے کے لیے نظام بنایا۔ DC کے دفتر میں چوکیدار بٹھائے، Commissioner کے دفتر میں باقی طریقوں سے ہم نے انگریز سے توآزادی حاصل کر لی لیکن ہم آج تک انگریز کے اس چوکیدار سے آزاد نہیں ہوئے۔ DC کا office آج بھی عوام کا office نہیں ہے بلکہ DC کا office اس controlled regime کا بنیادی چوکیداری دفتر ہے۔اس regime کے خلاف کوئی بات کرے گا DC صاحب اٹھ کر انگریز کے زمانے کا قانون لگائے گا، چار مہینے کے لیے قید کر دیا، دو مہینے کے لیے قید کر دیا۔آپ کے Police Rules ابھی تک انگریز کے چل رہے ہیں اور پھر سرکاری ملازمین کا اتنا بڑا بھوت ہے، جو کام نہ کرنے کی تنخواہ لیتے ہیں اور کام کرنے کی رشوت لیتے ہیں۔ اس ماحول میں جہاں آپ غریب کو، ہاری کو، مزدور کو، تنخواہ دار کو، چھوٹے روزگار والے کو دبوچ رہے ہیں۔آپ پھر بھی بڑی مچھلیوں کو کچھ نہیں کہہ سکیں گے۔ ایک سو چالیس کاروبار ہے، اُس کو آپ tax کے اندر کیوں نہیں لاتے ؟ ہر کوئی بات کرتا ہے میڈم چیئرپرسن ! اسلام، اسلام، کوئی کیا، کوئی کیا اور اگر حافظ ہو تو وہ تو اور سمجھتا ہے۔ اسلام میں تو چھپے ہوئے پیسے ہیں نہیں۔ میں نہیں کہتا، اسلام کہتا ہے۔ جو کھلے پیسوں میں ہو رہا ہے، وہ تو ٹھیک ہے لیکن وہ جو چھپے ہوئے پیسوں کا ہے، کیا اسلام اس کی اجازت دیتا ہے ؟میں اپنے بھائیوں سے پوچھ لوں گا، جو مذہبی نظریات پر سیاست، جمہوریت کر رہے ہیں کہ مجھے بتایا جائے کہ خلفائے راشدین کے وقت میں یا اسلام کی جو عکاسی ہے، اُس میں سرکار کا پیسا کس طرح چلنا چاہیے، کیا ہونا چاہیے ؟ کیا نہیں ہونا چاہیے ؟ کس کو کتنے چھپے ہوئے پیسے ملنے چاہیے اور نہیں ملنے چاہیے ؟ ذرا اسلام کی بات کر لیں، ہم جب تک ان بھوتوں کو control نہیں کریں گے تب تک پاکستان ترقی نہیں کرے گا۔

(جاری۔۔۔۔(T- 22)

T22-15Jun2026 Naeem Bhatti/ED Mubashir 4:10 pm

سینیٹر ایمل ولی خان: (جاری۔۔۔۔۔) ہم جب تک ان بھوتوں کو control نہیں کریں گے تب تک پاکستان ترقی نہیں کرے گا۔ میں سمجھتا ہوں کہ اس وقت مسلم لیگ مفلوج ہے، حکومت مفلوج ہے، یہ جو کچھ ہو رہا ہے، یہ نواز شریف کا نظریہ نہیں ہے، یہ نواز شریف کی سوچ نہیں ہے بلکہ نواز شریف تو وہ لیڈر تھا جو کہتا تھا کہ ’جاگ پنجابی جاگ، تیری پگ نوں لگ گیا داغ‘۔ اب نواز شریف کی اپنی پارٹی پگ کو داغ لگا رہی ہے تو کوئی مسئلہ نہیں ہے۔ آج کشمیر کے ساتھ کیا ہو رہا ہے، پختون غدار، بلوچ غدار، سندھی غدار، گلگت بلتستان والے غدار، آج پاکستان کی شہ رگ غدار۔ میں بارہا کہتا ہوں کہ یہ غداری غداری ختم کریں، آپ محب وطن پنجاب پر بہت زیادہ بوجھ ڈال رہے ہو اور اتنا بوجھ ڈال رہے ہو کہ یہ محب

وطن پنجاب برداشت نہیں کر پائے گا۔ آپ اپنی قوم کو اتنی آسانی سے غدار کہہ رہے ہیں۔ اگر ہمیں کوئی یہ کہنا چاہتا ہے کہ ان حرکتوں کے پیچھے ہندوستان ہے، ضرور ہوگا، میں بالکل آپ کی بات مانتا ہوں کہ ضرور ہوگا، انگلی point کرتے ہیں، yes, I will point the finger at you as well لیکن جو باقی انگلیاں اپنی طرف point ہو رہی ہیں، اس پر کبھی سوچا ہے یا نہیں سوچا؟ اگر ہندوستان یہ کر رہا ہے تو کیوں کر رہا ہے، اگر افغانستان کچھ کر رہا ہے تو کیوں کر رہا ہے؟ اگر آپ اس کیوں کے جواب تک پہنچ گئے تو ان شاءاللہ یہ چیزیں نہیں ہوں گی۔ میڈم! اگر آپ کے اپنے بچے بگڑ جائیں تو آپ ان کو غدار نہیں کہیں گے، اگر وہ بگڑ جائیں گے تو آپ کے دشمن انہیں ہاتھوں میں لیں گے، یہ ایک norm ہے، آپ کا دشمن تیار بیٹھا ہے، موقع کی تلاش میں ہے کہ میں کون سا موقع استعمال کروں اور پاکستان کو destabilize کروں، آپ یہ مواقع کیوں دے رہے ہیں؟ آپ بلوچستان میں مواقع دیتے ہیں، سندھ میں آپ مواقع دیتے ہیں، پنجاب میں آپ مواقع دیتے ہیں، خیبر پختونخوا میں آپ مواقع دیتے ہیں، کشمیر میں آپ مواقع دے رہے ہیں۔ تارڑ صاحب! کل رات کو کیا ہوا، ساری زندگی پڑی ہے، آپ ساری زندگی تو حکومت میں نہیں ہوں گے، کل رات کشمیر میں جو کچھ ہوا ہے، اس کا جواب کوئی دے گا یا نہیں دے گا یا پھر ریاست کا یہی کام ہے کہ بندوق اٹھاؤ اور لوگوں کو گولیاں مارو، آواز دباؤ۔

میڈم! سنجیدگی سے کام ہونا چاہیے، I offered extend a hand to PMLN, ہمت کریں، جمہوریت کی خدمت کریں، ہمت کریں، آئین کی خدمت کریں، وردی والوں سے اتنا نہ ڈرو، ہم ان شاءاللہ آپ کے ساتھ کھڑے ہوں گے، جو بھی سختی ہو گی، ایک ساتھ گزاریں گے۔ ہمت کریں اور عوام کی خدمت کریں، ہمت کریں اور وہ آئین اور قوانین لائیں جو عوام کو فائدے دے۔ تارڑ صاحب! آپ نے جس طرح عدلیہ کو قابو کیا، ہمت کریں فوج کو بھی قابو کریں۔ آپ نے جس طرح عدلیہ کی تمام تر چیزیں اپنے ہاتھ میں پکڑ لیں اور اب تارڑ صاحب کی جو بھی مرضی ہو گی عدالتوں میں وہی ہوگا۔ ہمیں بابو وزراء نہیں چاہییں، ہمیں وہ وزراء چاہییں جو عوامی نمائندے ہوں۔ آپ ہمت کریں ہم آپ کے ساتھ کھڑے ہوں گے، ہر حد تک جائیں گے۔

میڈم! یہ بجٹ پاکستانی عوام کے ساتھ، پاکستان کی باشعور قوم کے ساتھ ایک مذاق ہے۔ تنخواہ دار طبقے کے ساتھ، استاد کے ساتھ، طلبہ کے ساتھ، اس قوم کے ساتھ۔ ہم security کی بات کرتے ہیں، ہم defence کی بات کرتے ہیں، کیا defence and security یہی ہے جو ہے کہ barriers ہوں گے، خوف و ہراس ہوگا، نہیں! Defence and security is social defence and

socially هم صرف بندوق سے secure نہیں ہیں، ہم صرف توپ اور ٹینک سے secure نہیں ہیں۔ اگر ہم social security. secure ہوں گے، ہم morally secure ہوں گے، یہاں سکول بنیں گے، یہاں تعلیم کا طریقہ ٹھیک ہو گا، یہاں ہسپتال بنیں گے، یہاں سڑکیں بنیں گے، یہاں لوگوں کو روزگار ملے گا، یہاں کارخانے بنیں گے، یہاں لوگ تجارت کریں گے جو آپ نے بند کی ہوئی ہے تو تب آپ کی social securityآگے بڑھے گی۔ اگر میں آج کے دور میں یہ کہوں کہ میرے پاس ایک ارب نیزے پڑے ہیں تو کیا میں ان نیزوں سے لڑ سکتا ہوں، اگر میں آج کے دور میں یہ کہوں کہ میرے پاس دو کروڑ تلواریں ہیں تو کیا میں ان دو کروڑ تلواروں سے لڑ سکتا ہوں؟اس لیے حکومت کے لیے مشورہ ہے کہ دور بدل گیا ہے، اب انسانی جنگ بہت کم ہو گئی ہے، اب انسانوں کی ضرورت نہیں ہے، اب technology ہے، اب drones ہیں، اب میزائل ہیں، آپ بالکل وہ چیزیں بنائیں لیکن اپنے عوام کے controlکے لیے جو ایک کروڑ تلواریں رکھی ہوئی ہیں، ان کو قابو میں لائیں۔ شکریہ۔

میڈم پریذائیڈنگ آفیسر: شکریہ۔ سینیٹر کامران مرتضٰی صاحب۔

(مداخلت)

سینیٹر اعظم نذیر تارڑ(وفاقی وزیر برائے قانون و انصاف): میڈم! ہمیشہ سے یہی رواج رہا ہے کہ ہم بجٹ آرام سے سنتے ہیں اورwinding up speechمیں یہ ساری باتیں ہوتی ہیں، ورنہ یہ روایت سے روگردانی ہو گی۔ میرے بھائی ہیں، میں ویسے انہیں ابھی lobbyمیں جواب دیتا ہوں۔

(مداخلت)

میڈم پریذائیڈنگ آفیسر: میں نے ابھی بھی request کی ہے۔

سینیٹر اعظم نذیر تارڑ: وقت کو سامنے رکھتے ہوئے، کامران صاحب! winding up speech میں یہ ساری باتیں ہوں گی۔ حالانکہ میں چاہتا تھا کہ عون عباس صاحب نے قیمتوں میں کمی کا جو credit حکومت کو دیا ہے، انہوں نے آلو سستا کروایا، چاول سستا کروایا، ٹماٹر سستے کروائے تو میں نے ان کا شکریہ ادا کرنا تھا، وہ بھی نہیں کیا۔

میڈم پریذائیڈنگ آفیسر: وہ آپ بعد میں کر لیجیے گا۔

Last speaker for today Senator Kamran Murtaza Sahib.

**Senator Kamran Murtaza**

سینیٹر کامران مرتضیٰ: بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ۔ شکریہ، میڈم چیئرپرسن! جب میرے بھائی ایمل بات کر رہے تھے تو مجھے بجٹ کے حوالے جو سمجھ آئی کہ یہ social contract ہے لیکن میں اس سے تھوڑا سا اختلاف کرتا ہوں کہ social contract اس ملک کے شہریوں کے مابین یا صوبوں کے مابین دستور ہے اور اس وقت جب ہم بجٹ پر بات کر رہے ہیں تو دستور کے مطابق آپ نے تین دن میں recommendations دینی ہوتی ہیں۔ تین دنوں کے بعد آپ کے پاس اور آٹھ، دس دنوں کا وقت ہوتا ہے جس میں وہ recommendations final ہوتی ہیں اور پھر اس کے بعد کوئی ان recommendations کے ساتھ agree کرے یا نہ کرے، یہ ایک الگ مسئلہ ہے لیکن اس کے ساتھ ایک اور مسئلہ ہے، تارڑ صاحب بیٹھے ہوئے ہیں، شاید وہ اس بات سے اتفاق کریں کہ even بہت سارے معاملات میں ہمارا تو بجٹ میں اختیار نہیں ہے، ہم صرف recommendations کی حد تک ہی ہیں۔ شاید بہت سارے معاملات میں قومی اسمبلی کا بھی کوئی اختیار نہیں ہے تو جب بے اختیار لوگ بات کرتے ہیں اور جن لوگوں نے ہمیں اس ایوان میں یا ان ایوانوں میں بھجوایا ہے، وہ یہ سمجھتے ہیں کہ شاید ان کی کسی بات کے کرنے سے مسائل حل ہوتے ہیں۔ (جاری------T/22)

T23-15June2026 Tariq/Ed: Waqas. 04.20 pm

سینیٹر کامران مرتضیٰ---(جاری)---شاید قومی اسمبلی کا بھی کوئی اختیار نہیں ہے۔ جب بے اختیار لوگ بات کرتے ہیں اور وہاں جن لوگوں نے ہمیں اس ایوان میں یا ان ایوانوں میں بھجوایا ہے اور وہ سمجھتے ہیں کہ شاید ان کے بات کرنے سے کوئی مسائل حل ہوتے ہیں تو میں تو اپنے بلوچستان کے لوگوں کے لیے یہ پیغام دوں گا کہ ہمارے بات کرنے سے کسی قسم کا کوئی مسئلہ حل نہیں ہوتا۔ بجٹ بننا تھا وہ بن چکا، recommendations آنی ہیں تو make-up کے لیے اتنی تھوڑی سی گنجائش اس بجٹ میں رکھی جاتی ہے تاکہ وہ ہو سکے۔ اختیار ماسوائے recommendations کے اس سینیٹ کا بھی نہیں ہے اور بہت سے معاملات میں قومی اسمبلی کا بھی اختیار نہیں ہے۔ تو جن کا اختیار ہے ان کا ہی اختیار ہے، وہ بااختیار ہیں۔

اس بجٹ میں سب سے زیادہ جو تکلیف دہ بات ہے جو کم از کم مجھے lawکے طالب علم ہونے کے حوالے سے محسوس ہوتی ہے وہ یہ ہے کہ اس مرتبہ بھی یہ بجٹNFCایوارڈ کے بغیر آیا ہے۔ NFC Award پتا نہیں کب سے awaited ہے، عمران خان صاحب کی حکومت تھی تو تب بھی awaited تھا، انہوں نے اس سے ملتی جلتی ایک attempt کی تھی جو آج میرے بھائیوں اور بہن نے بھی شاید مل کر attempt کی ہے اورArticle 160 کا حلیہ بگاڑنے کے لیے اور اسی سے ملتی جلتی ایکattempt عمران خان صاحب نے بھی کی تھی، پھر اسے challenge کیا۔ اسے بلوچستان ہائی کورٹ نے set-aside کر دیا اور پھر وہ Supreme Court matterآیا اور وہاں وہ dump ہو گیا۔ اب خیال یہ تھا کہ law knowingلوگ بیٹھے ہیں تو NFC Awardآ جائے گا اور اس کے بعد آگے proceed کریں گے لیکن NFC Award نہیں آیا۔

یہ تو تکلیف کا ایک پہلو ہے مگر اس کے ساتھ اس کا ایک دوسرا پہلو بھی ہے وہ یہ ہے کہ Article 160 کی بالکل مخاصمت میں آپ لوگوں نے یہ decide کیا کہ آپ لوگ وفاق کو فنڈز دیں گے اپنے ترقیاتی budgets کو cut لگاتے ہوئے، یعنی صوبے اپنے development funds کو کم کرتے ہوئے وہ رقم وفاق کو دیں گے۔ اس کے لیے مجھے جو ایک مثال سمجھ آئی اور میرے ذہن میں آیا کہ جب وفاق یا ماں کی طرح ہے یا باپ کی طرح ہے، جب وفاق اتنا بوڑھا اور بزرگ ہو جاتا ہے، ریٹائر ہو جاتا ہے اور اس کے پاس وسائل نہیں رہتے ہیں پھر اس کے بچے اس طرح سے چندہ کرکے دے رہے ہیں۔ وفاق اگر اتنا ہی بوڑھا، کمزور اور بے بس ہو گیا ہے کہ اسے صوبوں سے چندہ لینا پڑ رہا ہے تو شاید اس وفاق کی سالمیت کے حوالے سے بہت سے سوالات اٹھنے لگ جائیں گے۔ یہ سوالات اسے legitimise نہ کریں، اسے کوئی legal پہلو نہ بنائیں کہ صوبے بھی وفاق کو دے سکتے ہیں، اسے ایسے معنی نہ پہنائیں کہ دستور میں تو ایک بات لکھی ہے، شاید اسی وجہ سے اٹھائیسویں ترمیم کچھ رک گئی ہے یا رک جائے گی مگر اس طرح سے ہم نے اس سے بھی آگے بڑھ کر دستور میں ایک provision کی موجودگی میں اس provision کا مذاق اڑایا، میرا خیال ہے کہ یہ اس سے بھی خطرناک بات ہے کہ دستور میں کچھ اور لکھا ہوا اور آپ کچھ اور کر رہے ہوں اور پھر آپ اسے کوئی اور معنی پہنا رہے ہوں۔ میں نہیں کہتا کہ یہ لوگوں کو بے وقوف بنانے کے لیے ہے لیکن اگر لوگوں کو بے وقوف بنانے کے لیے نہیں ہے تو کم از کم ہم اپنے آپ کو اس میں بے وقوف نہ بنائیں، ہمیں خود پتا ہونا چاہیے کہ دستور میں کیا لکھا ہے، کیسا ہونا چاہیے، کیسا نہیں ہونا چاہیے تو بجٹ کم از کم اس دستوری تقاضے کے بغیر ہے کہ NFC Award نہیں دیا گیا، یہ بجٹ اس آرٹیکل کی مخاصمت میں ہے، اس کی

violation میں ہے، دستور میں کچھ اور لکھا ہوا ہے اور ہم نے اس کے ساتھ کیا کچھ اور ہے۔ اور یہ کس وقت کیا، اس وقت کیا جب صوبوں میں حالات خراب ہیں۔ صوبے آپ کے no go areas بن گئے ہیں۔

میڈم چیئرپرسن! ہم آپ کے پاس بار بار یہ رونا لے کر آتے رہے ہیں کہ بلوچستان آپ سے دور ہو رہا ہے، آپ کم از کم اس پر بات کر لیجیے۔ آپ کو خود بات نہیں کرنی، ہمیں بات کر لینے دیجیے۔ آپ نے اسے کبھی سنجیدہ debate کا حصہ نہیں بنایا۔ اس سنجیدہ debate کا حصہ نہ بنانے کے بعد آج کی تاریخ میں، اس وقت کوئی MPA or MNA جسے آپ کہتے ہیں کہ وہ اس علاقے سے elect ہوا ہے، کیا وہ بھی اپنے علاقے میں جانے کے قابل ہے other than Quetta? اور کوئٹہ میں آپ کے پاس حالات کیا رہ گئے تھے؟ کوئٹہ میں تو red zone کے باہر تک دھماکہ ہوا، یعنی وہ صرف ایک سڑک جو ایک کلومیٹر پر بھی مشتمل نہیں ہے، شاید آدھا کلومیٹر یا پونا کلومیٹر ہو، جنوری فروری کے مہینوں میں صرف اس میں آپ کی writ رہ گئی تھی تو وہ بھی اس کے بعد دھماکہ کرکے ثابت کر دیا گیا کہ اس کے بعد جو خاتون یا بچی جس نے خود کش دھماکہ کیا تھا وہ اندر بھی آسکتی تھی۔ آپ کی تمام کی تمام security ماسوائے ایک دو لوگوں کے ادہر ادہر ہو گئی تھی تو آپ اپنے صوبوں کو اس طرح سے مزید ناراض کر رہے ہیں کہ آپ ان سے وسائل لے رہے ہیں اور جب وسائل بھی لے لیے جائیں گے تو اس کا نتیجہ کیا نکلے گا؟

چلیں شاید 1948 سے پہلے دن سے ہم بلوچستان پر غداری کا الزام ہے، اکثر لوگوں پر لگتا رہا ہے مگر آپ کے آزاد کشمیر میں تو پہلے کسی پر اس طرح کا الزام نہیں لگا۔ آزاد کشمیر میں آپ رابطہ کیا کروائیں گے، آپ نے وہاں پر کتنا خون بہا دیا ہے، آپ کے بچے اگر آپ کی مرضی کے مطابق نہیں چلیں گے تو کیا ان کا خون بہانا جائز ہو جاتا ہے، یہ کام آپ نے بلوچستان میں کیا، یہ کام آپ نے خیبر پختونخوا میں کیا، یہ کام آپ نے آزاد کشمیر میں بھی کر دیا۔ آپ کے تین علاقوں میں کم از کم اس طرح کے حالات پیدا ہو چکے ہیں جہاں آپ کی writ بہت سے علاقوں میں ختم ہو چکی ہے اور جب writ ختم ہو جائے، وہ معیشت اپنے ہاتھ میں لے لیں، آج ہم یہ بھی سن رہے ہیں کہ آپ گوادر کو اپنے ہاتھ میں لینا چاہتے ہیں، ہم یہ بھی سن رہے ہیں کہ وہاں جس چیز سے بھی آمدنی کی توقع ہو گی وہ آپ اپنے ہاتھوں میں لینا چاہ رہے ہیں تو اس کا نتیجہ کیا نکلے۔ کیا آپ لوگوں کے دلوں کو جیت سکیں گے۔

میرے بھائی تارڑ صاحب بیٹھے ہیں۔ جب PDM کی حکومت تھی تو اس دور میں ایک خاتون نے red zone کے باہر دھرنا دیا ہوا تھا۔ ان کے ساتھ اور خواتین اور بچیاں تھیں۔ ہم سب نے وہاں جا کر کوئی commitments کی تھیں، ہم سب نے وہاں جا کر وعدے وعید کیے تھے، ہم نے اس خاتون کو وہاں سے اٹھایا تھا، اسے عزت دی تھی، اسے چادر دی تھی، اسے کہا تھا کہ آپ ہماری بہن اور بچی ہیں، آپ جائیں،

آپ جس مسئلے کی complain کر رہی ہیں اس مسئلے کا حل نکلے گا۔ اب اس کے کئی سالوں کے بعد آپ نے اس مسئلے کا حل ایک کمیشن کی صورت میں نکالا، مجھے پتا ہے کہ آپ نے ایک کمیشن بنا دیا ہے جس میں منظور ملک صاحب ہیں اور ایک Human Rights کی خاتون ہیں۔ آپ نے missing persons کے حوالے سے کمیشن تو بنا دیا مگر کیا جو کمیشن بنایا ہے اس کے اور اس واقع کے دوران جس میں تارڑ صاحب، میں، رانا ثناء اللہ صاحب اور دوسرے بہت سے دوستوں نے وہاں جا کر اس بچی کے ساتھ منت ترلا کیا تھا اور اسے red zone کے باہر سے جہاں پر انہیں washroom تک کی ممانعت تھی، وہ washroom تک نہیں جا سکتی تھیں، انہیں وہاں سے اٹھایا تھا تو اس کے دوران جو وقفہ ہے وہ وقفہ بڑا اہم ہے۔ اس میں ایک طرف تو اس بات کا denial آتا گیا کہ بلوچستان میں کوئی missing persons نہیں ہیں اور آگے کے لیے یہ طریقہ اختیار کیا گیا کہ missing persons کی بجائے چند روز کے بعد لاش آ جاتی ہے۔ کیا یہ حرکت اگر ہم وفاق ہوتے، ہمیں اس پاکستان کا status حاصل ہوتا، میں اور آپ اپنے بچوں کے یعنی جو اس ملک کے citizen ہیں، ان کے ساتھ ہم یہ کرتے اگر کسی نے کوئی جرم کیا ہے تو اس کی قانون کے مطابق سزا ہے۔ میرے اور آپ کے درمیان ایک agreement ہے کہ اگر میں کوئی جرم کروں گا تو مجھے قانون کے مطابق سزا دیں گے، Article 4 اس بابت بڑا clear ہے۔

آگے جاری۔۔۔(T-24)

T24-15Jun2026 Mariam Arshad/Ed:Shakeel 04:30 p.m.

سینیٹر کامران مرتضٰی: (جاری۔۔۔۔) کہ اگر میں کوئی جرم کروں گا تو مجھے قانون کے مطابق سزا دیں گے۔ Article 4 اس پر بہت clear ہے۔ آپ سے بلوچستان کیا مانگتا رہا صرف دو چیزیں ایک اپنا حق حاکمیت اور ایک قانون کے مطابق سلوک کا ہونا۔ کیا آپ نے کبھی آج تک ان 78, 79 years میں، یہ میں اس حکومت کو الزام نہیں دوں گا پوری 80 ,79 ,78 سالوں کا پوری تاریخ اٹھا لیں کبھی بلوچستان کو حق حاکمیت ملا۔ ایک بات اور کبھی ان کے ساتھ قانون کے مطابق یہ نہیں کہ ان کا کوئی اپنا قانون تھا، وہ قانون جو ریاست کا قانون تھا اس کے مطابق ان کے ساتھ deal کیا۔ آپ سب کو جواب معلوم ہے، جواب مجھے بھی معلوم ہے، جواب باہر کے لوگوں کو بھی معلوم ہے تو جب جواب ہم سب کو معلوم ہے تو اس کا مطلب یہ ہے کہ کیا ہم جان بوجھ کر اس ملک کو توڑ رہے ہیں۔ کیا ہم اس ملک سے وفادار نہیں ہیں۔ یہ کون سا طریقہ کار ہے، ایمل صاحب چلے گئے ہیں ان کے دادا کہا کرتے تھے کہ پاکستان ایسی ریاست ہے جیسے کھسروں کے گھر میں کوئی بچہ پیدا ہو جائے اور وہ کھسرا اس کو چوم چوم کر مار دے۔ یہ expected نہیں تھا لیکن یہ آ گیا اب اس کو میں چوم چوم کر مار دوں گا۔ ہم اس ریاست کو چوم چوم کر مار رہے ہیں اور اس چوم چوم کے مارنے میں معلوم نہیں ہے کہ کتنا وقت اور لگے گا۔ یہ بہت زیادہ چومنا اس بچے کا سانس بند کر رہا ہے۔ بہت تعریف کی جاتی ہے کہ

بہت اچھا بجٹ پیش کیا شاید دو سالوں کے مقابلے میں کچھ بہتر کہہ سکتے ہیں مگر کیا اس بجٹ سے پہلے غربت کا تناسب ہر پانچ آدمی سے، پاکستان کی بات کر رہا ہوں بلوچستان کی بعد میں کروں گا۔ بلوچستان کی جب بات کروں گا پھر آپ کے کان کھڑے ہو جائیں گے۔ پہلے پانچ میں سے ایک غریب تھا، ہم اگر پانچ لوگ بیٹھے ہیں تو اس میں ایک غریب تھا پاکستان میں غربت کا یہ ratio تھا۔ آج جس وقت یہ بجٹ آیا ہے غربت کی شرح 29% پر چلی گئی ہے یعنی ہر تین میں سے ایک غریب ہے۔ ماشاءاللہ بجٹ تو اچھا آگیا لیکن غربت تو مزید بڑھ گئی، باقی غریب مر گئے یا کچھ اور ہو گیا اسی طرح سے غربت ختم کرو یا غریب ختم کردو اگر غربت ختم نہیں ہوتی۔ اس کے اوپر مزید تکلیف دہ بات، اس سے بھی زیادہ تکلیف دہ بات جب وہ کہتے ہیں کہ دو اور دو کیا ہوتا ہے، چار روٹیاں۔ میں پھر بلوچستان کی طرف لے آؤں گا۔ بلوچستان میں غربت کا تناسب 47% ہے یعنی ہر دو میں سے ایک غریب۔ جہاں پر ہر دو میں سے ایک غریب ہو گا وہاں پر کیا توقع کریں گے اور آپ کے ہاں غربت کا concept کیا ہے۔ غربت کا concept 8700 something, یعنی 8750 روپے میں آپ اکیلے کھانا نہیں کھا سکتے اگر اسلام آباد میں جائیں۔ جب کوئی اکیلے کھانا نہیں کھا سکتا تو بلوچستان میں غریبوں کی اگر وہاں 1.5 corer or 130 corer آبادی ہے تو اس میں سے باقی لوگوں کو outrightly reject کر دیں۔ وہ بیچارے شاید انسانوں کی category میں بھی fall نہیں کر رہے ہوں گے اور جو انسانوں کی category میں fall نہیں کرتا ان سے آپ یہ expect نہ کریں کہ وہ modern ریاست کے اندر آئیں گے۔

میڈم پریذائیڈنگ آفیسر: بہت شکریہ۔

سینیٹر کامران مرتضٰی: یہ بہت تکلیف دہ بات ہے اور پھر جب آپ تنخواہ بڑھاتے ہیں تو تنخواہ 7% بڑھاتے ہیں۔

میڈم پریذائیڈنگ آفیسر: Wind up کریں۔

سینیٹر کامران مرتضٰی: میں نے تو ابھی بات شروع کی ہے۔

میڈم پریذائیڈنگ آفیسر: پندرہ منٹ ہو گئے ہیں۔

سینیٹر کامران مرتضٰی: میرے علاقے کے لوگ غلطی سے یہ سمجھیں گے کہ یہ ہماری contribution سے budget بنا ہے تو میں کم از کم اس سے علیحدگی کا اعلان کرتا ہوں کہ اس میں ہماری کوئی contribution نہیں ہے لیکن جن کی contribution نظر بھی آتی ہے ان کی بھی کوئی contribution نہیں ہے اور جن کا بجٹ ہے وہ ان کا ہی بجٹ ہے اور ان ہی کے فائدے کے لیے ہے۔ میں اس حوالے سے ایک دو اور باتیں مکمل کر لوں جو 7% تنخواہ بڑھا کر کہ حاتم طائی والا کردار ادا کیا ہے۔ وہ 35000 ,7% تنخواہ والے کے لیے بھی اور 22nd

gradeکے لیے بھی ہے۔ اس کا جب increase %7ہو گا تو صرف3500روپے بڑھے گا یا شاید 4000بڑھ جائے۔ 35000سے40000ہو جائے گااور اس کے بعد دوسرے کے لیے جب آپ جائیں گے تو بات بہت آگے نکل جائے گی۔

میڈم پریذائیڈنگ آفیسر: بہت شکریہ۔

سینیٹر کامران مرتضیٰ: چلیں ٹھیک ہے میں نے بجٹ پر کوئی بات نہیں کی تھی۔

میڈم پریذائیڈنگ آفیسر: 17 minutesمیں آپ نے بجٹ پر کوئی بات نہیں کی، آفرین ہے۔

سینیٹر اعظم نذیر تارڑ: مجھے تکلیف بھی ہوئی جب ہم اپنی مملکت خداداد کے بارے میں بات کرتے ہیں۔ کامران صاحب کے کئی شکوے ہوں گے، میرے سے، آپ سے، اپنے آپ سے بھی ان کو بہت سارے شکوے ہیں۔ یہ expungeکر دیا جائے جو پاکستان کے بارے میں موصوف نےquoteکیا ہے۔ میرے خیال میں ہمیں قومی سطح پر اس طرح کی بات کرنے سے پہلے دس دفعہ سوچنا چاہیے۔ میں بہت ادب سے یہ بات کر رہا ہوں۔ یہ بات ہم سب کے لیے تکلیف دہ ہے۔

Madam Presiding Officer: Thank you. The proceeding of the House is adjourned to meet again on Tuesday, the 16th June, 2026 at 12:30 p.m.

--------------

*[The House was adjourned to meet again on* Tuesday, the 16th June, 2026 at 12:30 p.m.*]*

--------------